آجيان اڄ ڪئي گُلن گڏجي، مِٺي منٺار جي.
سرجهڪائي ٿيا سلامي، سونهن سرور جي اڳيان
جڳ سڄو حيران ٿيو، صورت ڏسي سرڪار جي.
ٿيا مطيعي جن، ملائڪ، حورون، پريون آدمي،
هر زبان تي آ ثنا، عربي سچي سالار جي.
ٿيا نبوت جي مٿان، قربان پروانا لکين،
فرشتن ڀي ڪئي غلامي آ، سخي ڪلتار جي.
ڪوٽ ظلمت جا ڪري ويا، هن سڄي عالم منجهان،
روشني جڳ کي ملي، ٿي مهرباني يار جي.
ڇا تہ منور نور بخشيو، هڪ بشر کي آ خدا،
”چنڊ تارا ڪن ثنا، عالم اجهي آڌار جي.“
مير مرسل بخش ڪر، آهيون گناهن ۾ ٻُڏل،
’ناز‘ محشر ۾ شفا، ٿيندي امي انوار جي.

دين محمد ’سجاڳ‘ پلي
لطيف نگر، عمرڪوٽ

نعت شريف

وٺن سبحان کان انعام عربي صہ ڄام جا عاشق،
وٺن اڪرام تي اڪرام عربي ڄام جا عاشق.
وجهن ڇو تاجدارن جي نگاهون تاج محلن ۾،
رکن فردوس ۾ گهر گام عربي صہ ڄام جا عاشق.
وساريندو نہ وارث پر غلامن کي پياريندو،
پرين پنهنجن هٿن سان جام عربي صہ ڄام جا عاشق.
وٺن ٿا بخت بالا سان خدا جي محب جو هر هر،
قلب ۾ قرب وارو نام عربي صہ ڄام جا عاشق.
برابر حوضِ ڪوثر جا ڀري ساغر پياريندو،
سمون ڏاتر سخا جو ڄام عربي صہ ڄام جا عاشق.
عدو ابليس ڇا تن سان شرارت شر ڪري سگهندو،
پون ٿا پاڪ رب جي سام عربي صہ ڄام جا عاشق.
سجاڳ آهي سگهاري دل سلامت ٿي اطاعت سان،
سلامت صبح توڙي شام عربي صہ ڄام جا عاشق

فهرست

نمبر	عنوان	ليکڪ	صفحو
٠١	نعت	الله بچايو مشتاق آريسر، دين محمد سجاڳ، نم ناز	01
٠٢	ذڪرِ ڪربلا	عبدالڪريم ’ڪريم‘ پلي، معمور يوسفاڻي، ڏاتل خان چنہ	02
	مضمون		
٠٥	يوم شهادت	مخدوم محمد زمان طالب المولىٰ	05
٠٨	شاهہ عبداللطيف ڀٽائيؒ جو ميرپورخاص جي ڀٽ ۾ سير ۽ سفر	معمور يوسفاڻي	08
١٥	پراڻ درياهہ جي مشاهداتي تاريخ	محمد حسن زاهد ڪنيار	15
٢٠	ميرپورخاص جو تعارف	ڊاڪٽر اسد جمال پلي	20
	شاعري		
٢٢	غزل	رضي محمد رضي / اسد جمال پلي	22
٢٣	غزل	حبيب الرحمٰن چوهان	23
٢٣	غزل	نورمحمد نورل ڪنيار	23
٢٣	غزل	اعجاز ياڊيپوٽو	23
٢٤	انب / نظم	فضل الله فدا چانڊيو	24
	ڪهاڻيون		
٢٥	زينان	پروين موسيٰ ميمڻ	25
٢٨	ماڪ ۽نا رستا	مير سجاد اختر ٽالپر	28
٣١	پنهل	محمد قاسم ڪلوئي	31

مسيحا

سنڌي سيڪشن

سرپرست اعليٰ

پروفيسر ڊاڪٽر سيد رضي محمد

نگران

پروفيسر ڊاڪٽر حبيب الرحمٰن چوهان

مرتب:

ڊاڪٽر اسد جمال پلي

چيئرپرسن ايناٽومي ڊپارٽمنٽ

رجسٽرار ابن سينا يونيورسٽي ميرپورخاص

غزل

چراغ شب کو جیسے آندھیاں اچھی نہیں لگتیں
کچھ ایسے ہی ہمیں خوش فہمیاں اچھی نہیں لگتیں
جنہیں سونے کے پنجرے میں غذا مل جائے چاندی کی
انہیں پھر عمر بھر آزادیاں اچھی نہیں لگتیں
وہ جن کے دل میں فصلِ غم نے ڈیرے ڈال رکھے ہوں
انہیں پھولوں پہ بیٹھی تتلیاں اچھی نہیں لگتیں
میرا دل چاہتا ہے یہ انہیں آئینہ دکھلا دوں
وہ جن کو دوسروں کی خوبیاں اچھی نہیں لگتیں

صائم نعمان

بڑی دیر ہوگئی

ہے زندگی کی شام بہت دیر ہوگئی
ساقی عطا ہو جام بہت دیر ہوگئی
اک وقت تھا کے پیتے پلاتے تھے رات دن
چھوڑے ہوئے یہ کام بہت دیر ہوگئی
کیسے بھلاؤں میں تجھے ساحل کے ریت پر
لکھا ہے تیرا نام بہت دیر ہوگئی
میں زندگی پہ کیسے بھروسہ کروں کے کب
ہوجائے اختتام بہت دیر ہوگئی
منظر کہاں سے لائیں شفق کے مزاج کا
ہم کو تو دیکھے شام بہت دیر ہوگئی
خالد بھلادے عہد کو وادوں کو توڑدے
پی جا اٹھا کے جام بہت دیر ہوگئی

خالد نواز راجپوت

محسن نقوی

جیسے پھر ہاتھ میں خوشبو کے خزانے آئے
یاد پھر سے مجھے گزرے وہ زمانے آئے
میرے اپنے بھی مجھے بھول گئے ہیں شاید
ایک مدت سے نہیں دل کو دُکھانے آئے
یوں تو دہلیز پر آجاتی ہیں یادیں لیکن
لوٹ کے پھر نہیں بچپن کے زمانے آئے
اب کے موسم نے بھی احسان کیا ہے مجھ پہ
مجھ سے ملنے کے لیے درد پرانے آئے
خوب رکھا ہے رفاقت کا بھرم اے محسن
کٹ گئے ہاتھ تو پھر ہاتھ ملانے آئے

سمعیہ مقصود

آزاد نظم

چلو آؤ اب موسم کا سرور چکھیں
تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں
تم سے ملنے کی اب کیا جستجو کریں
طبیعت زیادہ خراب ہو تو ڈاکٹر سے رجوع کریں
ہماری چاہت کا کچھ تو خیال کریں
سیرپ کو اچھی طرح ہلا کر استعمال کریں
دل میرا ٹوٹ گیا اٹھی جب اس کی ڈولی
صبح دوپہر شام ایک ایک گولی
دل میرا عشق کرنے پر رضامند رہے گا۔
جمعہ کے دن کلینک بند رہے گا۔

مدثر نوید

آزاد نظم

سجے ہر بار خوشیوں کی یہ محفلیں
ہر خوشی تیری پاسبان رہے
تم زندگی میں اتنا خوش رہو اتنا
کہ ہر خوشی سے تمہاری شان رہے
دردِ غم سے دور رہیں
آپ اور خوشی آپ کی پہچان رہے
میرے دل کی دعا مزمل ہے
کہ سدا رخ پہ ترے مسکان رہے۔
(آمین)

محمد مزمل جاوید

بچپن کی یادیں

امی کی گود اور ابو کے کندھے
نہ روزگار کی سوچ نہ زندگی کے پنگے
نہ کل کی فکر نہ مستقبل کے سپنے
لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اب کل کی ہے فکر اور ادھورے ہیں سپنے
مڑ کر دیکھو تو بہت دور ہیں اپنے
منزلوں کو ڈھونڈتے ہوئے کہاں کھو گئے ہم
کیوں اتنی جلدی بڑے ہو گئے ہم

محمد ارسلان حیدر

غزل

دور تھی منزل سفر اور راستہ اچھا لگا
اور سفر میں ہمسفر سے رابطہ اچھا لگا
اس کا روٹھنا مجھ سے اور خود ہی من جانا
سوچتا ہوں الفت کا یہ سلسلہ اچھا لگا
جو بھی آیا اس کو اپنا ہی صنم سمجھے ہیں ہم
غیر کو اپنا سمجھنے کا مزا اچھا لگا
اس کی الفت کا سدا احمد رہا مجرم مگر
اعترافِ جرم کا یہ تجربہ اچھا لگا

احمد خان عباسی

غزل

اسی امید سے ہوں گر تِرا پیام آئے
پیام بھی اگر آئے تو میرے نام آئے
میں جانتا ہوں، کہ تو مجھ سے خفا ہے لیکن
میں اس امید سے ہوں اب تِرا پیام آئے
مقامِ حشر میں ہو جب ہمارا سامنا
تو بس زبان پہ اے دوست تیرا نام آئے
زندگی بھر یہ تمنا رہی مِری یارو
کہ تیرے ہاتھ سے آئے تو ایک جام آئے
اب تو پیمانے میں گردش نہیں باقی ساقی
عشق کہتا ہے کہ رِندوں میں مرا نام آئے
مِرے ترکش میں ابھی تیر ہیں باقی خاکی
صیاد بھی آئے تو میرے دام میں آئے

ارتضیٰ احمد خاکی

غزل

آج ایسا کمال کر دے تُو
میرا جینا محال کردے تُو
مجھ کو جینے کی آس ئی نہ رہے
زیست کا اک سوال کردے تو
جی بہت چاہتا ہے پینے کو
آنکھ اپنی کو لال کردے تُو
دھوپ چھبتی ہے آنکھ میں میری
زلف بادل مثال کردے تو
کم نہیں کسی معجزے سے جسم تِرا
حسن سے ارتحال کردے تو
نفس جمشید ہے پاکیزہ تیرا
چُھو کے سب کو کمال کردے تُو

رانا جمشید اقبال

گیت

اک نظر دیکھ لے تیرا کیا جائے گا
تیرا چہرا غم دل مٹا جائے گا
تیری زلفوں کا دل یہ دیوانہ ہوا
تیری آنکھوں میں ڈوبا فسانہ ہوا
تیرے بن یہ مِرا دل مَرا جائے گا
اک نظر دیکھ لے تیرا کیا جائے گا
میری خاطر تو مجھ پہ یہ احسان کر
تو مجھ کو کبھی دل کا مہمان کر
تیری دوری کا صدمہ مٹا جائے گا
اک نظر دیکھ لے تیرا کیا جائے گا
تیرا عاشق غمِ دل سے مر جائے گا
دھیرے دھیرے یہ صدمہ گذر جائے گا
اور غم کا اندھیرا بھی چھا جائے گا۔
اک نظر دیکھ لے تیرا کیا جائے گا

فیضان عباسی

تلاش خدا

(آزاد نظم)

گناہوں سے لبریز ہونٹوں سے نکلی یہ دُعا
اے میرے رب کریم تو ہے ذات لا الٰہ
لا الٰہ نکلا تھا اک دن زباں سے
گناہوں کا سمندر بہہ گیا محبت کے طوفاں سے
ہم نے ذاتِ خدا سے ڈرنا سیکھ لیا
ہم نے اپنے نفس سے لڑنا سیکھ لیا
نظر سے اپنی رحمتوں کی برسات دیکھی
اپنے اندر میں نے تیری ذات دیکھی
متلاشی ہوں میں خدا کو تلاش کرتا ہوں
رنگینیوں سے گرد آلود ہوں نور سے خود کو صاف کرتا ہوں
موسیٰ کو کوہِ طور پر اس ذات سے باکلام دیکھا
ملتا ہے جہاں خود کو آدمی مکے میں وہ مقام دیکھا
حسن زندگی محبت خدا کی تھی
خاکی کی سوچ کی یہی انتہا تھی

غزل

عشق کے نام سے ڈر جاتا ہوں
حرفِ بدنام سے ڈر جاتا ہوں
جب بھی جاتا ہوں گھر مِرے صاحب
میں در و بام سے ڈر جاتا ہوں
اور سوچتا رہتا ہوں اک شخص کو میں
اور اک نام سے ڈر جاتا ہوں
میں کہ دریا ہوں مگر رستے کے
دشتِ بے نام سے ڈر جاتا ہوں
لا کے رکھتا ہے میرا ساقی پر
میں کہ اب جام سے ڈر جاتا ہوں
میں چاہتا ہوں ابتسام مگر
عشقِ ناکام سے ڈر جاتا ہوں

رانا ابتسام

بوگس بل بنوایا ہے

سرجن سے تب میڈیکل کا بوگس بل بنوایا ہے
ہم نے اس کے ہاتھ میں پورے سو کا نوٹ تھمایا ہے
کپڑوں میں اس بھڑنے گھس کر ناک میں دم کر رکھا تھا
یہ مت سمجھو ہم نے تم کو ڈسکو ناچ دکھایا ہے
ہم سے بڑھ کر اہل محلہ اس سے فیض اٹھاتے ہیں
ہم نے اپنے گھر میں ٹیلی فون عبث لگوایا ہے
چور ہوئے جب گھر میں داخل ہم نے شور مچایا تھا
اور ہمسائے سمجھے ہم نے انگلش گانا گایا ہے
ہم نے جب نذرانہ دے کر اس کے دل کو موم کیا
دفتر کے چپڑاسی نے تب صاحب سے ملوایا ہے
میڈم نے بازار کو شاید شاپنگ کرنے جانا ہے
اسی لیے میک اپ سے اس نے چہرے کو چمکایا ہے

حافظ محمد یوسف

راجڑ صاحب کے نام کی

یوں تو اور بھی ہیں میرے کالج میں مخلص احباب
پر ایک شخص کو دیکھا ہے ہمیشہ سرسبز و شاداب
جب بھی ملتا ہے اُن سے کوئی آپ جناب
ایسے کھل جاتے ہیں کہ جیسے ہوں کوئی وہ گلاب
میرے اللہ تو اُن کو سلامت رکھنا
تو عطا کر دے انہیں آج وہی آب وہ تاب
وہ رہیں آن ایم ایم سی کی اور کسی ایم کی
بخش دے ان کو تو رحمت بھی بنا کوئی حساب

محمد زاہد سرفراز

غزل

تم جس پہ نظر ڈالو اُس دل کا خدا حافظ
بسمل کا خدا جانے مقتل کا خدا حافظ
آؤ جو تم محفل میں تو آ جاتی ہے جاں اُس میں
اُٹھ جاؤ جو محفل سے تو، محفل کا خدا حافظ
تم سا ہو ہمسفر تو منزل کسے درکار
پیارا ہو ہمسفر تو، منزل کا خدا حافظ

افسر خان

غزل

پھر آج ہوئی بارش
تنہا میں بہت رویا
دیکھا اکیلا مجھ کو
بادل بھی بہت رویا
کیا وہ بھی میری طرح
راتوں کو نہیں سویا
ہاں میری طرح بادل
چیخا ہے اور رویا
کیا وقت یاد کرتا
جب تجھ کو میں نے کھویا
رو رو کے ترے غم میں
دامن کو ہے بھگویا

محمد زاہد سرفراز کاٹھیا

غزل

زندگی کے سفر میں کوئی بھی رستہ نہیں دیتا
زمین واقف نہیں بنتی فلک سایہ نہیں دیتا
خوشی اور دُکھ کے موسم سب کے اپنے اپنے ہوتے ہیں
ہیں کسی کو اپنے حصے کا کوئی لمحہ نہیں دیتا
اُداسی جس کے دل میں ہو اسی کی نیند اڑتی ہے
کسی کو اپنی آنکھوں سے کوئی سپنا نہیں دیتا
اٹھانا خود ہی پڑتا ہے تھکا ٹوٹا بدن اپنا
کہ جب تک سانس چلتی ہے، کوئی کندھا نہیں دیتا

زاہد فخری انتخاب سمعیہ مقصود

اسٹوڈینٹ غزل

آئے اگر اس دشت میں پڑھنا تو پڑے گا
فارما کی سیڑھیوں پر چڑھنا تو پڑے گا
لکھنے ضروری ہوتے ہیں لیکچر یہاں یہ جان لو
گویا کتابیں اور قلم لینا تو پڑے گا
فارما کا پیریڈ ہے، خاصہ یہی ہے اس کا
آئے نہ سمجھ میں پر، سننا تو پڑے گا
کینٹین میں رہنا ہی عادت تمہاری ہے پر
جب شارٹ اٹینڈنس ہو رونا تو پڑے گا
لکھے رضا نے ہیں جو اشعارِ پیتھالوجی
اب اس کا امتحاں بھی دینا تو پڑے گا

علی رضا

غزل

تمھارے گھر میں یہ کل شب قیام کس کا تھا
نہ، گر تھا مہماں تو پھر اہتمام کس کا تھا
وہ جس کو چومتے رہتے تھے تم ہتھیلی پر
ہمیں بتاؤ تو آخر وہ نام کس کا تھا
وہ جس کو سن کے سبھی رو پڑے سرِ محفل
وہ درد ناک سا آخر کلام کس کا تھا
وقار ہوش سے بے ہوش کر گیا ہم کو
وہ ہاتھ کس کا تھا ساقی وہ جام کس کا تھا

حافظ وقار حسین

خام خیالی

آزاد نظم

گر آج تیرے چہرے پہ نقاب ہوتا
تیرا چہرہ بادل میں چھپا آدھا چاند ہوتا
روحانیت ہے تیرے رُخ زیبا میں کچھ ایسی
ہو جاتا تم پہ فِدا گر کسی ایک کا بھی دل پاک ہوتا
تقل کئے دیتے ہیں تیرے یہ کجرارے نین
لکھ دیتا آج ان پر غزل گر میں کوئی سخن ساز ہوتا
کرتا اپنے اشعار میں تیرے حُسن کا چرچا
غزل کے ہر پاک شعر میں تیرے لبوں کو سلام ہوتا
مانگتا تیرے حُسن میں برکت کی دُعا
گر میں کوئی عابد خلوص دل سے ہوتا
سلیمی میرا نصیب بھی آج مجھ پہ رشک کرتا
گر میں اُن کے سر کا لال دوپٹہ ہوتا

عابد اسلم سلیمی

گوشہ نظم و غزل

حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام

1۔ شک کی حالت میں نماز پڑھنے سے یقین کے عالم میں سو جانا بہتر ہے۔
2۔ یہ مت دیکھو کہ کون کہہ رہا ہے، بلکہ یہ دیکھو کہ کیا کہہ رہا ہے۔
3۔ انسان کے تین دوست ہوتے ہیں۔ ایک اس کا اپنا دوست ایک اس کے دوست کا دوست اور ایک اس کے دشمن کا دشمن۔ اسی طرح اس کے دشمن بھی تین ہوتے ہیں۔ ایک اس کا دشمن، ایک اس کے دوست کا دشمن اور ایک اس کے دشمن کا دوست۔
4۔ خاموش رہو یا ایسی بات کہو جو خاموشی سے بہتر ہو۔
5۔ نیکی کرنے سے انسان کی عمر بڑھتی ہے۔
6۔ جو ذرا سی بات پر دوست نہ رہا وہ دوست تھا ہی نہیں۔
7۔ جسے ایسے دوست کی تلاش ہو جس میں کوئی کمی نہ ہو اُسے کبھی دوست نہیں ملے گا۔
8۔ کسی کا عیب تلاش کرنے والے کی مثال اُس مکھی کی طرح ہے جو سارا خوبصورت جسم چھوڑ کر صرف زخم پر ہی بیٹھتی ہے۔
9۔ جس کو تم چاہو اس کو بھی آزمانہ مت کیونکہ اگر وہ بے وفا نکلا تو دل تمہارا ہی ٹوٹے گا۔
10۔ اچھے لوگوں کی ایک خوبی یہ بھی ہوتی ہے کہ انہیں یاد رکھنا نہیں پڑتا وہ یاد رہ جاتے ہیں

محمد صادق دریشک،

طالب خدا

انسان کو جس چیز میں کمال ہوتا ہے اس پر مرتا ہے۔ چنانچہ ھنتر دید کو سانپ پکڑنے میں کمال تھا، اس کو سانپ نے کاٹا وہ مر گیا۔ ارسطوسل کی بیماری میں مرا، افلاطون فالج میں، لقمان سرسام میں اور جالینوس دستوں کے مرض میں حالانکہ یہ بیماریوں کے علاج میں کمال رکھتے تھے۔ اس طرح جس کو جس سے محبت ہوتی ہے اس کے خیال میں جان دیتا ہے۔ قارون مال کی محبت میں مرا مجنوں لیلیٰ کی محبت میں، اسی طرح طالبِ خدا کو خدا طلبی کی بیماری ہے وہ اسی میں فنا ہو جاتا ہے۔

میاں فیض رسول

اسپرین (فارماکالوجی)

اسپرین کو ایسی ٹائل سیل سائیلک ایسڈ (Acetyl salisyalis acid) بھی کہتے ہیں۔ اسپرین نان سیر ائڈل اینٹی انفلا میٹری دوا (NSAIDs) میں شمار ہوتی ہے۔

اسپرین دافع درد دوا ہے۔ جو اکثر معمولی درد اور درد کو فارغ کرنے کے لیے اینٹجیسک طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ اسپرین اینٹی پائیر ٹیک (Anti Pyretic) کے طور پر بخار کو کم کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ دوا درد کو کم کرنے میں بھی بہت مفید ہے۔ اسپرین سوزش سے بچاؤ یعنی اینٹی انفلامیٹری دوا (Anti Inflammtory) ہے اور سوزش کی علامات کو بہت حد تک کم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ اسپرین دل کے امراض میں مبتلا لوگوں میں دل کے حملوں ہسٹروک اور خون کے جمنے کی تشکیل کو روکنے میں مدد کرتی ہے۔ اسپرین کی باقاعدہ خوراک سے دل کے دورے پڑنے اور دل کے ٹیشو کی موت کے خطرے کو بہت حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ جدید تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ اسپرین کینسر کی بعض اقسام، خاص طور پر بڑی آنت کے سرطان کے روک تھام میں بہت مفید ہے۔

مضر صحت اثرات:

اوپر بیان کیے گئے فوائد کے علاوہ اسپرین کے مسلسل استعمال سے مندرجہ ذیل مضرِ صحت اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں۔
چونکہ اسپرین صرف بذریعہ دہن (Arallys) استعمال ہوتی ہے۔ اس لیے یہ معدے میں کئی امراض کو جنم دیتی ہے۔ جن میں سینے کی جلن (Patic ulcer) متلی (Nausea) یا معدے میں گیس شامل ہیں۔

سید گل بادشاہ

کیا وہ پاگل تھا؟

کل شام میں اپنی معمول کی سیر کے لیے پارک میں گیا تو اپنے معمولات سے فارغ ہو کر ایک بینچ پر بیٹھ گیا ابھی مجھے بیٹھے ہوئے چند لمحے ہی ہوئے تھے کہ اچانک میرے کانوں میں شور گونجنے لگا۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو ایک پر تاسف منظر میری آنکھوں کے سامنے لہرا گیا۔ کچھ شرارتی لڑکے ایک بوڑھے شخص پر پتھر برسا رہے تھے۔ جب میں قریب گیا تو میں نے بوڑھے کے منہ سے ایک نعرہ سنا جو اس بوڑھے کو پاگل قرار دینے کے لیے کافی تھا۔ بوڑھا اپنی مستی میں بار بار یہی کہہ جا رہا تھا کہ

"بن کے رہے گا پاکستان"

مجھے اس بوڑھے کے ذہنی اور جسمانی حالت پر رحم آیا اور میں نے بچوں کو ڈانٹ کر بھگا دیا۔ اُس بوڑھے کو ساتھ لے کر میں اس بنچ پر دوبارہ آ بیٹھا اور بوڑھے سے کہا کہ بابا کیا معاملہ ہے؟ پاکستان تو بن گیا ہے آپ کس پاکستان کے بننے کی بات کر رہے ہیں؟

مگر بوڑھا میری بات پر توجہ دیے بغیر ایک ہی بات کا ورد کیے جا رہا تھا "بن کے رہے گا پاکستان" مگر جب میں نے بہت زیادہ استفسار کیا تو بوڑھے نے کربناک انداز میں ہنستے ہوئے کہا کہ "میں پاگل ہوں تم بھی مجھے پتھر مارو اور اپنی راہ لو" مگر میں نے اصرار جاری رکھا کیونکہ میں نے محسوس کر لیا تھا کہ بوڑھے کے اس نعرے کے پیچھے ضرور کوئی کہانی چھپی ہے، آخر کار بوڑھا کھل گیا وہ کہنے لگا کہ میرے والد نے اپنی دو جوان بیٹیاں اور تین بیٹے اس وطن کے حصول کی راہ میں لٹا دیے، میری والدہ ظالم سکھوں کی برچھیوں کی بھینٹ چڑھ گئی اور میرا والد اپنا دھن، دولت اور گھر بار لٹا کر ہجرت کر کے اس پاک سرزمین میں آیا کہ آزاد فضا میں نئے سرے سے زندگی بسر کریں گے مگر یہاں تو ہر کوئی ابتدا سے ہی ملک کو گِدھ کی مانند نوچنے پر تُلا ہوا ہے۔ مفاد پرست سیاستدانوں کے مقابلے میں ایک قائداعظم کیا کرتا اس کو اتنے غم دیے کہ آزادی کے بعد سال بھر بھی زندہ نہ رہ سکے۔ جمہوریت کی بساط لپیٹ کر ایک طرف پھینک دی، آمریت آئی، جاگیر دارانہ نظام ملا، وہ ملک جس کے لیے پورے نوے سال تک بیٹیاں بے آبرو ہوئیں، بچے یتیم ہوئے، عورتیں بیوہ ہوئیں، اس کو دولخت کر دیا گیا محض چند سکوں کے مفاد کی خاطر۔ صوبائی اور نسلی تعصب دیا گیا، فرقہ پرستی ملی، مساجد میں بم دھماکے ہوئے، راہ چلتے لوگوں پر گولیاں برسائی گئیں، ہنگامے، فسادات ہوئے، عورتوں کی عصمتیں لوٹی گئیں، چوری، رشوت، مفاد پرستی غربت کا نہیں غریب کا خاتمہ کیا گیا۔ اسی لیے میں نے بہن اور بھائی قربان کیے کیا یہ پاکستان ہے؟ یہ اسلام کا قلعہ ہے؟ بولو! خاموش کیوں ہو؟ بوڑھے کی آنکھوں سے آنسوؤں کا ایک سمندر بہہ رہا تھا وہ بنچ سے اٹھا اور دوبارہ وہی نعرہ لگاتے ہوئے چلا گیا بن کے رہے گا پاکستان مگر میرے لیے ایک سوال چھوڑ گیا کہ کیا وہ پاگل تھا؟ میں یہی سوال آپ سے کر رہا ہوں کہ کیا وہ واقعی پاگل تھا؟

محمد شہزاد اکرم

ڈیئر محبوبہ

میری ٹماٹر کی طرح خوبصورت محبوبہ تم تو ایسے ناراض ہو گئی جیسے سردیوں میں کریلے ناراض ہو جاتے ہیں، تم تو مانتی ہو کہ تمہاری ناراضی میں میرا چہرہ بے موسمی سبزیوں کی طرح بے رونق اور اداس ہو جاتا ہے تم کو اچھی طرح معلوم ہے کہ میں جب تک تمہاری پوری پودے کی طرح سبز آنکھیں نہ دیکھ لوں میری طبیعت ساگ کے ابال کی طرح ابلتی رہتی ہے۔ میں نے کب سے دیسی ٹینڈے جیسی خوبصورت انگوٹھی بنوائی ہوئی ہے، جو میں تمہاری بھینڈی جیسی انگلی میں پہنانے کے لیے تڑپ رہا ہوں میں تم کو کیسے سمجھاؤں کہ محبوب اور محبوبہ ہری مرچ اور ادرک کی طرح لازم و ملزوم ہیں۔ مگر ایک تم ہو کہ سبزی منڈی کے ریٹ کی طرح ناک چڑھائے رکھتی ہو، کبھی تو پھول گوبھی کی طرح کھلا ہوا چہرہ دکھا دیا کرو ہر وقت بند گوبھی کی طرح منہ بند رکھتی ہو، مانا کہ میرا رنگ بیگن کی طرح کالا ہے مگر میرے دل کے حسین جذبات شلغم کی طرح سفید اور پالک کی طرح ہرے بھرے ہیں اور میرے اندر پیار کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر لہسن کی طرح تمہارے نام سے مہک رہا ہے۔

دیکھو! اپنے پیار کو صرف اور صرف آلو تک محدود رکھو جو ہر کھانے میں آسانی سے دستیاب ہو جاتا ہے۔ اچھا پیاری چقندر اب اجازت دو صبح تڑکے سبزی منڈی مارکیٹ میں جانا ہے۔

محمد شہزاد اکرم

ایک بار ایک شخص نامور مزاح نگار حسین شیرازی صاحب کے پاس آیا اور زار و قطار روتے ہوئے ان کے پاؤں میں گر پڑا اور گڑگڑاتے ہوئے کہا

میری شراب چھڑوا دیں شیرازی صاحب نے شفقت سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا فکر نہ کرو میں دعا کروں گا اس شخص نے اسی طرح روتے ہوئے التجا کی

صرف دعا نہیں کرنی، آپ نے کسٹم والوں سے بات بھی کرنی ہے۔

میں خاصہ اہتمام کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ سمپوزیم اور سیمینار میں خاص دلچسپی لیتے ہیں۔

میری نظر میں رضی صاحب ایک مدبر سر براہ انسٹی ٹیوشن سمجھدار محنتی اور محبت کرنے والے انسان ہیں۔ آپ اپنی خداداد صلاحیتوں کا بہترین استعمال کرتے ہیں۔ رضی صاحب کی اور میں کیا کیا خوبیاں گنواؤں۔ اس کے علاوہ رضی صاحب ایک مصنف بھی ہیں، شاعر بھی ہیں اور ایک بہترین دوست بھی آخر میں یہ ہی کہونگا کہ۔

تیرے حسن کی کیا تعریف کروں
کچھ کہتے ہوئے بھی ڈرتا ہوں
کہیں تو نہ یہ سمجھ بیٹھے کہ میں تجھ سے محبت کرتا ہوں

پروفیسر ڈاکٹر عقیل الرحمن راجپوت

ماں

سلام ہے اس ماں کو اور دنیا کی تمام ماؤں کو جو خود تو زمانے کے سرد و گرم موسم کا سامنا ہنس کر لیتی ہیں لیکن اپنے جگر گوشوں کے لیے ٹھنڈی چھاؤں کا کردار ادا کرتی ہیں۔ بچوں کے لیے ماں کے آنچل سے زیادہ محفوظ پناہ گاہ اس دنیا میں کوئی نہیں جہاں چھپ کر وہ اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا ہے کہ اس کو دنیا کی کوئی تکلیف چھو کر بھی نہیں گزر سکتی۔ دنیا جہان کی تمام چاشنی لفظ ماں میں سما گئی ہے۔ اس رشتے کی سچائی اور معنویت سے انکار ممکن نہیں ہے۔ ماں کی محبت اس کی بے لوث چاہت، پیار اور خلوص دنیا کی انمول دولت ہے۔ اولاد کی خوشی میں خوش ہونا، ان کی ہر تکلیف، دکھ اپنے دل پر محسوس کرنا ماں کا فطری جذبہ ہے۔ یہی اس انمول تصویر کا بھی خوبصورت احساس ہے جو ایک ماں اپنی بے لوث چاہت کا اظہار ہے۔ جو اپنے معذور بچے سے کر کے دکھا رہی ہے۔ اس عمر میں جب خود اس کو پیار اور نگہداشت کی ضرورت ہے پر وہ اپنی بے مثال ممتا سے مجبور ہے جو قدرت کی طرف سے صرف اور صرف ماں ہی کو نصیب ہوتی ہے۔ یہی وہ واحد رشتہ ہے جس سے ہم اپنی ہر بات بلا جھجک کہہ سکتے ہیں۔ شاید اسی محبت اور انسانیت کا ثبوت ہے۔ پرودگارِ عالم کی محبت اور ماں کی محبت کو آپس میں تشبیہ دی گئی ہے۔ حدیث مبارک ہے کہ: اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے ایک ماں سے ستر گناہ زیادہ محبت کرتا ہے)۔

ماں کے رتبے اور مقام کا پتہ اس سے چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تخلیق کا رتبہ اور شرف اپنے بعد صرف ماں کو عطا کیا ہے اور اس کے قدموں کے تلے جنت رکھ دی ہے۔ تاریخ اسلام ایسے عظیم قصوں اور واقعات سے بھری پڑی ہے۔

نپولین کا قول ہے کہ تم مجھے اچھی مائیں دو اور میں تم کو اچھی قوم دوں گا۔ کیونکہ کسی بھی انسان کا کردار اس بات کا ثبوت ہوتا ہے کہ اس کی پرورش اور تربیت کس ماحول میں ہوئی ہے۔ دنیا میں جتنے لوگوں نے عظیم کارنامے سر انجام دیے ہیں ان کے پس پردہ ان کی ماؤں کی پرورش اور تعلیم و تربیت کا انداز تھا۔ ماں ہی وہ ہستی ہے جس کو رب ذوالجلال نے تخلیق کا اعجاز عطا کر کے اپنی صفات سے بہرہ مند فرمایا۔ اس کا وجود محبت کا وہ بیکراں سمندر ہے کہ جس کی وسعت کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا اس کا دل اتنا وسیع ہے کہ سارے زمانے کے دکھ والام بھی سمٹ آئیں تو اس کی وسعت میں فرق نہیں آتا ایک ایسا سائبانِ عافیت جس کی چھاؤں میں کوئی دکھ پریشانی ہمیں چھو نہیں سکتی۔ آج تعلیم یافتہ مہذب معاشرے میں رہنے والے طبقات نہ صرف اسلامی تعلیمات بھول چکے ہیں بلکہ حکم خدا کی نفی کر رہے ہیں۔ ان کو ماں کی وہ مہربانیاں بھی یاد نہیں جو ماں اس وقت کرتی ہے جب انسان اپنی ایک مکھی اڑانے کا بھی متحمل نہیں ہوتا۔ حضرت موسیٰ کی والدہ کی وفات ہو گئی اور جب آپ اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے طور پر چڑھے تو اللہ تعالیٰ نے کہا اے موسیٰ اب تم سنبھل کر آنا تمہاری ماں کا انتقال ہو گیا ہے۔ پہلے جب تم ہمارے پاس آتے تھے تو تمہاری ماں سجدے میں جا کر ہم سے دعا کرتی تھی۔ اے سب جہانوں کے رب میرے بیٹے سے کوئی بھول ہو جائے تو اسے معاف کر دینا۔ ثابت ہوا کہ ماں وہ عظیم ہستی ہے جس کی دعاؤں کی ہم جیسے گناہ گاروں کو ہی نہیں پیغمبروں، انبیاء کرام علیہ السلام کو بھی ضرورت ہوتی ہے۔ جس کے لبوں سے نکلی دعا بارگاہ الٰہی میں شرفِ قبولیت حاصل کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن میں ماں کے ساتھ حسن سلوک کی تلقین فرماتا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے بار بار والدین کی اطاعت کی تلقین فرمائی ہے۔ بلاشبہ والدین انسان کے لیے تحفہ خداوندی ہے۔ نعمت عظیم ہے۔ اگر آج کے دور کا جائزہ لیں تو دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ ہم نے جنت کو اپنے ہاتھوں سے گھروں سے نکال دیا ہے۔ اگر ماں باپ بوڑھے ہو جائیں تو ہم ان کو محفلوں میں لے جانے سے کترانے لگتے ہیں۔ آخر ہمارے معاشرے میں ایدھی ہوم اور اولڈ سینٹر جیسے ادارے کیوں جنم لے رہے ہیں۔ اگر ہم غور کریں تو ہماری تباہی کا اصل سبب ماں کی دعاؤں سے دوری ہے۔ ماں تو وہ ہے جو ہم کو معاشرے کی پتھریلی راہوں پر چلنا سکھاتی ہے۔ ماں محبت سے لبریز رشتہ ہے، ماں کا احترام کریں، ماں کے ہاتھ جب بارگاہِ الٰہی میں جب اُٹھتے ہیں وہ اپنی اولاد کے لیے دعا گو ہوتی ہے اور اس کی کامیابی پر ہمیشہ شاداں ہوتی ہے اور اس کی ناکامی اور تکلیف پر خود بھی اتنی ہی تکلیف محسوس کرتی ہے جیسے اس کا بچہ محسوس کر رہا ہوتا ہے۔

یہی اس تحریر کا ہم سب کو پیغام ہے ہر انسان اپنے دل میں یہ دعا کر رہا ہو گا۔ اے اللہ میری ماں کو سدا شاد رکھنا، ان کا دامن خوشیوں سے آباد رکھنا۔ مفکرین واہل علم ایسے گھروں کو ویرانے سے تشبیہ دیتے ہیں جہاں ماں نہ ہو۔ قلبی سکون اور راحت ماں کی دعا سے حاصل ہوتی ہے۔ جو لوگ ان دعاؤں کی دل سے قدر کرتے ہیں وہی دنیا اور آخرت میں بہترین زندگی بسر کرتے ہیں۔

آخر میں اللہ سے دعا ہے کہ ہماری ماں کو سلامت رکھے۔ کیونکہ ان کا سایہ عافیت ہی ہماری بہتر زندگی کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

اللہ پاک ہم سب کی ماؤں کو سلامت رکھے۔ (آمین) خالد جمال

کسی زمانے میں ایک بادشاہ تھا جس نے دس جنگلی کتے پالے ہوئے تھے، اس کے وزیروں میں سے جب بھی کوئی وزیر غلطی کرتا بادشاہ اسے ان کتوں کے آگے پھنکوا دیتا کتے اس کی بوٹیاں نوچ نوچ کر مار دیتے۔

ایک بار بادشاہ کے ایک خاص وزیر نے بادشاہ کو غلط مشورہ دے دیا۔ بادشاہ نے فیصلہ سنایا کہ وزیر کو کتوں کے آگے پھینک دیا جائے۔ وزیر نے بادشاہ سے التجا کی کہ حضور میں نے دس سال آپ کی خدمت میں دن رات ایک کیے ہیں اور آپ ایک غلطی پر مجھے اتنی بڑی سزا دے رہے ہیں، آپ کا حکم سر آنکھوں پر لیکن میری بے لوث خدمت کے عوض مجھے آپ صرف دس دنوں کی مہلت دیں پھر بلاشبہ مجھے کتوں کے آگے پھنکوا دیں۔

بادشاہ یہ سن کر دس دن کی مہلت دینے پر راضی ہو گیا۔ وزیر وہاں سے سیدھا رکھوالے کے پاس گیا جو ان کتوں کی حفاظت پر مامور تھا اور جا کر کہا مجھے دس دن ان کتوں کے ساتھ گزارنے ہیں اور ان کی مکمل رکھوالی میں کرونگا، رکھوالا اس تقاضے کو سن کر چونکا لیکن پھر اجازت دے دی۔

ان دس دنوں میں وزیر نے کتوں کے کھانے پینے، اوڑھنے، بچھونے، نہلانے تک کے سارے کام نہایت ہی تندہی کے ساتھ سر انجام دیے۔

دس دن مکمل ہوئے بادشاہ نے اپنے پیادوں سے وزیر کو کتوں میں پھینکوایا لیکن وہاں کھڑا ہر شخص اس منظر کو دیکھ کر حیران ہوا کہ آج تک نجانے کتنے ہی وزیران کتوں کے نوچنے سے اپنی جان گنوا بیٹھے آج یہی کتے اس وزیر کے پیروں کو چاٹ رہے ہیں۔

بادشاہ یہ سب دیکھ کر حیران ہوا اور پوچھا کیا ہوا آج ان کتوں کو؟ وزیر نے جواب دیا، بادشاہ سلامت میں آپ کو یہی دکھانا چاہتا تھا میں نے صرف دس دن ان کتوں کی خدمت کی اور یہ میرے ان دس دنوں میں کیے گئے احسانات بھول نہیں پا رہے، اور یہاں اپنی زندگی کے دس سال آپ کی خدمت کرنے میں دن رات ایک کر دیے لیکن آپ نے میری ایک غلطی پر ۔۔۔ میری ساری زندگی کی خدمت گزاری کو پس پشت ڈال دیا۔

بادشاہ کو شدت سے اپنی غلطی کا احساس ہوا، اس نے وزیر کو اٹھوا کر مگرمچھوں کے تالاب میں پھنکوا دیا۔

نوٹ: جب ایم ایم سی کی مینجمنٹ ایک بار فیصلہ کر لے کہ آپ کو لٹکانا ہے تو بس لٹکانا ہے۔۔۔ ہاہاہا۔

طوفان میں دستک (افسانہ)

باہر کے سارے دروازے بند تھے اور اندر ایک ہیجان سا برپا تھا سکون کی تلاش جاری تھی اور ہر ایک کا چہرہ اترا ہوا تھا۔ گھبرایا سا بھی ،شاید کہ وہ کسی بڑے خطرے کے انتظار میں تھے۔ اچانک باہر کے دروازے سے دستک ہوئی اور سب لوگ سراسیمہ سے ہو کر خاموش ہو گئے۔ دستک ہوتی رہی اور لوگ سنتے رہے کیونکہ وہ ڈرے ہوئے تھے۔ باہر کا دروازہ کھولنے پر کہیں کوئی طوفان نہ نازل ہو جائے مگر طوفان کا راستہ کب روکا جاسکتا ہے۔ طوفان نے جب نازل ہونا ہوتا ہے نازل ہو کر رہتا ہے۔ طوفان کا راستہ بدلا جا سکتا ہے، طوفان کو آگے بڑھایا جاسکتا ہے مگر طوفان کو روک لینا اب تک ممکن نہیں ہو سکا۔

دروازے پر دستک تیز ہوتی جارہی تھی اور محسوس ہوتا تھا کہ دروزاہ ٹوٹ جائے گا۔ سارے لوگ خوف و ہراس کے مارے اوپر کی منزل پر جانے لگے اور باہر دستک کی آواز شدید سے شدید تر ہوتی گئی۔ لوگوں کو محسوس ہوا کہ وہ غلط کر رہے ہیں دروازہ کھول ہی دینا چاہئے، مگر دروازہ کھلنے پر مدافعت کی کیا صورت ہوگی۔ اس پر کسی نے غور نہیں کیا تھا۔ گھبراہٹ میں غور کرنے کی فرصت بھی کسے تھی۔ اندر کے ایک جیالے نے دروازے پر آکر پوچھا۔۔۔۔۔۔کون ہے؟

دستک رک گئی مگر کوئی جواب نہیں ملا کیونکہ دروازے پر دستک دینے والا اجنبی تھا اور اجنبی کے پاس شناخت کے لیے کچھ نہ تھا کہ وہ اندر والے کو بتلا سکے کہ وہ کون ہے۔ خاموشی سے تجسس، تحیر اور خوف میں اضافہ کیا مگر اس جیالے کے آگے بڑھنے سے اتنا ہوا تھا کہ اندر کے سارے لوگوں کو کچھ طاقت مل گئی تھی اور وہ بھی اس کے پیچھے پیچھے آکر دروازے کے پاس کھڑے ہو گئے تھے۔

ایک نے کہا "دروازہ کھول دو"

دوسرے نے کہا "سالا کوئی جواب ہی نہیں دیتا۔"

تیسرے نے کہا "ذرا غور کرلو، کوئی آفت نازل نہ ہو جائے۔"

پانچویں نے کہا کہ "کیا ہم سب مل کر آفت کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتے۔ کھول دو دروازہ۔ کیا کرے گا؟ موت برحق ہے۔ موت پر ایمان ہے تو وقت پر آئے گی چھٹے نے کہا "مصلحت بھی کوئی چیز ہے میاں مصلحت سے کام لو۔"

ابھی یہ سرگوشیاں ہو ہی رہی تھیں کہ دستک پھر شروع ہو گئی اور اندر والوں میں سے اس جیالے نے دروازہ کھول دیا۔ باہر کھڑا فقیر اپنا اجنبی چہرہ لئے ہوئے ہاتھ پھیلاتا ہوا اندر کی جانب قدم اٹھانے لگا اور اندر کے لوگ پیچھے ہٹنے لگے۔ فقیر کچھ عجیب شکل و شباہت کا آدمی تھا۔ اس کے چہرے پر ایک عجیب قسم کی کشش تھی وہ بڑا باوقار رعب دار تھا۔ لوگ پیچھے ہٹے اور اس نے انہیں تسلی دی۔ گھبراؤ نہیں، میں بھی انسان ہوں تمہارے ہی جیسا۔ میں تمہارا کچھ لینے نہیں آیا ہوں کچھ دینے آیا ہوں۔ تم بے چین تھے سکون کے لیے راستہ تلاش کر رہے تھے۔ اندر کی دنیا کے سمٹے سمٹائے لوگو تمہیں باہر کی دنیا کی دعوت دینے آیا ہوں۔ چلو میرے ساتھ آگے قدم بڑھاؤ گھبراؤ نہیں، میں تمہاری قیادت کروں گا۔ سارے کے سارے لوگ جو گھبرائے ہوئے تھے ایک سکون کا احساس کرنے لگے مگر شکوک کی منزل ابھی بھی اپنا کام کر رہی تھی۔ مشکوک نگاہیں ابھی ابھی انہیں گھور رہی تھی۔

حافظ محمد یوسف

ڈاکٹر سید رضی محمد صاحب میری نظر میں

1977 میں میرا Appointment بحیثیت Consultant میر پور خاص میں Physician District Hospital ہوا۔ اس وقت یہاں General Medical Prateciner میں دو نام نمایاں تھے۔ ایک ڈاکٹر ڈریگو اور دوسرے ڈاکٹر سید علی محمد جو ریلوے کے ڈاکٹر کے نام سے زیادہ پہچانے جاتے تھے۔ ڈاکٹر سید رضی محمد صاحب ان ہی کے بڑے صاحب زادے ہیں اس سے پہلے میری رضی صاحب سے نا کبھی کوئی ملاقات ہوئی اور نا کبھی ہم نے ایک دوسرے کو کسی محفل میں دیکھا۔

مارچ 2002 میں ایک روز مجھے پروفیسر حسن میمن مرحوم- Ex Principal MMC کی معرفت رضی صاحب کا ایک لیٹر ملا جو میرے بحیثیت پروفیسر آف میڈیسن MMC کے سلسلے میں تھا۔ میں دوسرے دن وہ لیٹر لے کر رضی صاحب کے آفس میں پہنچا اور اپنا تعارف کرایا۔ رضی صاحب اس وقت اپنی کرسی سے کھڑے ہو کر ایک مسکراتے ہوئے چہرے کے ساتھ میرا استقبال کیا اس کے بعد میں اپنی پیشاورانہ مصروفیات میں کام کرنے لگا اس عرصے میں، میں نے رضی صاحب کو ایک Dynamic Personality کا مالک پایا جو ہر وقت اپنے کام کی لگن میں لگے رہتے تھے رضی صاحب دوسروں کی عزت ان کے رتبہ کے لحاظ سے کرنا جانتے ہیں۔ میں نے کبھی ان کے چہرے پر مسکراہٹ کے علاوہ نہ غصہ دیکھا اور نہ ہی مایوسی۔ رضی صاحب حالات کا مقابلہ کرنا جانتے ہیں۔ وہ کالج اور ہسپتال کی ترقی کے سلسلے میں اور کالج کو Recognize کرانے کے لیے اگر صبح میر پور خاص میں ہیں تو شام کراچی میں رات اسلام آباد میں اور دوسری صبح لاہور میں دوپہر ملتان میں اور پھر شام کو واپس میر پور خاص یہ ہی نہیں پھر رات کو Internet پر بیٹھے مختلف موضوعات پر مواد تلاش کرتے رہنا ان کے شغل ہیں۔ باوجود ان کوششوں کے جب PMDC کی ٹیم کالج اور ہسپتال میں کوئی خامی نکال کر چلی جاتی۔ صرف ایک دفعہ وہ انتہائی پُر امید تھے کہ اس سال تو کالج Recognize ہو جائے گا اور وہ نہ ہو سکا تو تھوڑے سے وقفے کے لیے آپ کے چہرے پر اداسی آئی اور پیشانی پر پسینہ بھی آگیا۔ لیکن ہمت نہ ہاری اور پھر کوششوں میں لگ گئے آخر کار کالج Recognize ہو ہی گیا۔ کالج کے لیے اتنی سخت محنت کے با وجود رضی صاحب کبھی بھی اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کو نہیں بھولتے تھے۔ باقاعدہ فائنل ایئر کے لیکچر لینا کلینکل ٹیچنگ کرنا اور بحیثیت سرجن آپریشن شروع کرتے تو لائن لگا دیتے۔

رضی صاحب کی نیچر میں Softness ، سادگی اور محبت، سخت محنت خاص اہمیت کی حامل ہیں۔ آپ کی یہ خوبیاں ظاہر کرتی ہیں کہ آپ کو اپنی والدہ سے بہت محبت ہے اور آپ کی تربیت میں والدہ کا زیادہ ہاتھ ہونے کی دلیل ہے بیگم کے ساتھ آپ کی بہت اچھی Understanding بھی ظاہر ہوتی ہے۔ جو خود بھی شعبہ تعلیم سے تعلق رکھتی ہیں۔ کیوں کہ جب آدمی ہر روز اتنا خوش و خرم اور ہشاس بشاس نظر آئے تو یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ وہ اپنی ازدواجی زندگی سے بہت اچھی طرح مطمئن ہیں۔ کالج اور پیشہ ورانہ مصروفیات اتنی زیادہ ہیں کہ بیگم کو جتنا ٹائم ان کو دینا چاہیے تھا وہ نہ دے سکتے تھے مگر لگتا ہے کہ وہ خاتون صبر و تحمل کا ایک نمونہ ہیں۔ صبر اور برداشت اُن کو ورثے میں ملا ہے اگر معمولی شکایت ہوتی بھی تو اُس کو لبوں تک نہ آنے دیتیں کبھی کبھار مذاق میں یا طنزیہ یہ کہہ دیتیں کہ اس گھر میں کوئی اور بھی ہے جو آپ کا انتظار کرتا ہے۔ کچھ وقت کے لیے آپ کی قربت چاہتا ہے آپ کے منہ سے دو پیار بھرے بول سننا چاہتا ہے تو رضی صاحب کی طرف سے یہ ہی جواب ہوتا کہ بیگم باخدا ہم آپ کے نزدیک رہنا چاہتے ہیں، ہمارا دل بھی چاہتا ہے کہ کچھ وقت آپ کے ساتھ بیٹھ کر وہی جوانی کی پیار بھری باتیں کریں جو ہم بھی کیا کرتے تھے، ہمارا جی چاہتا ہے کہ دنیا بھر کی خوشیاں آپ کی جھولی میں ڈال دیں۔ لیکن ہم اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے غافل بھی تو نہیں رہ سکتے۔

رضی صاحب اسٹوڈینٹس کے لیے مختلف قسم کے پروگرام آرگنائز کرتے رہتے ہیں، مختلف قسم کے کھیل، تقریری مقابلہ محفل میلاد اور یوم حسین کے انعقاد

چند اہم سوالات

- خشک سالی زیادہ تر خطرناک، یا صرف سالی؟
- بیوی کی ڈانٹ زیادہ زوردار ہوتی ہے یا ساس کی؟
- شوہر کی زندگی پہلے ختم ہوتی ہے یا بیوی کی فرمائشیں؟
- آج کل برقع، پردے کے لیے پہنا جاتا ہے یا چہرے کے عیب چھپانے کے لیے؟
- خاتون کو چھیڑنے والے کو زیادہ مار پڑتی ہے یا وکیلوں کو؟
- ماں کی دُعا جنت کی ہوا ہوتی تو ساس کی دُعا کیا کہلائے گی؟
- میاں بیوی گاڑی کے دو پہیے ہوتے ہیں جن میں سے ایک بھی خراب ہو جائے تو گاڑی نہیں چلتی، اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں تو کیا اسے رکشہ "کہا جا سکتا ہے؟
- پولیس والے کے دوستی زیادہ خطرناک ہوتی ہے یا ڈاکٹر کی دشمنی؟
- بندوق کی گولی زیادہ خطرناک ہوتی ہے یا جعلی ڈاکٹر کی؟
- بھوک زیادہ خطرناک ہوتی ہے یا بھوکا انسان؟
- فی زمانہ زیادہ مظلوم کون ہے، غریب یا گدھا؟
- میڈیکل زیادہ مشکل ہے یا میڈیسن؟

حافظ محمد یوسف

سنہری گڑیا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک چھوٹی سی خوب صورت بچی ایک گھر میں اپنی امی کے ساتھ رہتی تھی۔ اس بچی کے بال بہت خوب صورت سنہری رنگ کے تھے۔ اسی لیے بچی کو سب لوگ سنہری گڑیا کہا کرتے تھے۔

ایک دن سنہری گڑیا نے اپنی امی سے کہا میں باہر سیر کرنے جا رہی ہوں آپ کے لیے میں ایک گلدستہ بنا کر لاؤں گی۔ سنہری گڑیا کی امی نے کہا بیٹی! جلدی واپس لوٹ آنا۔۔۔ اور ہاں۔۔۔۔ زیادہ دور نہ جانا۔۔۔ ایسا نہ ہو کہ تم راستہ بھول جاؤ"۔ سنہری گڑیا نے پیار سے اپنی امی کے گلے میں بانہیں ڈال دیں اور بولی "امی جان آپ فکر نہ کریں میں کچھ دیر بعد ہی آجاؤ گی"۔ گھر سے کچھ دور باغ میں پہنچ کر سنہری گڑیا نے رنگ برنگے پھول چننے شروع کر دیئے۔ وہ پھول چن چن کر اپنی ٹوکری میں رکھتے ہوئے آگے بڑھتی گئی سنہری گڑیا پھول چننے میں اس قدر محو تھی کہ وقت گزرنے کا احساس ہی نہ ہوا۔ سنہری گڑیا کافی زیادہ تھک گئی تھی۔ وہ آرام کی غرض سے باغ میں بیٹھ گئی اسے بھوک نے بھی ستانا شروع کر دیا۔ اچانک سنہری گڑیا نے دیکھا کہ باغ کے ایک کونے میں ایک خوب صورت گھر ہے۔ سنہری گڑیا اس گھر کے دروازے تک گئی اور دستک دی، لیکن کافی مرتبہ دستک دینے کے باوجود دروازہ نہ کھلا تو اس نے تالے کے سوراخ سے اندر جھانک کر دیکھا، سنہری گڑیا کو وہاں کوئی نظر نہ آیا۔ سنہری گڑیا نے دروازے کا ہینڈل دبایا تو دروازہ کھل گیا۔ سنہری گڑیا گھر کے اندر داخل ہو گئی۔

گھر کے اندر داخل ہوتے ہی سنہری گڑیا کو بھینی بھینی خوشبو محسوس ہوئی۔ اس نے آگے بڑھ کر دیکھا تو ایک کھانے کی میز پر تین باؤل رکھے تھے۔ ان میں کھانے کی مختلف اشیاء تھیں۔ میز کے گرد تین کرسیاں رکھی تھیں۔ سنہری گڑیا بڑی کرسی پر بیٹھی لیکن وہ اسے پسند نہ آئی کیونکہ یہ بہت ہی سخت تھی۔ پھر درمیانے سائز کی کرسی پر بیٹھی لیکن وہ بھی اسے پسند نہ آئی کیونکہ وہ اتنی نرم تھی کہ سنہری گڑیا اس میں پھنس گئی۔ آخر میں وہ چھوٹی کرسی پر بیٹھی لیکن یہ کیا۔۔ کرسی تو بہت ہی نازک تھی وہ سنہری گڑیا کا وزن نہ سہار سکی اور ٹوٹ گئی۔

سنہری گڑیا نے جلدی آگے بڑھ کر بڑے باؤل میں سے چمچ بھر کر منہ میں رکھا جو اتنا گرم تھا کہ اس کی زبان جلنے لگی۔ سنہری گڑیا نے اس کو چھوڑ کر درمیانے سائز کے باؤل میں سے ایک چمچ لے کر چکھا لیکن اس کا ذائقہ اسے پسند نہ آیا۔ اب اس نے چھوٹے باؤل میں سے دیکھا اس میں بے حد لذیز سوپ تھا۔ سنہری گڑیا نے سوپ کا باؤل اٹھایا اور جلدی جلدی پینے لگی۔ سوپ پینے کے بعد سنہری گڑیا گھر کے دوسرے کمروں میں گئی۔ ایک کمرے میں دو بیڈ تھے۔ سنہری گڑیا نے سوچا بھوک تو ختم ہو گئی اب کچھ دیر آرام کر لینا چاہیے۔ وہ ایک بیڈ پر لیٹ گئی یہ بیڈ بہت زیادہ آرام دہ تھا۔ جلد ہی وہ گہری نیند کی آغوش میں چلی گئی۔

یہ گھر دراصل بھالوؤں کا تھا یہاں ایک چھوٹا بھالو اپنے ابو اور امی کے ساتھ رہتا تھا۔ وہ سیر کرنے باہر گئے ہوئے تھے۔ جب واپس آئے تو انہوں نے دیکھا کہ گھر کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ اندر داخل ہوتے ہی انہیں اندازہ ہو گیا کہ ان کے گھر میں کوئی داخل ہوا ہے۔ وہ اپنے گھر داخل ہونے والے کی تلاش میں جیسے ہی آگے بڑھے تو چھوٹے بھالو کے ابو نے کہا دیکھو میری کرسی اپنی جگہ سے ہٹی ہوئی ہے۔ کسی نے اس پر بیٹھنے کی کوشش کی ہے۔ بھالو کی امی بولیں اور میری کرسی دیکھو۔۔۔۔ اس کا کشن اپنی جگہ سے ہلا ہوا ہے۔

چھوٹے بھالو نے کہا امی۔۔۔ امی! دیکھیں تو میری کرسی تو کسی نے بالکل ہی توڑ دی ہے۔ دوسرے کمرے میں آکر انہوں نے دیکھا کہ سنہری گڑیا چھوٹے بھالو کے بیڈ پر سو رہی ہے۔ وہ تینوں حیران نظروں سے سنہری گڑیا کو دیکھ رہے تھے۔ اور سرگوشیوں میں باتیں کر رہے تھے۔ اتنی دیر میں سنہری گڑیا کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے اپنے اردگرد بھالوؤں کو دیکھا تو گھبرا کر اٹھی اور باہر کی طرف بھاگ گئی۔ کافی دور جا کر اس نے دیکھا تو تینوں بھالو اپنے گھر کے باہر کھڑے اس کو جاتا دیکھ رہے تھے۔

کافی دیر بھٹکنے کے بعد سنہری گڑیا گھر پہنچی تو اس کی امی بے حد پریشان تھیں۔ سنہری گڑیا کو دیکھ کر اس کی امی نے سکون کا سانس لیا اور سرزنش کرتے ہوئے پوچھا تم اتنی دیر تک کہاں تھیں؟۔۔۔ میں کب سے تمہارا انتظار کر رہی ہوں۔

جواب میں سنہری گڑیا نے سب کچھ بتا دیا۔ اس کی امی نے کہا شکر ہے کہ تمہیں گھر کا راستہ مل گیا اور واپس آگئی ہو۔ یاد رکھو آئندہ کبھی گھر سے دور نہ جانا اور نہ ہی کسی کے گھر بغیر اجازت داخل ہونا۔

انم اشرف

دیکھا۔ اس سے پہلے کہ کپتان اسے روکتا، وہ پیاس اور بھوک سے بیتاب ہو کر آگے بڑھا اور اس نے اپنے خنجر سے اس پھل کو الگ کر دیا۔ اس مرتبہ کچھ نہ ہوا۔ تاہم یہ فوراً پیچھے ہٹ گیا اور پھل کو کاٹ دیا ڈرتے ڈرتے اسے چکھا تو اسے بے حد مزیدار پایا۔ دونوں نے اسے بڑے شوق سے کھایا۔ کچھ فاصلے پر ایسا ہی پھل اور موجود تھا۔ اسے بھی کاٹ کر فوراً کھالیا۔ پھل کھا کر حیران کن طور پر ان میں طاقت سی آگئی اور وہ تیزی سے جنگل میں آگے بڑھنے لگے۔ ہمیں ان پہاڑوں تک جانا ہو گا، ان کے اوپر یقیناً آبادی ہو گی۔ کپتان نے امید ظاہر کی۔ سرخ جنگل شام ہوتے ہوتے ختم ہو گیا اور اب وہ ایک کھلی جگہ پر چل رہے تھے۔ میں تو اب ایک قدم بھی نہیں چل سکتا یہ کہہ کر حاتم دھم سے ایک مخروطی ٹیلے کے نیچے بیٹھ گیا۔ کپتان کو بھی ساتھ بیٹھنا پڑا۔ اندھیرا چھاتے ہی دونوں سو گئے وہ چار، پانچ گھنٹے ہی سوئے ہونگے کہ تیز سیٹیوں کی آواز سن کر وہ اُٹھ بیٹھے۔ درخت اور پودوں سے عجیب روشنی نکل رہی تھی اور چاروں جانب سے سیٹیاں سی بج رہی تھیں۔ یہ سلسلہ ساری رات جاری رہا اور وہ دونوں خدا کو یاد کرتے رہے۔ دن نکلتے ہی سیٹیوں کی آواز تھم گئی اور پُر اسرار روشنیاں بھی غائب ہو گئیں۔ اب پھر ہر طرف بھیانک خاموشی چھا گئی۔ وہ دونوں ڈرتے ہوئے آگے بڑھنے لگے۔ ایک جگہ ان کو ٹماٹر جیسے پھل نظر آئے تو انھیں کھا کر خوب سیر ہو کر ناشتہ کیا اور اپنی نامعلوم منزل کی طرف بڑھنے لگے۔ گرمی آج بھی بہت شدید تھی۔ دوپہر کے قریب انھیں ایک شہر کی باقیات نظر آئیں۔ وہ ان ہولناک کھنڈروں میں داخل ہو گئے۔ راستے دیکھ کر ان کے دل پر ہیبت سی طاری ہو گئی ایک جگہ تالاب نظر آیا۔ پانی غیر متوقع طور پر شفاف اور تازہ دکھائی دے رہا تھا۔ میرا خیال ہے کہ ہم باری باری نہالیں" کپتان نے تجویز پیش کی۔ "تم یہاں رکو، میں پہلے اس تالاب میں اترتا ہوں۔ کپتان نے اپنی تلوار نکال کر رکھی۔ جوتے جو جگہ جگہ سے پھٹ چکے تھے، اتارے اور گندے میلے کچیلے کپڑوں سمیت اس تالاب میں چھلانگ لگا دی۔ حاتم ارد گرد کا جائزہ لینے کے لیے آگے بڑھ گیا۔ تقریباً پانچ منٹ بعد ہی کپتان پانی سے شرابور تالاب سے باہر آگیا خوف سے اس کی رنگت پیلی ہو رہی تھی۔ حاتم کے پاس جا کر اس نے اسے کچھ بتانا چاہا مگر خوف سے اس کی قوت گویائی جواب دینے لگی"۔

کپتان، کیا بات ہے؟ کیا دیکھا ہے آپ نے؟ حاتم نے اسے جھنجھوڑتے ہوئے پوچھا۔ کپتان کے حواس بحال ہوئے تو اُس نے کہا۔ تمہیں یقین نہیں آئے گا لڑکے تم سوچو گے کہ شاید میں پاگل ہو گیا ہوں، لیکن خدا کی قسم میں نے ایسا دیکھا ہے۔ یہ کہہ کر کپتان خوف زدہ نگاہوں سے تالاب کی جانب دیکھنے لگا۔ جونہی میں نے غوطہ لگایا تو میں نے تہہ میں کچھ حرکت کی محسوس کی۔ پانی شفاف ہونے کی وجہ سے میں با آسانی دیکھ سکتا تھا۔ میرے دیکھتے ہی دیکھتے تالاب کی تہہ میں دو ہونٹ، ہاں! بہت بڑے ہونٹ نمودار ہوئے اور ایک مہیب غار نما منہ نے مجھے نگلنے کی کوشش کی۔ میرا تیراکی کا تجربہ ہے ورنہ میں ضرور اس عفریت کا شکار ہو جاتا۔ ہماری سلامتی اسی میں ہے کہ ہم یہاں سے جلد نکلیں۔ چنانچہ ان کا پُر اسرار سفر پھر شروع ہو گیا۔ اب پہاڑ انھیں نظر آرہے تھے۔ اچانک انھیں انسانی آوازیں آنے لگیں جیسے قریب ہی کوئی آبادی ہو۔ انسانی آوازیں سن کر ان کی جان میں جان آئی اور وہ بھاگتے ہوئے اسی سمت چل دیے۔ اُنھوں نے اپنے آپ کو ایک بستی میں پایا یہاں بازار اجناس سے بھرے ہوئے تھے، لوگ خرید و فروخت میں مصروف تھے۔ بچے کھیل رہے تھے اور لوہار بھٹی پر کام کر رہا تھا اور چند عورتیں باتوں میں مصروف تھیں مگر یہ سب پتھر کے تھے۔ یوں لگ رہا تھا کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے تک یہ جیتے جاگتے لوگ تھے کہ کسی جادوگر نے انھیں پتھر کا بنا دیا۔ پتھر کے انسان بے جان ہونے کے باوجود زندگی سے بھرپور دکھائی دیتے تھے۔ خوف سے ان کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور وہ دونوں چیخیں مارتے ہوئے وہاں سے بھاگ اُٹھے۔ حیرت کی بات یہ تھی کہ ان بتوں کے قریب سے گزرتے ہوئے انہیں کوئی آواز سنائی نہ دی مگر جوں ہی وہ اس بستی سے نکلے وہی آوازیں پھر شروع ہو گئیں۔

"یہ بھوت ہیں! بھاگو یہاں سے بھاگو لڑکے ورنہ ہم بھی پتھر کے بن جائیں گے" کپتان نے اسے بھاگتے ہوئے خبردار کیا اور ایک گھنے جنگل کی طرف چلے گئے کیونکہ اس جنگل سے گزر کر ہی وہ پہاڑوں تک پہنچ سکتے تھے۔ کپتان کا خیال تھا کہ پہاڑوں کی دوسری جانب مہذب آبادی ہو گی۔ جنگل بھی اس بستی کی طرح آباد تھا۔ شیر نے ہرن کو پکڑ رکھا تھا، ایک جگہ بہت بڑا اژدھا منہ کھولے بیٹھا تھا۔ درختوں پر بندر موجود تھے۔ پرندے درختوں پر حسب معمول بیٹھے تھے مگر سب کے سب پتھر کے تھے۔ یہاں بھی بالکل یہی لگ رہا تھا کہ ابھی ابھی انھیں تراش کر رکھا گیا ہے۔

"ہمیں رات پڑنے سے پہلے پہلے یہاں سے نکلنا ہو گا۔ خبردار کسی کی طرف مت دیکھو۔ بس آگے بڑھتے جاؤ"۔

رات انھوں نے پہاڑوں کے پاس بسر کی خوف سے وہ ساری رات جاگتے رہے۔ صبح ہوتے ہی وہ آگے بڑھے تھکن سے چور شام تک چوٹی پر پہنچ گئے۔

"حاتم میرا خیال ہے کہ اب ہم شیطانی جنگل سے نکل آئے ہیں۔ صبح خدا نے چاہا تو اطمینان سے اتریں گے اور آبادی میں پہنچ جائیں گے کپتان نے نیچے دُور اندھیرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا"۔

رات ہوتے ہی یہ دونوں اطمینان سے سو گئے۔ صبح ہوتے ہی انھوں نے نیچے اترنے کا آغاز کر دیا۔ ٹھہرو مجھے اس شیطان سرزمین کا آخری نظارہ کر لینے دو اتنا کہہ کر کپتان ایک بلند پتھر پر کھڑا ہو کر نیچے دیکھنے لگا۔ پتھر فضا میں اُچھلا اور کپتان سمت لُڑھکتا ہوا نیچے چلا گیا۔ یہ سب کچھ اتنا اچانک ہوا کہ کپتان چیخ تک نہ مار سکا۔ شیطانی سرزمین نے اسے اپنی بھینٹ میں لے لیا تھا۔ حاتم شام تک روتا پیٹتا نیچے وادی میں پہنچ گیا اور لوگوں کو اپنی داستان سنائی۔ ایک بوڑھے نے اس کی داستان سن کر کہا کہ اس ہستی پر خدا کا عذاب نازل ہوا تھا اور تم بہت خوش قسمت ہو کہ وہاں سے بچ نکلے ہو۔ ہاں! میں واقعی بہت خوش قسمت ہوں۔" حاتم نے یہ کہا اور رونے لگ گیا۔

اقوال زریں

- اگر لوگ تم سے متاثر ہو رہے ہیں تو تکبر نہ کرو شکر ادا کرو اپنے رب کا جس نے تمہارے عیب چھپا کر تمہیں لوگوں میں معزز بنا رکھا ہے۔
- برائی کی مثال ایسے ہے، جیسے پہاڑ سے نیچے اترنا، ایک قدم اٹھاؤ تو باقی اٹھتے چلے جاتے ہیں۔
اور اچھائی کی مثال ایسے ہے جیسے پہاڑ پر چڑھنا، ہر قدم پچھلے قدم سے زیادہ مشکل مگر ہر قدم پر بلندی ملتی ہے۔
- کسی کا عیب تلاش کرنے والے کی مثال اس مکھی جیسی ہے جو سارا خوبصورت جسم چھوڑ کر صرف زخم پر ہی بیٹھتی ہے۔
- جاہل کے سامنے عقل کی بات نہ کرو کیونکہ پہلے وہ بحث کرے گا پھر اپنی ہار دیکھ کر دشمن بن جائے گا۔
- سب سے بُرا وقت وہ ہے جب تمھارے غصے کے خوف سے تمہارے والدین اپنی ضرورت اور نصیحت بیان کرنا چھوڑ دیں۔

پتھر کی دنیا

اس خوفناک اور حیران کن داستان کا آغاز 1750ء کو ہوا جب سی کنگ نامی ایک بڑا مال بردار جہاز آسٹریلیا سے امریکہ کے لیے روانہ ہوا اس کنگ نے چونکہ ایک طویل سفر طے کرنا تھا لہذا اس پر تقریباً تین سے چار ماہ کا راشن موجود تھا۔ عملے کی تعداد ساٹھ کے قریب تھی ۔ بحری ڈاکوؤں سے بچاؤ کے لیے اس پر دو دو مار تو ہیں بھی نصب تھیں۔ ٹریور، جہاز کا کپتان انتہائی تجربہ کار بہادر اور بااصول انسان تھا اور اپنے عملے میں ہر دلعزیز بھی۔

ایک ہفتہ بڑے سکون سے گزر گیا۔ ویسے بھی بحر الکاہل میں جس میں سی کنگ رواں تھا، بہت کم طوفان آتے ہیں ۔ مگر دوسرے ہفتے کے چوتھے روز خلاف توقع موسم کے تیور بگڑنا شروع ہو گئے اور شام ہوتے ہی زبر دست موسلا دھار بارش ہو گئی ۔ کپتان کے حکم سے بادبان گرا دیے گئے اور جہاز آہستہ سفر کی طرف روانہ رہا۔ آدھی رات کو زبردست طوفان آیا اور جہاز اپنے راستے سے بھٹک کر کہیں کا کہیں پہنچ گیا۔ صبح ہوئی تو طوفان کا زور ٹوٹ چکا تھا مگر یہ لوگ راستہ بھول چکے تھے۔ کپتان اور اس کے ساتھ اہلکار نقشہ دیکھ کر پریشان ہو رہے تھے اس لیے کہ جس مقام پر سفر کر رہے تھے وہ نقشہ میں کہیں نہیں تھا۔ یہ صورت حال کپتان ٹریور کے لیے بے حد حیران کن تھی۔ اس کے خیال میں وہ بحر الکاہل کے جنوب میں تھے مگر نقشہ اور قطب نما اس کی تردید کر رہے تھے۔ عملے کی تمام تر کوشش کے باوجود جہاز بڑی تیزی سے چٹانوں کی طرف جا رہا تھا۔ کپتان نے حکم دیا کہ جلد سے جلد جہاز کو چھوڑ دیا جائے۔ دو کشتیاں جہاز سے گرائی گئیں اور بڑی پھرتی سے عملہ ان میں منتقل ہو گیا۔ ان کے دیکھتے ہی جہاز ان چٹانوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہو گیا۔ دونوں کشتیاں بھی اس طرف بڑھ رہی تھیں تاہم چپوؤں کی مدد سے بڑی مشکل سے ان کا رخ بدلا گیا۔ مگر فوراً ہی ایک بہت بڑی لہر نے دونوں کو اٹھا لیا۔ یہ ساٹھ بے بس انسان سمندر کی ہولناک لہروں کے رحم و کرم پر تھے۔ کشتیاں آناً فاناً ان کی پہنچ سے دُور نکل گئیں۔

حاتم نامی ایک نوجوان ملاح بھی ان بدنصیب ساٹھ افراد میں شامل تھا۔ بادلوں سے ڈھکے آسمان سے منوں ٹنوں کے حساب سے پانی برس رہا تھا۔ حاتم کے سامنے اس کے کئی ساتھی لہروں کی نذر ہو گئے۔ لہروں سے لڑتے لڑتے اب اس کی طاقت بھی جواب دیتی جا رہی تھی۔ اسے بے اختیار اپنا گھر یاد آ گیا۔ اُسی لمحے اس سے ایک بڑا لکڑی کا شہتیر ٹکرایا۔ یہ فوراً اس سے چمٹ گیا۔ اس کے سرے پر کوئی اور بھی تھا۔ اس نے اپنے آپ کو پوری طاقت سے اس کے ساتھ چمٹا لیا اور گہری سانسیں لینے لگا۔ شہتیر بڑی تیزی سے بہہ رہا تھا۔ حاتم پر تھکاوٹ اتنی غالب ہو گئی کہ اس سے شہتیر کو پکڑے رکھنا مشکل ہونے لگا۔ اس سے پہلے کہ وہ اس سے گر کر پانی میں غرق ہو جاتا اس نے اسے مضبوط ہاتھوں نے تھام لیا۔

"جوان اپنے آپ کو سنبھالو"۔ یہ کپتان کی آواز تھی جو اس کے ساتھ اسی شہتیر سے چمٹا ہوا تھا۔ قدرت ہمیں زندہ رکھنا چاہتی ہے اس لیے اس نے ہمارے لیے یہ سہارا بھیج دیا ہے۔" کپتان نے اس کی ہمت بندھاتے ہوئے کہا۔ پھر آہستہ آہستہ بارش کا طوفان تھم گیا اور سمندر کی لہریں پر سکون ہونے لگیں۔ شام اب رات میں تبدیل ہو رہی تھی۔ ان کے چاروں طرف پانی ہی پانی تھا۔ یہ بڑی تیزی سے کسی نامعلوم منزل کی جانب بڑھ رہے تھے۔" مجھے امید ہے کہ ہمیں جلد ہی کوئی چھوٹا موٹا جزیرہ نظر آ جائے گا۔ کپتان ٹریور نے آہستہ سے کہا۔ شدید سردی سے ان کے دانت بج رہے تھے۔ کپتان اگر حاتم کو ہمت نہ دلاتا تو کب کا ڈوب گیا ہوتا۔ لڑکے تم سو نا مت، نیند کو شکست دو! اگر تم سو گئے تو لڑھک کر سمندر میں جا گرو گے، مجھے ہو سکتا ہے کہ تم سے زیادہ نیند آ رہی ہو۔" کپتان نے اسے گویا حکم دیتے ہوئے کہا۔

آسمان پر اب اکا دُکا بادل چاند سے آنکھ مچولی کھیل رہے تھے۔ سمندر اب بالکل پر سکون تھا۔ ساری رات ان کا سفر جاری رہا۔ صبح سویرے سورج جب بلند ہوا تو انھیں ایک جزیرہ اپنی سمت میں ابھرتا نظر آیا۔ خوشی سے ان کے چہرے دمک اُٹھے۔ "میرا خیال ہے کہ ہم دو گھنٹے تک اس جزیرے تک پہنچ جائیں گے"۔ کپتان نے کہا۔

یہ جزیرہ ایک ہرا بھرا پُر سکون سا علاقہ دکھائی دے رہا تھا۔ ان کی رفتار خاصی سست تھی اس لیے انہیں وہاں تک پہنچنے میں کافی دیر ہو گئی۔ ان کا شہتیر آخر اس جزیرے کی اُبھری چٹانوں سے آ لگا۔ یہ دونوں اتر کر خشکی پر آئے اور تھکن سے نڈھال ہو کر گر پڑے۔

کچھ دیر بعد حاتم نیند میں چلا گیا کپتان نے اسے جھنجھوڑ کر بیدار کیا۔ اُٹھو لڑکے، مجھے یہ جزیرہ آدم خوروں کی آماجگاہ لگتا ہے۔ ہم کو فوراً کوئی اور محفوظ جگہ تلاش کرنی چاہیے۔ دونوں لڑکھڑاتے ہوئے آگے بڑھے ان کے سامنے دو فرلانگ کے فاصلے پر جنگل تھا اور بہت دور سرسبز پہاڑ دکھائی دے رہے تھے۔ "میرا خیال ہے کہ ہم اس وقت بحر الکاہل کے جنوب میں ہیں۔ کپتان نے خود کلامی کرتے ہوئے کہا۔ جزیرے میں خاموشی کا عالم تھا اور وہاں صرف جھاڑیاں تھیں۔

دونوں حیرت کے عالم میں آگے بڑھتے رہے آخر کار ریت کا سلسلہ ختم ہوا اور وہ جنگل میں داخل ہو گئے۔ "ذرا دھیان سے یہ علاقہ آدم خوروں کا مسکن ہو گا۔ یہ تلوار اور خنجر ہے اسے تم رکھ لو"۔ کپتان نے حاتم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

بھوک سے دونوں کا بہت برا حال تھا۔ حاتم کی نظر ایک بیل پر پڑی جس سے انگور جیسے پھل لٹک رہے تھے۔ بھوک سے بیتاب ہو کر اس نے جونہی آگے بڑھ کر انگور اُتارنے چاہے، بیل نے اسے بڑے مضبوطی سے جکڑ لیا۔ شاخیں لوہے کی مضبوط جال کی طرح اس کے جسم میں گھستی چلی جا رہی تھیں۔ اس کے منہ سے چیخیں نکلنے لگیں۔ کپتان نے آگے بڑھ کر پوری طاقت سے تلوار چلائی اور اس کے تنے پر وار کیا۔ دوسرے وار پر شاخوں نے اسے چھوڑ دیا۔ حاتم اوندھے منہ گر پڑا۔ کپتان نے اسے اٹھا کر ایک طرف کیا۔ اب دونوں اس بیل کی طرف پھٹی پھٹی نگاہوں سے دیکھ رہے تھے۔ بیل کے تنے سے خون نکل رہا تھا۔ گاڑھا خون، یوں لگ رہا تھا جیسے کسی جانور کو ذبح کیا گیا ہو۔ بھاگو بھاگو یہاں سے، ہم کسی شیطانی جزیرے میں آ گئے ہیں۔ اس وقت یہ پودوں اور بیلوں سے بچ کر چل رہے تھے۔

کپتان صاحب! میرا تو پہلا سفر ہے۔ آپ ہی بتائیں ہم کہاں ہیں اور یہ کس قسم کا جنگل ہے؟ حاتم نے پہلی بار زبان کھولی۔

"لڑکے میں نے ایسے پودے نہ کبھی دیکھے ہیں اور نہ ہی ان کے بارے میں سنا ہے"۔ کپتان نے جواب دیا۔

انہیں اب اپنے سائے سے بھی خوف محسوس ہو رہا تھا۔ گرمی اور بھوک انہیں بہت بری طرح ستا رہی تھی۔ پیاس سے اب ان کے حلق میں کانٹے سے پڑنے لگے۔ حاتم نے اپنی دائیں جانب ایک بیل میں بڑا سا پھل

ڈرائیور نے پوچھا کدھر جانا ہے صاحب دوسرے موڑ پر اس نے گاڑی ٹھہرائی اور مجھ سے کہا صاحب آپ کو سگریٹ لینے تھے۔۔۔ اس ایرانی ہوٹل سے سستے مل جائیں گے میں فوراً دروازہ کھول کر باہر نکلا گہرے رنگ کی لڑکی نے کہا دو پیکٹ لانا ڈرائیور اس سے مخاطب ہوا تین لے آئیں گے اور اس نے موٹر اسٹارٹ کی اور یہ جا وہ جا۔ میں اگلی سیٹ پر بیٹھا تھا تھوڑی دیر سوچنے کے بعد میں نے اس سے زیر لب کہا "مجھے کہیں بھی نہیں جانا ہے۔۔۔ یہ لو دس روپے۔۔ اس لڑکی کو تم جہاں بھی لے جانا چاہو لے جاؤ وہ بہت خوش ہوا"۔

حافظ محمد یوسف

﴿قصہ سٹی بجانے کا﴾

پروفیسر صاحب انتہائی اہم موضوع پر لیکچر دے رہے تھے، جیسے ہی آپ نے وہائیٹ بورڈ پر کچھ لکھنے کیلئے رخ پلٹا کسی طالب علم نے سیٹی بجائی۔ پروفیسر صاحب نے مڑ کر پوچھا کس نے سیٹی بجائی ہے تو کوئی بھی جواب دینے پر آمادہ نہ ہوا۔ آپ نے قلم بند کر کے جیب میں رکھا اور رجسٹر اٹھا کر چلتے ہوئے کہا؛ میرا لیکچر اپنے اختتام کو پہنچا اور بس آج کیلئے اتنا ہی کافی ہے۔

پھر انہوں نے تھوڑا سا توقف کیا، رجسٹر واپس رکھتے ہوئے کہا، چلو میں آپ کو ایک قصہ سناتا ہوں تاکہ پیریڈ کا وقت بھی پورا ہو جائے۔ کہنے لگے: رات میں نے سونے کی بڑی کوشش کی مگر نیند کوسوں دور تھی سوچا جا کر کار میں پٹرول ڈلوا آتا ہوں تاکہ اس وقت پیدا ہوئی کچھ یکسانیت ختم ہو، سونے کا موڈ بنے اور میں صبح سویرے پیٹرول ڈالوانے کی زحمت سے بھی بچ جاؤں۔ پھر میں نے پیٹرول ڈلوا کر اُسی علاقے میں ہی وقت گزاری کیلئے اِدھر اُدھر ڈرائیونگ شروع کر دی۔ کافی مٹر گشت کے بعد گھر واپسی کے لیے کار موڑی تو میری نظر سڑک کے کنارے کھڑی ایک لڑکی پر پڑی، لگ رہا تھا کسی پارٹی سے واپس آ رہی ہے میں نے کار لے جا کر اس کے پاس روکی اور پوچھا، کیا میں آپ کو آپ کے گھر چھوڑ دوں؟

کہنے لگی: اگر ایسا کر دیں تو بہت مہربانی ہو گی۔ مجھے رات کے اس پہر سواری نہیں مل پا رہی۔ لڑکی اگلی سیٹ پر میرے ساتھ ہی بیٹھ گئی، گفتگو انتہائی مہذب اور سلجھی ہوئی کرتی تھی ہر موضوع پر مکمل عبور اور ملکہ حاصل تھا، گویا علم اور ثقافت کا شاندار امتزاج تھی۔

میں جب اس کے بتائے ہوئے پتے پر اس کے گھر پہنچا تو اس نے اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ وہ بہت سالوں بعد پاکستان آئی ہے اور اس نے یہاں مجھ جیسا باشعور اور نفیس انسان نہیں دیکھا۔ پھر اس نے میرے بارے میں تفصیل پوچھی۔

میں نے اُسے بتایا کہ میں میڈیکل کالج میں پروفیسر ہوں، ایف سی پی ایس ڈاکٹر اور معاشرے کا مفید فرد ہوں۔

میرے میڈیکل کالج کا سن کر اُس نے خوش ہوتے ہوئے کہا، میری آپ سے ایک گزارش ہے۔ میں نے کہا؛ ضرور بتائیے کیا کام ہے۔ کہنے لگی؛ میرا ایک بھائی آپ کے کالج میں پڑھتا ہے، آپ سے گزارش ہے کہ اس کا خیال رکھا کیجئے۔

میں نے کہا یہ تو کوئی بڑی بات نہیں ہے، آپ اس کا نام بتا دیں۔ کہنے لگی، میں اُس کا نام نہیں بتاتی لیکن آپ کو نشانی بتاتی ہوں، آپ اُسے فوراً ہی پہچان جائیں گے۔

میں نے کہا: کیا ہے وہ خاص نشانی، جس سے میں اُسے پہچان لوں گا۔

کہنے لگی: وہ سیٹیاں بجانا بہت پسند کرتا ہے۔

پروفیسر صاحب کا اتنا کہنا تھا کہ کلاس کے ہر طالب علم کی نظر غیر ارادی طور پر اس لڑکے کی طرف اٹھ گئی جس نے سیٹی بجائی تھی۔

پروفیسر صاحب نے اس لڑکے کو مخاطب ہوتے ہوئے کہا، اُٹھ اوئے جانور تو کیا سمجھتا ہے میں نے یہ ایف سی پی ایس کی ڈگری گھاس چرا کر لی ہے کیا؟

تحسین سجاد

﴿ایک دن آپریشن تھیٹر میں﴾

یوں تو ہر انسان کی زندگی میں بہت سے قیمتی یادگار لمحات ہوتے ہیں، جنہیں وہ چاہ کر بھی نہیں بھول سکتا، اور وہ یادگار لمحات اس کے ذہن میں حسین یادیں بن کر ہمیشہ زندہ رہتے ہیں اور ایک ایسا یادگار دن میری زندگی میں بھی آیا یہ 8 مئی 2014ء کا دن تھا، ہم آپریشن تھیٹر گئے وہاں ہمارے قابلِ احترام پروفیسر ڈاکٹر سید رضی محمد موجود تھے انہوں نے ہمیں آپریشن تھیٹر کے قوائد و ضوابط بتائے۔ اور پھر اپنے ساتھ آپریشن کروانے کے لیے ایک لڑکا اور ایک لڑکی کو اجازت دی۔ یہ آپریشن انتڑیوں کا تھا۔ اس میں ہماری کلاس کے دو طالب علم نے حصہ لیا اور کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔ اس کے بعد ایک اور آپریشن کی تیاری شروع ہوئی یہ Appendix کا آپریشن تھا اور اس کے لیے بھی ایک لڑکا اور ایک لڑکی کو چنا تھا۔ لڑکوں میں سے تو میں نے حامی بھری اور لڑکیاں زیادہ تیار ہوئی تو سر نے ٹاس کے ذریعے ایک کو چنا۔ ہماری خوشی کی تو انتہا نہ رہی کیونکہ ہم دونوں کا یہ پہلا موقع تھا کہ ہم کسی بھی آپریشن میں (Assitant) معاون بنے۔

سر رضی نے ہمیں آپریشن کے بارے میں اہم ہدایات دیں اور پھر ہم نے آپریشن کرنے کے قوائد و ضوابط کے مطابق تیاری کی۔ سر رضی نے اللہ کا نام لے کر آپریشن شروع کیا اور ساتھ ساتھ ہمیں سکھاتے اور بتاتے بھی گئے اور سر نے نہایت مہارت سے اور عمدگی سے Appendix نکال دی۔ جو کہ کافی بڑی تھی۔ (stitches) ٹانکے لگانے کے بعد ہم باہر آ گئے اور مریض کو وارڈ میں منتقل کر دیا گیا۔

اس آپریشن سے ہم کو کافی کچھ سیکھنے کو ملا۔ ہم نے شکریہ ادا کیا سر رضی کا کہ انہوں نے ہمیں یہ موقع دیا۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ ہمارے اس ادارے کو دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی دے اور ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔ آمین)

محمد مزمل جاوید

﴿رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے﴾

جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔ (صحیح بخاری 2442)

﴿حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سید نا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ﴾

جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا وہ بدبخت ہے۔ (القول البدیع صفحہ 145، آب کوثر صفحہ 94)

میں پاکستانی ہوں

میں پاکستان ہوں میری حالت کچھ بہتر نہیں ہے۔ میرے لہجے میں میرے مقروض ہیں۔ میرا اک بازو ہی کاٹ دیا گھا۔ کچھ زخم مجھے میرے اپنے بچوں نے دیے۔ چوری، ڈاکے، فرقہ وارانہ فسادات، سیاسی بدعنوانیاں نسلی تعصبات، دھماکے اور خودکش حملے یہ وہ زخم ہیں جو میرے اپنے بچوں نے مجھ کو دیے۔ کون جانتا ہے کہ میری داستان کس قدر دل گداز ہے کون سا دل ہے جو میری زبان بے زبانی کو سمجھ سکتا ہے۔ میرے لب بند ہے مگر میرے دل میں ایک الاؤ ہے کہ اس کی تپش کوئی اہل درد ہی محسوس کر سکتا ہے۔ اس وقت میری حالت دگرگوں ہے۔ میرا ناگفتہ حال ایک شاندار ماضی کا حامل ہے عرصہءِ بعید کی بات ہے کہ اس دنیا میں پیدا ہونے سے قبل کے حالات وواقعات جب بھی میرے ذہن میں آتے ہیں تو مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرا اس کائنات میں پیدا ہونے کا خواب خالق پاکستان کے یقین محکم، عمل پیہم، عظمت کردار، بلندی نظر، پختگی ارادہ، جذبہ حریت و قومیت اور خلوص وایثار کی وجہ سے شرمندہ تعبیر ہوا اور نہ ہندو اور انگریز جیسی دو دھاری تلوار سے بچ نکلنا میرے لیے مشکل تھا لیکن میں خالق پاکستان اور اللہ تعالی کی منشاء سے ان کے درمیان میں سے نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔

اپنوں نے بقول اطہر صدیقی کے کہ:

انسان کی پہچان فقط اس کا وطن ہے

انسان وہی ہے جس کا کوئی اپنا وطن ہے

جب میں وجود میں آیا منافقین کو یہ ناگوار گزرا اور انہوں نے اپنی عیاری سے فسادات کو جنم دینا شروع کر دیا جس میں کئی مسلمان اپنی جانوں کا نظرانہ دیتے ہوئے اپنے خالقِ حقیقی سے جاملے۔ اس کے بعد اک سنہرا دور شروع ہوا جب مجھے شرمندہءِ تعبیر کرنے والے خود میرے حکمراں ہوئے اس وقت ہر کوئی ایک دوسرے کے احساسات کی قدر کو جانتا تھا روپے کی قدر و قیمت نہ تھی بلکہ احساسات کو سمجھا جاتا تھا۔ مگر قائداعظم کی وفات کے بعد اقتدار بدلتے گئے اور اب ایسا لگتا ہے کہ میرا اک تکلیف دہ دور شروع ہو گیا ہے۔ جو بھی آیا اس نے میرے سینے کو زخموں سے بھر دیا اور اپنے مفاد کے لیے استعمال کیا اُن حالات کے باوجود میں ابھی بھی زندہ ہوں اور اپنے ماضی کی حسین یادوں سے اپنے سینے کے زخموں کو سہلانے کی کوشش کر رہا ہوں کہ:

زندگی نام ہے مرمر کے جیے جانے کا۔

میں پاکستان ان کے قرض کے بوجھ میں ڈوبتا جا رہا ہوں، میرے حکمران پُرخلوص نہیں رہے۔ میں کسی اور کا کیا گلہ کروں جب میرے اپنے ہی میرے درپے ہیں۔ یہ میری آپ بیتی ہے ازل سے لے کر ابد تک۔۔۔۔ میں اب تنہا رہ گیا ہوں اور اکثر شب تنہائی میں ماضی کے میں خواب دیکھتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ شاید زندگی نا تمام آرزوؤں کے ہجوم کو کہتے ہیں یا شاید خلوص ووفا کے صلے میں زمانے کی سرد مہری ہی اس کا صحیح مفہوم ہے۔ اس امید پر میں اب تک زندہ ہوں کہ شاید کوئی قائداعظم کی طرح آئے اور مجھے غلامی کی زنجیروں اور سلگتے ہوئے زخموں سے آزاد کرائے۔

میرا ماضی ایک مالِ گداز ہے اور حال اک آہِ نارسا۔

حیات اک مستقل غم کے سوا کچھ بھی نہیں شاید
خوشی بھی یاد آتی ہے تو آنسو بن کر آتی ہے۔

زاہد اقبال

شکاری عورت

میں آج آپ کو چند شکاری عورت کا قصہ سناؤں گا میرا خیال ہے کہ آپ کو بھی کبھی ان سے واسطہ پڑا ہو گا۔

میں کراچی میں تھا اپنی ڈیوٹی سے عام طور پر چھ بجے گھر پہنچ جایا کرتا تھا لیکن اس روز مجھے دیر ہو گئی اس لیے کہ شکاری کی کہانی پر بحث مباحثہ ہوتا رہا۔

میں جب اسٹیشن پر اُترا تو میں نے ایک لڑکی کو دیکھا جو تھرڈ کلاس کمپارٹمنٹ سے نکلی اس کا رنگ گہرا سانولا تھا ناک نقشہ بھی ٹھیک تھا جوان تھی، اس کی چال بڑی انوکھی تھی ایسا لگتا تھا کہ وہ فلم کا منظر نامہ لکھ رہی ہے۔ میں اسٹیشن سے باہر آیا اور پل پر وکٹوریا گاڑی کا انتظار کرنے لگا میں تیز چلنے کا عادی ہوں اس لیے میں دوسرے مسافروں سے بہت پہلے باہر نکل آیا تھا۔ وکٹوریا آئی اور میں اس میں بیٹھ گیا میں نے کو چوان سے کہا کہ آہستہ آہستہ چلے اس لیے کہ فلمستان میں کہانی پر بحث کرتے کرتے میری طبیعت مکدر ہو گئی تھی موسم خوشگوار تھا وکٹوریا والا آہستہ آہستہ پل سے اترنے لگا۔

جب ہم سیدھی سڑک پر پہنچے تو ایک آدمی سرپرٹاٹ سے ڈھکا ہوا مٹکا اٹھائے صدا لگا رہا تھا قلفی..... قلفی!

جانے کیوں میں نے کوچوان سے وکٹوریا روک لینے کے لیے کہا، اور اس قلفی بیچنے والے سے کہا کہ ایک قلفی دو۔۔۔ میں اصل میں اپنی طبیعت کا تکدر کسی نہ کسی طرح دور کرنا چاہتا تھا۔

اس نے مجھے ایک دو آنے میں قلفی دی میں کھانے ہی والا تھا کہ اچانک کوئی دھم سے وکٹوریا میں آن گھسا کافی اندھیرا تھا میں نے دیکھا تو وہی گہرے رنگ کی سانولی لڑکی تھی۔

میں بہت گھبرایا۔۔۔ وہ مسکرا رہی تھی۔

اس نے قلفی والے سے بڑے بے تکلف انداز میں کہا ایک مجھے بھی دو اس نے دے دی۔ لڑکی نے اسے ایک منٹ میں چٹ کر دیا اور وکٹوریا والے سے کہا چلو"

میں نے اس سے پوچھا" کہاں

جہاں بھی تم چاہتے ہو

مجھے تو اپنے گھر جانا ہے

تو گھر ہی چلو

تم ہو کون؟

کتنے بھولے بنتے ہو

میں سمجھ گیا کس قماش کی لڑکی ہے چناچہ میں نے اس کہا گھر جانا ٹھیک نہیں۔۔ اور یہ وکٹوریا بھی غلط ہے۔۔۔ کوئی ٹیکسی لے لیتے ہیں، وہ میرے اس مشورے سے بہت خوش ہوئی۔ میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اس سے نجات کیسے حاصل کروں۔ اسے دھکا دے کر باہر نکالتا تو اودھم مچ جاتا پھر میں نے یہ سوچا کہ عورت ذات ہے اس سے فائدہ اٹھا کر کہیں وہ یہ واویلا نہ مچادے کہ میں نے اس سے ناشائستہ مذاق کیا ہے۔ وکٹوریا چلتی رہی اور میں سوچتا رہا کہ یہ مصیبت کیسے ٹل سکتی ہے آخر ہم اپنے ہسپتال کے پاس پہنچ گئے وہاں ٹیکسیوں کا اڈہ تھا میں نے وکٹوریا والے کو اس کا کرایہ ادا کیا اور ایک ٹیکسی لے لی ہم دونوں اس میں بیٹھ گئے۔

پرچہ سیاست

کل نمبر: جتنے سیاست دان ہیں

کامیابی کے نمبر: جتنی نشستیں ہیں۔

نوٹ: ہارس ٹریڈنگ پر زیادہ نہ ملیں گے، امیدوار سے ضمیر، انسانیت یا شرافت نام کی کوئی چیز بر آمد ہوئی تو پرچہ کینسل کر دیا جائے گا۔

سوال نمبر 1: انسان نے سیاست شیطان سے سیکھی یا شیطان نے انسان سے؟ تاریخی حوالوں سے واضح کریں کیا آدم کو جنت سے نکلوانے کی اختیار کردہ حکمتِ عملی کو سیاست کہا جاسکتا ہے؟

سوال نمبر 2: ان پڑھ سے ان پڑھ آدمی سیاست پر گھنٹوں بول سکتا ہے اس سے کیا ثابت ہوتا ہے؟

سوال نمبر 3: ایک مقبول سیاست دان بننے کے لیے کتنے جرائم کرنا شرانگیز جلسے کرنا کتنی بار جیل جانا اور کتنے لوگوں کی حق تلفی کرنا ضروری ہے؟

سوال نمبر 4: خالی جگہ پر کریں۔

(1) ہر شخص۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا دیوانہ ہے۔ (حسن، کرسی، دولت)

(2) سیاست دانوں کا انجام عموماً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے۔ (عبرت ناک، خوشگوار)

(3) موٹروے کی تعمیر ملک میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا خاتمہ ہو جائے گا۔ (غریب، غربت)

(4) الیکشن ہر دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بعد ہونے چاہیے۔ (ماہ سال)

سوال نمبر 5: درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔

(1) الیکشن وہ بزنس ہے جس میں ایک لگا کر سو کمائے جاتے ہیں۔

(2) عوام کی تھالی میں کھانے اور چھید کرنے والوں کو سیاست دان کہتے ہیں۔

(3) وزارت وہ واحد ملازمت ہے جس میں تعلیم کی کوئی قید نہیں۔

(4) سیاست دان ہمیشہ وعدہ پورا کرتا ہے۔

(5) ہر حکمران کرسی آسانی سے چھوڑ دیتا ہے۔

(6) سیاسی جلسے اور اسٹیج ڈرامے میں کوئی فرق نہیں۔

سوال نمبر 6: ہر سیاست دان اداکار ہوتا ہے۔ لیکن ہر اداکار سیاست دان نہیں ہوتا کیوں؟ اداکار کا شو مہنگا پڑتا ہے یا سیاست دان کا؟

سوال نمبر 7: ایک سیاسی جلسے میں اوسط کتنی جیبیں کٹتی ہیں اور کتنے پیٹ، اعداد و شمار سے واضح کریں؟

سوال نمبر 8: محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔

کٹ ڈاؤن۔ رول بیک، مینڈیٹ، ہنگ پارلیمنٹ، پریس لاء، امریکی امداد۔

سوال نمبر 9: الیکشن سے قبل اگر امیدوار نے دس لاکھ کا قرض واپس کیا ہو تو الیکشن جیتنے کے بعد کتنا قرض لے کر معاف کروائے گا؟

سوال نمبر 10: اگر تمام سیاست دان اور اداکار مکمل عکس دیں تو پاکستان یورپ کے کتنے اور کون کون سے ممالک خرید کر سکتا ہے؟

سوال نمبر 11: آئندہ الیکشن کے لیے کوئی نیا نعرہ گھڑیں جس میں عوام ایک بار پھر بے وقوف بن جائے؟

سوال نمبر 12: ایسے 101 تیر بہ حدف انسخے لکھیں جن کی مدد سے ممبران اسمبلی حلقے کے لوگوں کو ٹالتے ہیں؟

ارتضی احمد

مرغ مسلم

مرغے کو کبھی آپ نے اگر غور سے دیکھا ہے تو اس میں آپ کو نہایت عمدہ کلاسیکل آرٹ نظر آئے گا۔ ایسا ہی آرٹ اس کی سائیکولوجی میں بھی ہے۔ مرغے کا اپنا ایک مزاج ہوتا ہے۔ اس کو جاننے کے لیے آپ کو ایک واقعہ سننا پڑے گا۔ یہ شاید 1987 کی بات ہے شہر حیدرآباد ہنگاموں کے باعث کرفیو کی زد میں تھا۔ ہم اُن دنوں ہیر آباد میں رہا کرتے تھے اور مین اسٹریٹ میں ہمارا گھر تھا جس کی کھڑکی سے چوک اور اس سے اگلا روڈ بھی نظر آتا تھا۔ روڈ پر گشت کرتے فوجی جوان اور کرفیو کی خلاف ورزی کرتے نوجوان اور یہ آنکھ مچولی ہم بڑے مزے سے دیکھا کرتے تھے۔ ہم تھوڑے سے بزدل واقع ہوئے ہیں اس لیے اس کھیل میں حصہ نہیں لیا کرتے تھے ایسے میں اگر کوئی فوجی کے ہاتھ آجاتا تھا، تو وہ اُسے موقع پر مرغا بناتے تھے۔ اور لوگ کھڑکیوں میں سے یہ تماشا مزے سے دیکھا کرتے تھے ایک دفعہ کچھ لڑکے گلی کے نکڑ پر کھڑے تھے ان میں ایک مرغا بھی تھا۔ (یعنی یہ وہ مرغا نہیں تھا) اصل والا، وہ دانہ بھی چگ رہا تھا اور ادھر ادھر بھی دیکھ رہا تھا۔ اچانک ایک فوجی جیپ آتی دکھائی دی۔ لڑکے سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے۔ تماشا یہ تھا کہ ان کے ساتھ مرغا بھی بھاگا۔ اب آپ ہی بتایئے مرغے کو کیا خطرہ تھا۔ کیا اُسے بھی مرغا بنائے جانے کا خوف تھا۔ مگر وہ تو پہلے سے ہی مرغا تھا۔ اُسے شاید انسان بنائے جانے کا خطرہ تھا۔ جو وہ بننا نہیں چاہتا تھا۔

پچھلی عید قربان پر ایک ایسا ہی واقعہ دیکھنے میں آیا۔ جب ہم عید کی نماز عید گاہ میں پڑھ کر گھر کے قریب پہنچے تو کیا دیکھتے ہیں کچھ صاحبان شاید جلدی والی نماز پڑھ کر آ گئے تھے اور ایک عدد بکرے کو گرا کر قربانی میں مصروف تھے۔ نزدیک ہی ایک مرغا بڑا اکڑ کر چل رہا تھا۔ یقیناً اپنے مرغے ہونے پر فخر کر رہا ہو گا کہ شکر ہے کہ آج مرغا عید نہیں۔ اور میں مرغا ہوں۔

ہمارے ایک دوست کہنے لگے کہ یار کہیں میں سواری ہوں کہ بس والا آواز لگاتا ہے، اُستاد روک کے سواری کھڑی ہے۔ کہیں میں گاہک ہوں۔ کہ کان پر کام کرنے والا آواز لگاتا ہے کہ گاہک آگیا۔ کہیں میں کلائنٹ ہوں کہ وکیل صاحب کہتے ہیں۔ آپ میرے کلائنٹ ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کے پاس جاتا ہوں تو کلینک اٹینڈنٹ ڈاکٹر صاحب سے کہتا ہے کہ پیشنٹ آیا ہے یار میں اصل میں کیا ہوں ہم نے کہا کہ بھائی آپ اصل میں مرغے ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر جاوید راجپوت

اقوال زریں

جو اللہ سے نہیں ڈرتا وہ سب سے ڈرتا ہے جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ کسی سے نہیں ڈرتا۔

حیا کے ساتھ نیکیاں اور بے حیائی کے ساتھ بدیاں وابستہ ہیں۔

حرص سے روزی نہیں بڑھتی مگر آدمی کی قدر گھٹ جاتی ہے۔

شرافت عقل سے ہے نہ کہ مال و نسبت سے۔

غنی وہ ہے جس کا دل اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے خالی ہے۔

جاہلوں کی محبت سے دور رہو ورنہ وہ تمہیں بھی اپنا جیسا بنالیں گے۔

شیخ سعدی فرماتے ہیں کسی کو اتنا پیار دو کہ کوئی گنجائش نہ چھوڑو۔ اگر وہ پھر بھی تمہارا نہ بن سکے تو اُسے چھوڑ دو، کیوں کہ وہ محبت کا طلبگار ہی نہیں وہ صرف ضرورتوں کا پجاری ہے۔

محبت کرنے والے کو کسی چیز کی ضرورت نہیں ہوتی اور ضرورت مند کو کسی سے محبت نہیں ہوتی۔

(حافظہ عمیر الیاس)

ذلت

ایک دانا کا قول ہے کہ آٹھ چیزیں ذلت لاتی ہیں

ں انسان کا ایسے دستر خوان پر بیٹھنا جس کی طرف اسے بلایا نہ گیا ہو۔

ں گھر والوں پر بے جا حکم چلانا۔

ں دشمنوں سے احسان کی توقع کرنا۔

ں ایسے لوگوں کی بات میں دخل دینا جو اسے مخاطب کرنا نہیں چاہتے۔

ں بڑوں کی تحقیر کرنا۔

ں اپنے مرتبے سے بلند جگہ بیٹھنا۔

ں ایسے شخص سے باتیں کرنا جو دھیان نہ دے

ں ایسے شخص سے دوستی کی خواہش کرنا جو اس کا اہل نہیں۔

عثمان ریاض قدیر مان

شوہر جذبات میں آگیا دماغ کا صحیح استعمال نہ کیا اور ماں اور بہنوں کی محبت اور ان کی عزت کا خیال کرتے ہوئے سب کے سامنے بیوی کو ذلیل کرنا شروع کر دیا، چاہے بیوی کا قصور نہ ہو اس سے بیوی کی عزتِ نفس مجروح ہو گی اور وہ ایک مایوسی کے سمندر میں اپنے آپ کو ڈوبتے ہوئے محسوس کرے گی۔ اس طرح سے اگر بیوی کے عشق اور محبت میں آکر ماں اور بہنوں کو بُرا بھلا کہا تو ان کی عزت مٹی میں مل جائے گی۔ پھر ماں یہ کہنے پر مجبور ہو جائے گی کہ تو نے آج بیوی کے جھوٹے آنسوؤں کو دیکھ کر ماں اور بہن کو بے عزت کیا ہے میں تجھے کبھی اپنا دودھ نہیں بخشوں گی مجھے تو پہلے ہی اندازہ ہو گیا تھا کہ بیوی نے اس کو الو کا گوشت کھلا کر اپنا غلام بنالیا ہے۔ ایسا شوہر اپنے فرائض کی انجام دہی بھی پوری نہیں کر سکے گا اس لیے آگے چل کر اس گھر کے لیے معاشی مسائل بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے شاہدہ کو چاہیے کہ ایک معمولی سی بات کے پیچھے اپنے شوہر انور کو کسی پریشانی میں نہ ڈالے اور اپنی ذہانت کو استعمال کرتے ہوئے یا تو ایسے کسی مسلے کو جنم ہی نہ لینے دے اور اگر ہو بھی جائے تو اس کو اپنی انا کا مسئلہ نہ بنائے۔ انور کو بھی چاہیے کہ وہ گھر میں ہر چیز پر نظر رکھے اور جس کا قصور ہو اس کو حقیقت کی نظر سے دیکھتے ہوئے بغیر کسی کی عزتِ نفس کو مجروح کرتے ہوئے مسئلے کو حل کرے۔ ماں اور بہنوں کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے بیٹے اور بھائی کو کسی پریشانی میں نہ ڈالیں اگر بیٹے نے رات دن ان بلاوجہ کے مسئلوں سے تنگ آکر کوئی غلط فیصلہ کر لیا تو کسی کے لیے بھی اچھا نہیں ہو گا۔ شادی زندگی میں ایک بار ہوتی ہے بار بار کی شادیاں اچھی نہیں ہوتی اور یہ آنے والی نسل پر برا اثر ڈالتی ہے۔ اور اُن میں سے کئی افراد نفسیاتی بھی ہو جاتے ہیں۔ اگر اس نے ایسا کیا تو یہ اس کی زندگی کی پہلی شکست ہو گی اور پھر ہر راستے پر ہر موڑ پر شکست اس کا پیچھا کرتی رہے گی۔ کیوں کہ وہ حالات سے مقابلہ کرنے کا حوصلہ کھو بیٹھا ہے۔ اور آخر کار تنگ آکر وہ زندگی کے خاتمے کا فیصلہ بھی کر سکتا ہے خدا ایسی نوبت نہ لائے کیوں کہ صرف اسی کے زندگی کا معاملہ نہیں پیچھے اور بہت سے زندگیاں بھی جڑی ہوئی ہیں۔ اس لیے شوہر کو چاہیے کہ وہ حوصلہ، ہمت اور اپنی ذہانت کو استعمال کرتے ہوئے حالات کا رخ اپنے حق میں موڑنے کی کوشش کرے تاکہ زندگی خوشگوار ہو جائے۔ شاہدہ اب امید سے ہے اور بچے کی آمد ہے۔ ساس نند اور شوہر ویسے ہی اس کے لیے ایک کھچاؤ پیدا کئے ہوئے ہیں۔ شاہدہ کو ڈلیوری کے لیے اسپتال جانا پڑے گا کیوں کہ ڈاکٹر نے کہا ہے کہ بچہ آپریشن سے پیدا ہو گا۔ شاہدہ اسپتال چلی جاتی ہے اور ان میں سے اس کے ساتھ کوئی نہیں جاتا۔ فلم کا تیسرا ایکٹ کسی زمانے میں انور اپنی تایازاد بہن روبینہ کو چاہتا تھا لیکن ان کی مالی حالت بہتر نہ تھی گھر بھی معمولی سا تھا اور انور کے پاس کوئی موٹر سائکل بھی نہیں تھی۔ اس لیے روبینہ کے والدین نے یہ کہہ کر انکار کر دیا میری بیٹی ایسے گھر میں کیسے گزارہ کریگی جہاں کچھ بھی نہ ہو۔ اب انور کی مالی حالت بہت بہتر ہو گئی تھی بنگلہ بھی آگیا تھا اور کار بھی کیوں کے انور کے والد کے بزنس نے بہت جلد ترقی کر لی تھی۔ بیوی اور شوہر کے درمیان اور ساس اور نند کے درمیان ایسے کھچاؤں بھرے حالات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے روبینہ کی ماں نے ایک پلان تیار کیا اور اپنی بیٹی کو ساتھ لے کر انور کے گھر پہنچ گئی اور کہا کیوں کے تمہاری بیوی اسپتال میں ہے اور تمہاری دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں ہے میں روبینہ کو یہاں چھوڑ کر جا رہی ہوں یہ تمہارے کپڑوں کی استری سے لے کر جوتے پالش کرنے تک اور ناشتہ سے لے کر کھانے تک ہر طرح تمہارہ خیال کرے گی۔ روبینہ نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر نیا میک اپ نئے جوڑے تبدیل کرنا او مختلف قسم کے پرفیوم استعمال کرتے ہوئے انور کے بہت قریب پہنچ گئی اور اپنے حسن کے جلوے اور مختلف پرفیوم کی خوشبو اور نت نئے لباس کا جال بنا کر انور پر کچھ اس طرح سے پھینکا کہ انور اس کے جال میں پھنس گیا۔ یہاں تک کے انور اور روبینہ نے آپس میں شادی کرنے کا بھی فیصلہ کر لیا۔ شاہدہ کو جب ان سب باتوں کا علم ہوا تو اس نے اپنی والدہ کو اس حقیقت سے آگاہ کیا کیوں کہ مرد اس طرف سے بہت کمزور ثابت ہوا ہے۔ اسی دوران شاہدہ نے ایک خوبصورت بیٹے کو جنم دے دیا۔ شاہدہ کی والدہ یہ سب جان کر تھوڑی بہت پریشان تو ہوئی لیکن اپنی ذہانت کو استعمال کرتے ہوئے اپنے داماد کے گھر جانے کا فیصلہ کیا جاتے ہوئے اپنے ساتھ سمدھن اس کی بیٹی اور داماد کے لیے بہت سے قیمتی طائف لے کر گئی اور شاہدہ کی ساس سے التجا کی کہ میری بیٹی کا گھر برباد ہونے سے بچالیں اور شاہدہ کی ساس کو یہ بھی کہا کہ تمہارے بھی گھر میں ایک بیٹی ہے جو دوسرے گھر جائے گی کیا تم اس کی تکلیف برداشت کر لو گی۔ داماد سے کہا کہ تمہاری بھی ایک بہن ہے جسے تم بہت چاہتے ہو اگر اس کے ساتھ ایسا ہوا تو کیا تم اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ کر کانوں میں کپاس ڈال کر کمرہ بند کر کے اندر سو جاؤ گے۔ ان سب درد بھری باتوں کو سُن کر ہر آنکھ اشکبار ہو گئی اور اُن کی آنکھوں سے ندامت کے آنسو جاری ہو گئے اور سب نے ایک آواز ہو کر کہا کہ ہم اپنی غلطی تسلیم کرتے ہیں اور اب آپ کے ساتھ ہم پورا تعاون کریں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی بیٹی کا گھر آباد رہے گا۔ اس کے بعد شاہدہ کی والدہ روبینہ کے گھر گئیں اور اس کی والدہ کو اور روبینہ کو بہت لتھیڑا کہ تمہیں میری ہی بیٹی کا گھر برباد کرنے کو ملا تھا کیا اس کے لیے اور دوسرے رشتے ختم ہو چکے روبینہ کے والد اس وقت گھر میں تھے جنہیں ان باتوں کا علم نہیں تھا وہ ایک دم کمرے سے باہر آئے اور ان باتوں کو سننے کے بعد بیوی اور بیٹی کو بہت برا بھلا کہا اور اس دن سے روبینہ پر چچا کے گھر پر جانے پر پابندی عائد کر دی۔ اب شاہدہ اپنے پیارے بیٹے کے ساتھ گھر آگئی تھی۔ شاہدہ نے اپنی ذہانت سے اپنے پیارے منے کا سہارہ لے کر حالات کو قابو میں کر لیا اور شوہر کے سامنے منے سے کہنے لگی۔

منے تم میرا ایک کام کرو
اپنے پیارے ابو جی کو رام کرو

وہ گھر جو دوزخ بن گیا تھا جس کے در و دوار سے آگ نکل رہی تھی جسم جل رہے تھے اور دماغ ایک بڑی عجیب سی کیفیت میں مبتلا تھے اب جنت کا نمونہ بن گئے، دونوں میاں بیوی اپنی سمجھ سے کام لیتے ہوئے ایک دوسرے کا خیال کرنے لگے جن لوگوں کو آپ کی خوشیاں پسند نہیں تھیں اور وہ بلاوجہ آپ کی زندگی کو ہر وقت ڈسٹرب کرتے رہتے تھے ان کا گھر میں آنا جانا بند کیا اب یہ دونوں ایک دوسرے سے پیار محبت ماں باپ اور بہن بھائیوں کا خیال کرنے لگے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے دیا تھا اس پر گزارا کرنے لگے اس امید پر اپنے گھر کو بہتر طریقے سے چلانے لگے اور یہی گھر ان سب کے لیے جنت کا ایک نمونہ بن گیا اور ہر شخص خوش رہنے لگا اور پھر دونوں دلوں سے ایک ہی آواز آنے لگی۔

میرا گھر میری جنت یہ میرا آشیانہ

پروفیسر ڈاکٹر عقیل الرحمان راجپوت

آغوش کا پھول

شادی کے معنی ہیں خوشی۔ جب لڑکا اور لڑکی جوان ہو جاتے ہیں تو ماں باپ ان کی شادی کر کے انہیں یہ خوشی دے دیتے ہیں اکثر میرے شاگرد مجھ سے سوال کرتے ہیں کہ شادی والدین کی منتخب کردہ ہو یا پسند یا محبت کی ہو میرا ان کو یہ ہی جواب ہوتا ہے کہ بہتر تو یہ ہے کے شادی ماں باپ کی منتخب کردہ ہو کیوں کہ وہ دوسری پارٹی کو اپنی عمر اور تجربے کی روشنی میں بہتر طریقے سے پرکھ کر ہر زاویہ سے جانچ کر پھر فیصلہ کرینگے۔ شادی کا فیصلہ یک طرفہ نہ ہو، شادی کے معاملے میں والدین اور اولاد باہمی رضامندی سے فیصلہ کریں تو بہتر ہو گا۔ والدین کو چاہیے کہ وہ یک طرفہ فیصلہ کر کے اولاد پر نہ تھوپیں۔ ورنہ لڑکا یہ ہی کہے گا کہ میں نے چاند اور ستاروں کی تمنا کی تھی مجھ کو راتوں کی سیاہی کے سوا کچھ نہ ملا۔ اور یہ بات اولاد کی ازدواجی زندگی پر خراب اثر ڈال سکتی ہے۔ مذہب اسلام نے بھی اجازت دی ہے کے لڑکا اور لڑکی شادی سے پہلے ایک دوسرے کو دیکھ سکتے ہیں اور بات چیت بھی کر سکتے ہیں۔ انتخاب کرتے وقت عورت کو اس کے جمال حسب نسب اور دین کو مد نظر رکھ کر انتخاب کیا جائے اور مرد کو اس کے کسب کمال جمال کو دیکھ کر انتخاب ہو۔ اس کے باوجود بھی ایسی کیا وجوہات ہیں کہ نوجوان اپنی پسند اور محبت کی شادی کو ترجیح دینا ضروری سمجھتے ہیں۔ اور اس کے لیے کسی بھی سمجھوتے کے لیے تیار نہیں۔ اُن کا تو یہ حال کہ ناگن زُلفیں گال گلابی آنکھیں شرابی کیسے کوئی دل کو سنبھالے، دل ہاتھوں سے نکل نکل کر جائے۔ جوانی دیوانی ہوتی ہے، عشق اندھا اور محبت بہری یونانیوں کے عقیدے کے مطابق عشق کا دیوتا کیوپڈ ہے اس کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی ہے اور اس کو تیر چلاتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ جب کسی بھی پارٹی میں، لڑکا ہو یا لڑکی عشق ہو جاتا ہے تو وہ نہ خاندان دیکھتا ہے نہ ذات نہ حیثیت اور جس سے عشق کر رہا ہے وہ خود کیا ہے اس وقت وہ دل کے ہاتھوں مجبور ہوتا ہے دل کی باتیں زیادہ اور دماغ کی بات کم مانتا ہے یا سنتا ہی نہیں۔ جب یہ عشق محبت میں تبدیل ہو جاتا تو وہ کسی کی بات نہیں سنتا۔ اُسے لاکھ سمجھاؤ کہ یہ راستہ ٹھیک نہیں ہے آگے چل کر کے بہت سی دشواریوں اور مشکلات کا سامنا آسکتا ہے۔ مگر اس عشق کے بھوت کے سامنے وہ کسی کی بات سننے کو تیار نہیں۔ عشق کا بھوت ان دونوں پر اتنا حاوی ہو چکا ہوتا ہے کہ وہ ایک دوسرے کی خامیوں کو بھی نظر انداز کر دیتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کے سامنے بہتر سے بہتر بن کر دکھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ شادی سے پہلے ان دونوں کے لیے فلم کا یہ سیٹ ایک کھلے اور آزاد ماحول میں ہوتا ہے۔ اور بغیر کسی روک ٹوک کے وہ جب اور جہاں چاہیں ایک دوسرے سے مل سکتے ہیں۔ محبوب اپنی محبوبہ کی ہر بات آسانی سے مان لیتا ہے اور محبوبہ اپنے محبوب کے لیے سب کچھ کرنے کو تیار ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ اگر اسے والدین کا گھر بغیر ان کی مرضی کے چھوڑنا پڑا تو وہ بھی کر دکھائے گی۔ اور یہ ہی فیصلہ محبوب کا ہوتا ہے کہ وہ اس کو علیحدہ گھر یا فلیٹ میں لے جائے گا جہاں اُن پر کوئی پابندی نہیں ہو گی۔ شادی والدین کی منتخب کردہ ہو یا محبت کی لڑکی کے والدین کا سر اسی دن جھک جاتا ہے جس دن وہ اپنی آغوش کے پھول کے بول ہارتے ہیں۔

کہکشاں کی دستوں میں بکھرے ستاروں کی طرح
بیٹیاں بھی گھر کے آنگن میں چمکتی ہیں موتیوں کی طرح
بیٹیاں ماں کے لیے بھی ایک سہارہ ہیں اور باپ کے دل کا سکون
ماں کی آغوش میں پلتی ہیں چناروں کی طرح
بیٹیاں جگ مگ ستاروں کی طرح
نئے آنگن کو شاداب کرتی ہیں بہاروں کی طرح

آخر زندگی میں ایک دن ایسا بھی آ ہی جاتا ہے کہ بیٹی کو بابل کا گھر چھوڑ کر اپنے شوہر کے گھر جانا پڑتا ہے۔ شادی کے بعد ماں باپ اپنی بیٹی کو رخصت کرتے وقت اپنی آغوش میں پلے ہوئے اس پھول کو جسے وہ ایک پرندے کی طرح اپنی پروں کے نیچے رکھ کر ٹھنڈی ہوا کے تیز جھونکوں سے بچا کر گرم ہوا کی تپش سے بچا کر ہر بلا اپنے اوپر لی مگر اپنے اس پھول پر آنچ نہیں آنے دی۔ اس نصیحت اور دعاؤں کے ساتھ وداع کرتے ہیں کہ تیرا اصل گھر تو شوہر کا گھر ہے وہاں جا کر ساس اور سسر کی عزت اور احترام کرنا اُن کی خدمت کرنے میں کوئی کمی نہ چھوڑنا چھوٹوں کے سر پر پیار محبت اور شفقت کا ہاتھ رکھنا شوہر کا ہر طرح سے خیال رکھنا اس کو کبھی ناراض نا کرنا اور اگر کبھی ایسا ہو بھی جائے تو خود پہل کر کے اُس کو منالینا۔ اس میں تمہاری عظمت ہے۔ شوہر کے ماں باپ کو اپنے ماں باپ سمجھنا ماں باپ کو تیرے بارے میں سسرال کی طرف سے کوئی شکایت نہ آنے پائے۔ اپنے پروں کے نیچے سے نکال کر دوسروں کے حوالے کر دیتے ہیں سسرال جانے کے بعد فلم کا یہ سیٹ اور کردار بھی بدل جاتے ہیں۔ آزاد اور کھلے ماحول سے نکل کر اب لڑکی ایک دوسرے گھر میں جاتی ہے وہاں لڑکی کے لیے سب لوگ نئے ہوتے ہیں۔ اور اگر ماں باپ کی منتخب کردہ شادی ہے تو لڑکا بھی نیا اگر عشق کی شادی ہے تو صرف شوہر اس کی جان پہچان کا ہوتا ہے۔ یہاں آکر نئی دولہن کے لیے تین سے چھ ماہ کا ایک آزمائشی وقت ہوتا ہے جس کے درمیان وہ ہر چیز کا غور سے جائزہ لیتی ہے سنتی زیادہ ہے اور بولتی کم ہے۔ آنکھیں کھلی رکھتی ہے، شروع میں دو یا تین لفظوں سے کام چلاتی ہے۔ جی ہاں، جی نہیں، جی بہتر ہے۔ اس عرصے میں گھر کے ہر فرد کی عادت سے لے کر پسند ناپسند کا بھی پتہ چل جاتا ہے، رشتے داروں اور دوست احباب کا بھی آنا جانا تو ہوتا ہی ہے۔ اس بارے میں بھی علم ہو جاتا ہے اور شوہر کا نئے مستقبل کے بارے میں پلان کا اصل روپ بھی اس کے سامنے آجاتا ہے اس کے بعد وہ اپنے مستقبل کے بارے میں پلان تیار کرتی ہے کہ اس گھر میں اس کو کس طرح رہنا چاہیے تاکہ اس کی آگے کی زندگی خوش گوار رہے، اس کی زندگی مسائل سے پھر بھی خالی نہیں ہوتی اگر اس گھر میں پہلے کسی بھائی کی شادی ہو چکی ہوتی ہے اور لڑکی جہیز وغیرہ زیادہ لائی ہے تو حسد کا شکار بنتی ہے اور اگر جہیز کم لائی ہے تو تنقید کا نشانا بنتی ہے۔ اگر شادی عشق یا محبت کی ہے تو شادی سے پہلے یہ دونوں ایک آزاد اور کھلے ماحول میں جب چاہتے تھے جہاں چاہتے تھے ملتے جلتے تھے۔ کوئی انھیں روک ٹوک نہیں کرتا تھا شادی کے بعد گھر میں آکر انھیں بہت سی چیزوں کا پابند ہونا پڑتا ہے۔ یہاں ماں باپ اور بہن بھائی اور گھر کے دوسرے افراد کے ہوتے ہوئے بھی شوہر اپنی بیوی سے اس گلیمر کا آرزومند رہے اور یہ چاہے گا کہ جب وہ کام سے واپس آئے تو اس کی بیوی ایک فلمی ہروئن کی طرح ہنستی مسکراتی دوڑ کر آئے اور ایک دم سے شوہر کے گلے لگ جائے۔ جواب اس کے لیے ممکن نہیں۔ اس طرح سے بیوی چاہتی ہے کہ جس طرح شادی سے پہلے اس کا محبوب اس کی ہر بات مانتا تھا اسی طرح سے اب بھی جب وہ کہے فوراً اس کے ساتھ جانے کو تیار ہو جائے چاہے شوہر کتنا ہی تھکا ہوا ہو جس چیز کی وہ فرمائش کرے فوراً اس کے لیے حاضر کر دے۔ اس بات سے اُن کی شادی شدہ زندگی میں ہلچل مچ سکتی ہے۔ اس کے علاوہ شوہر کو بھی ایک آزمائش سے گزرنا پڑے گا اور وہ ہے ساس بہو اور نندوں کے درمیان کچھ کسی بات پر بد کلامی ہو سکتی ہے یا ساس کو بہو کا کوئی عمل پسند نا آیا ہو اور وہ بہو کو تھوڑی بہت ڈانٹ ڈپٹ کر دے تو یہ بات بہو کے لیے ناقابل برداشت ہو جائے گی۔ اگر ساس یا نند نے بہو سے کوئی فرمائش کی ہو اور وہ پوری نہ کر سکی تو یہ بھی ایک مسئلہ بن سکتا ہے۔ شوہر کے گھر آنے پر بیوی اپنے آنسوؤں کا سہارہ لے کر شوہر کو شکایت لگاتی ہے کہ آج تو اس کی بہت بے عزتی ہوئی ہے۔ اس طرح سے ساس اور نندوں کی طرف سے بھی بیوی کے خلاف شکایت ہو سکتی ہے۔ یہ وقت شوہر کے لیے ایک کڑی آزمائش کا وقت ہو گا۔ اب اس کو ایک جج کے فرائض انجام دینے ہیں اور دونوں پارٹیوں کے حالات اور واقعات سن کر صحیح فیصلہ کرنا ہو گا قصور کسی کا بھی ہو اور اگر

سوئم کی رات

پاپا کی مجھ سے پہلی ملاقات تو یقیناً میری پیدائش کے بعد ہوئی جب انہوں نے مجھے دیکھا ہو گا اور پاپا سے میری شعوری ملاقات کب ہوئی یاد نہیں۔ لیکن جب سے ہوش سنبھالا انکی شفقت میرے ساتھ ساتھ تھی۔ مگر میرا اور انکا پہلا معرکہ اس وقت ہوا جب میں نے گھٹنے چلنا شروع کیا۔ اس وقت وہ FCPS-II کی تیاری کر رہے تھے۔ اور میں (یہ بات مجھے یاد نہیں مگر مجھے بتائی گئی) گھسٹتا ہوا ان تک پہنچ جاتا تھا۔ اُن کی (Harrison) کتاب پر منہ سے بلبلے بناتے ہوئے چُھر کر دیتا تھا۔ وہ مجھے اُٹھا کر پھر دور بٹھا دیتے اور میں یہ کاروائی دُہراتا (اور آخری ملاقات لحد میں اُتارتے وقت ہوئی)۔ پھر وہ وقت آیا جب وہ مجھے پہلی دفعہ اسکول داخل کرانے گئے۔ (آخر میں نے بھی پڑھ لکھ کر کچھ بننا تھا) یہ School Piggott تھا۔ اس زمانے میں پرائمری میں لڑکوں کی بھی کلاس ہوتی تھیں (بعد میں میری بیٹیوں شائستہ اور شگفتہ نے اس اسکول میں پڑھا) مگر میں داخل نہ ہوا۔ مشہوری یہ ہے کہ میں نے پہلے ہی دن ماسٹر صاحب کے وہ پکوڑے کھا لیے تھے جو انہوں نے بڑی چاہ سے منگوائے تھے (اپنے لیے) اور جب ان کی نظر مجھ پر پڑی تو میں پلیٹ میں رہ جانے والا آخری پکوڑا کھا رہا تھا۔

تو صاحبان پاپا پھر مجھے شاہ عبد الطیف اسکول میں لے گئے۔ انھیں میرے آنے کی بہت خوشی ہوئی اس کا پتا مجھے اس بات سے ہوا کہ انہوں نے مجھے فوراً داخلہ دے دیا۔ پاپا ہمیں اسکول کے لیے تیار کرتے ہمارے یونیفارم استری کرتے اسکول چھوڑتے اور اسکول سے لیتے۔ شام کو خود ہمیں پڑھاتے۔ میری زندگی پر انکی شخصیت نے گہرے اثرات چھوڑے۔ میں نے ان سے سب سے زیادہ سیکھا اور بفضل تعالیٰ توقعات پر پورا بھی اُترا۔ وہ بہت محنتی اور جفاکش تھے۔ ہر وقت کام کرتے رہتے تھے۔ انکا بچپن بہت مشقت میں گزرا۔ وہ ہمیں اپنے بچپن اور جوانی کی جدوجہد کی تمام باتیں بتاتے تھے۔

میرے خیال میں انھیں سب سے زیادہ میں جانتا ہوں۔ وہ انتہائی محبت کرنے والے شخص تھے (مگر افسوس کچھ لوگوں نے انکی محبت کی قدر نہ کی)۔

انھیں بہت سارے ہنر آتے تھے۔ بجلی کا کام، درزی کا کام، بڑھئی کا کام، مستری کا کام، اور تو اور باریک بان سے چارپائی بھی بُنتے تھے۔ میں نے انھیں دیکھا۔ انھوں نے گھر بنانے میں شدید جدوجہد کی۔ میں ان کی جدوجہد کو سلام کرتا ہوں۔ وہ ایک بہترین باپ اور ایک نہایت وفادار شوہر تھے۔ تمام مواقع ہونے کے باوجود صراط مستقیم پر قائم رہے۔ اور ایک انتہائی قابل فزیشن تھے۔ زندگی کا ایک ایک قدم مجھے انکی یاد دلاتا رہے گا۔ میں نے کیا کچھ اُن سے نہیں سیکھا۔ ہمارے آپس میں ٹیلی پیتھی کے رابطے تھے۔ (یہ بات کوئی نہیں جانتا)۔ ہم بیک وقت ایک ہی بات ایک ہی طرح سے سوچتے تھے۔ اور مزاج کی انتہائی ہم آہنگی تھی۔ زندگی میں انہوں نے بہت سارے حادثات دیکھے۔ پہلا حادثہ پاکستان بننے سے پہلے ہندوستان میں پیش آیا۔ جب بچپن میں ایک درخت سے گر گئے تھے۔

اسکے بعد لیاقت میڈیکل کالج کے سوئمنگ پول میں حادثہ ہوا، ایک دفعہ ایک بس میں چڑھتے ہوئے۔ اس کے بعد ایک رات اپنی امریکن کواٹرز کی کلینک سے واپس ہوتے وقت شدید زخمی ہوئے۔ اس وقت میں تیسری یا چوتھی کلاس میں تھا۔ پھر جب میں میٹرک میں تھا تو موٹر سائیکل سے اُن کا ایکسیڈنٹ ہوا۔ اور ان کا Fibula کا فریکچر ہوا۔ جب میں MBBS 2nd Year میں تھا اس وقت ایک سنگین حادثے میں ان کی Humerus اور Ulna کا فریکچر ہوا جس میں پلیٹ لگی اور پھر 2007 میں Femur فریکچر ہوا جس میں DHS ہوا۔ 2005 میں M.I کے بعد انکا CABG ہوا زندگی میں انھوں نے بہت دُکھ اُٹھائے۔ مگر کبھی ہمت نہیں ہاری۔ وہ بلند حوصلہ انسان تھے۔

لوگوں نے انھیں بہت دُکھ دیے۔ دُکھ دینے والوں میں اپنے اور غیر دونوں شامل تھے۔ مگر انھوں نے کسی سے شکوہ نہ کیا۔ وہ سراپا محبت تھے۔ انتہائی دین دار آدمی تھے۔ پوری زندگی نماز اور روزے کی پابندی کی۔ بیماری میں بھی کبھی روزے نہیں چھوڑے۔ اپنی ڈیوٹی حیران کن حد تک پابندی اور دیانت داری سے کرتے تھے۔ کاغذات کی فائلیں انتہائی ذمہ داری سے تیار کرتے اور ایک ایک کاغذ سنبھال کر رکھتے تھے اور ہمیں بھی سکھاتے تھے۔ کب ہمارے شناختی کارڈ، ڈومیسائل اور PRC بن گئے ہمیں نہیں معلوم۔ میں اپنا کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے اُن سے مشورہ ضرور کرتا تھا۔ مگر اب وہ ذات جن کے سامنے مجھے اپنی کامیابی بتانا سب سے اچھا لگتا تھا۔ اتنی خاموشی سے ہمیں چھوڑ کر چلے گئے۔ ہلال احمر کارڈک ہسپتال کے ایمرجنسی روم کے ایک بیڈ پر وہ ساکت لیٹے تھے میں ان کے پاس کھڑا پتھر بنا انھیں دیکھ رہا تھا۔ ان کے چہرے پر وہ اطمینان تھا جو منزل پر پہنچ جانے والوں کے چہروں پر ہوتا ہے۔ مجھے ان پر ایک دم بہت پیار آیا اور میں نے انکے چہرے پر بوسا دیا۔ اب ایک نئی زندگی سامنے کھڑی تھی۔ مجھے معلوم تھا کہ مجھے مضبوط بننا ہے۔ ابھی مزید دکھ سنبھالنے ہیں۔ آگے آنے والے کٹھن مراحل جو میرے لاشعور میں جانے کب سے کلبلا رہے تھے۔ میرے سامنے آکر کھڑے ہو گئے تھے۔

پروفیسر ڈاکٹر جاوید راجپوت

پیش نوشت

پروفیسر عقیل الرحمٰن راجپوت میڈیسن کے پروفیسر اور میرے والد۔ 1963 لیاقت میڈیکل میں کالج سے MBBS کیا۔ 1975 میں MCPS اور پھر 1976 میں میڈیسن میں کیا۔ لیاقت میڈیکل کالج۔ چانڈکا میڈیکل کالج اور نواب شاہ میڈیکل کالج میں میڈیسن پڑھانے کے فرائض انجام دیتے رہے۔ عمر کے آخری دس سال محمد میڈیکل کالج میں میڈیسن کے پروفیسر اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کے فرائض انجام دیے۔

10 نومبر 2010 اذانِ فجر سے کچھ قبل وفات پا گئے۔ اس صبح بھی وہ فائنل ائیر کا لیکچر لینے کو تیار تھے۔ ان کا آخری لیکچر ان کی ٹیبل سے ملا۔ کلاس ان کے لیکچر کے انتظار میں بیٹھی تھی کہ ان کی وفات کی خبر پہنچی درج ذیل تحریر ان کے سوئم کی رات بے اختیاری طور پر مجھ سے لکھی گئی۔ اس کے بعد اس میں ایک لفظ کا بھی اضافہ نہ کر سکا۔

ڈاکٹر جاوید راجپوت۔

لسانیت اور قوم پرستی کے معاندانہ پہلوؤں کو ابھارا جارہا ہے۔ اور یہ سب جاگیر دارانہ نظام کا شاخسانہ ہے جسے یورپ نے پچھلی صدیوں میں جھیلا ہے اور ہم اب جھیل رہے ہیں اور نہ جانے کب تک جھیلیں گے۔

گذشتہ عہد گزرنے ہی میں نہیں آتا
یہ حادثہ بھی لکھو معجزوں کے خانے میں
جو رد ہوئے تھے جہاں میں کئی صدی پہلے
وہ لوگ ہم پہ مسلط ہیں اس زمانے میں

قابل مذمت ہیں وہ لوگ جو شعوری اور غیر شعوری طور پر رجعت پسند طاقتوں کے آلہ کار بن کر انسان کو عقل اور مادی حقیقتوں سے دور لے جاکر توہمات کے سمندر میں غرق کر دیتے ہیں۔ عقل، آزادی، جمہوری شعور، ترقی پسندی اور مادی حقیقتوں کا شعور اور اعتراف ہی وہ راستے ہیں جن پر چل کر انسان حقیقتوں کو پہچان سکتا ہے۔ وطن عزیز میں جاگیر دارانہ نظام کے معاشرتی اور سیاسی اقتدار کو ختم کیے بغیر تبدیلی نہیں آسکتی کیونکہ سارے ریاستی ادارے اقتصادی نظام کے تابع بھی ہوتے ہیں اور ان کے محافظ بھی۔ پاکستان کے محب وطن تعلیم یافتہ اور باشعور افراد (جو قلیل تعداد میں ہیں) کو چاہیے کہ وہ ذاتی عقائد اور لسانیت کے فرق کو وجہ محاربت نہ بنائیں اور دوسروں کے عقائد، نظریات اور ثقافتوں کا احترام کریں۔ ان کے عقیدوں میں آزادی کے حق کو تسلیم کریں۔ اختلاف رائے کو خوش دلی سے تسلیم کریں۔ حقیقی جمہوریت کے لیے جدوجہد کریں جس میں طاقت کا سرچشمہ واقعی عوام ہوں اور گاؤں، قصبوں اور ضلعوں کی حد تک لوگ اپنے نمائندے چنیں - جو عوام کے مفاد کو مد نظر رکھ کر قوانین بنائیں۔ جہاں ذرائع پیداوار اور بڑی ذاتی ملکیتوں پر عوامی مفاد کو سامنے رکھ کر قوانین بنائے جائیں تاکہ مسابقت اور محنت کی روح بھی برقرار رہے اور حد سے زیادہ سرمائے کا ارتکاز بھی ممکن نہ ہو۔ افسوس کہ ہم محض انتخابات کے انعقاد ہی کو کُل جمہوریت سمجھتے ہیں۔ اور وہ بھی محض قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کے لیے۔ بلدیاتی اور یونین کونسلز کے انتخابات نظر انداز کیے جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انتخابات جمہوریت کا صرف ایک جزو ہیں۔ ان انتخابات میں بھی ملک کے مسائل کا سائنسی تاریخی تجزیہ کر کے اپنے منشور میں ان کا حل پیش کرنے کے بجائے شخصیت پرستی، لسانیت، برادری، فرقہ پرستی، توہمات اور بے ایمانیوں سے ووٹ لیے جاتے ہیں۔ ملکی وغیر ملکی قوتیں اپنے مفاد کے تحت مخصوص شخصیات اور جماعتوں کو آگے بڑھاتی ہیں۔ ملکی ادارے بھی بے حد کمزور ہو چکے ہیں اور مفاد پرستوں کے زیر اثر ہیں۔ عدالتوں میں انصاف نہیں مل پاتا۔ معصوم بچیوں اور عورتوں پر مظالم نے ساری حدود پار کر لی ہیں۔ نصاب میں ٹھوس سائنسی حقائق کے بجائے توہمات، عدم قتل اور تنگ نظری کو فروغ دیا جاتا ہے۔

ماضی کے اچھے لوگوں نے ماضی کے چیلنجز کا مقابلہ کیا تھا۔ آج کے اچھے لوگوں کو اکیسویں صدی کے علاقائی اور بین الاقوامی چیلنجز کا سامنا ہے جس کا مقابلہ تاریخی، اقتصادی، معاشرتی اور مادی حقائق کو سامنے رکھ کر ہی کیا جاسکتا ہے۔

References:

1. Issac Newton. Mathematical Principal of Natural Philosophy 1687.
2. Charies Darwin. On the Origin of Species 1859.
3. Lewis Morgan. Ancient Society 1877.
4. Frederick Engels. Origin of Family, Private Property and the State- 1884.
5. Michio Kuku: Physics of the Future - 2011.
6. Sharif Razi : Nehjul Blagha - Semons and Sayings of Hazrat Ali. (A.S).
7. St. Luke: Gospel of Luke.
8. Milton Friedman: Capitalism and Freedom - 1962.
9. John Mackay : Corscious Capitalism - 2013.
10. Sheri Berman : The Privacy of Politics : Social Democracy and the Making of the Europe.
11. Kari Max : Marifesto of the Communist Party - 1847

طالب خدا

انسان کو جس چیز میں کمال ہوتا ہے اس پر مرتا ہے۔ چنانچہ ھنتر دید کو سانپ پکڑنے میں کمال تھا، اس کو سانپ نے کاٹا وہ مر گیا۔ ارسطوسل کی بیماری میں مرا، افلاطون فالج میں، لقمان سرسام میں اور جالینوس دستوں کے مرض میں حالانکہ یہ بیماریوں کے علاج میں کمال رکھتے تھے۔ اس طرح جس کو جس سے محبت ہوتی ہے اس کے خیال میں جان دیتا ہے۔ قارون مال کی محبت میں مرا، مجنون لیلی کی محبت میں، اسی طرح طالبِ خدا کو خدا کی طلبی کی بیماری ہے وہ اسی میں فنا ہو جاتا ہے۔

عزیز میں بھی جو فقہی اور لسانی عصبیتوں کو مصنوعی طور پر زر خرید افراد کے ذریعے فروغ دیا جاتا ہے اس کی بنیادی وجہ بھی استحصالی گروہ بندی پر پردہ ڈالنا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام کی بقاء آلات پیداوار میں مسلسل بہتری لانے اور نئی منڈیوں کو تلاش کرنے میں ہے۔ ان کوششوں سے سامراجی نظام وجود میں آیا جس کا مقصد آزاد مملکتوں کی ملکیتوں پر قبضہ کرنے اور ان پر زبردستی غیر ہموار اور نامنصفانہ شرائط کاروبار مسلط کرنا ہے۔ سامراجیت چونکہ سرمایہ دارانہ نظام کی آگے کی شکل ہے لہذا اسے سرمایہ داری کے پکے ہوئے پھل کے بجائے گلا سڑا پھل قرار دیا گیا ہے۔ بدقسمتی سے تیسری دنیا، بالخصوص مسلمان ملکوں میں تاحال مروج جاگیر دارانہ نظام سامراجی ملکوں کا آسان شکار ثابت ہوتا ہے جہاں بھی تیل کی پیداوار پر قبضے کیے جاتے ہیں اور کبھی ان کو حقیقی اور غیر حقیقی خطروں سے ڈرا کر ان کو منہ مانگی قیمت پر اسلحہ اور دیگر اشیاء فروخت کی جاتی ہیں۔ غیر مقبول اور کمزور بادشاہتیں ان سامراجی طاقتوں کے آگے آسانی سے گھٹنے ٹیک دیتی ہیں اور اپنے ملک کا کثیر سرمایہ جو در حقیقت عوام کی ملکیت ہوتا ہے، سامراجی ممالک کے سامنے پیش کر دیتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حقوق انسانی اور جمہوریت کے دعوے دار یہ سامراجی ممالک مسلمان ملکوں میں بادشاہتوں اور آمریتوں کو مضبوط بناتے ہیں اور انہیں فروغ دیتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ کٹھ پتلی بادشاہوں کو خود مختیار مسلمان حکومتوں سے لڑاتے اور ڈراتے ہیں اور اپنا اسلحہ فروخت کرتے رہتے ہیں۔

ذاتی ملکیت میں مستقل اور لامحدود لالچ کے بارے میں مارگن لکھتا ہے۔ "تہذیب (Civilisation) کے آنے کے بعد سے ملکیت کو اتنا زبردست فروغ حاصل ہوا ہے، اس نے اتنی بھانت بھانت کی شکل اختیار کی ہیں۔ اس کے استعمال میں اتنا اضافہ ہوا ہے اور اس کے مالکوں کے حق میں اس کا انتظام اتنی عقلمندی سے کیا گیا ہے کہ لوگوں کے لیے یہ ایک ایسی طاقت بن گئی ہے۔ جس کو قابو میں رکھنا ناممکن ہے۔ انسانی ذہن خود ہی اپنی تخلیق کے سامنے حیرت زدہ کھڑا ہے۔ لیکن اس کے باوجود ایسا وقت ضرور آئے گا جب انسان کی عقل ملکیت پر قابو پائے گی اور اسے اپنے بس میں لانے میں کامیاب ہوگی اور جس ملکیت کی ریاست حفاظت کرتی ہے، اس کے ساتھ اس کے تعلق کو متعین اور مالکوں کے فرائض اور ان کے حقوق کی حد وجہد کو واضع کر دے گی۔ سماج کے مفاد فرد کے مفاد سے بالاتر ہیں اور دونوں میں صحیح تعلق اور ہم آہنگی قائم کرنی چاہیے"۔

جو رعنائی نگاہوں کے لیے سامان جلوہ ہے
لباسِ مفلسی میں کتنی بے قیمت نظر آتی
یہاں تو جاذبیت بھی ہے دولت ہی کی پروردہ
یہ لڑکی فاقہ کش ہوتی تو بدصورت نظر آتی

موجودہ دور میں دنیا پر امریکی سرمایہ دارانہ اور سامراجی نظام کا تسلط ہے جس کا مرکزی نقطہ نوبیل انعام یافتہ ماہر معاشیات ملٹن فرائیڈمین کا نظریہ ہے کہ کاروبار کا اصل مقصد مالکان کے لیے زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنا ہے اور حکومت کا کام عوام کی فلاح و بہبود کے بجائے Corporate World کے لیے باقی ماندہ دنیا میں نرم شرطوں پر منڈیاں تلاش کرنا ہے (8)۔ مذکورہ بالا بحث سے یہ عیاں ہوتا ہے کہ ایسے خود غرضانہ نظریے کی ضمیر انسانی میں زیادہ عرصے تک بقا ممکن نہیں اگرچہ کافی عرصہ سے یہی نظریہ سرمایہ دارانہ دنیا میں چھایا ہوا ہے۔ چنانچہ جان میک کے (John Mackay) نے اس کے مقابلے میں باضمیر سرمایہ داری (Conscious Captialism) کا نظریہ پیش کیا جس میں کاروبار میں سارے حصہ داروں (Stake holder) بالخصوص شیئر ہولڈرز، صارفین اور ملازمین کے مفاد کا خیال رکھنا ہے (9)۔ لیکن اس نظریے میں بھی ساری طاقت مالکان (بورژوازی) کے پاس ہے جن سے امید کی جاتی ہے کہ وہ دیگر حصہ داروں کا خیال رکھیں گے۔

تیسرا ممکنہ نظام سوشل ڈیموکریسی کا ہے جس میں ذرائع پیداوار کی ملکیت کی مشروط اجازت دی جاتی ہے اور بورژوا طبقے پر سخت شرائط اور ٹیکسز عائد کیے جاتے ہیں۔ کچھ لوگ اسے حتمی نظام مانتے ہیں اور کچھ سوشلزم کی جانب ایک عارضی قدم (10)

چوتھا ممکنہ نظام سوشلزم کا ہے جس میں ذرائع پیداوار ذاتی نہیں بلکہ حکومت کی ملکیت ہوتے ہیں اور پرولتاریہ کی آمریت ہوتی ہے۔ یہ نظام جب پیداوار کے کثیر ذخائر پیدا کرے گا تو کمیونزم آجائے گا۔ جس میں ہر شخص اپنی بساط پر محنت کر کے ضرورت کے مطابق اُجرت حاصل کر سکتا ہے (11)۔

واضع رہے کہ تمام ادوار کے مختلف نظاموں مثلاً قبائلی، جاگیر داری سرمایہ داری اور سامراجی نظام تاریخ میں خود بخود بغیر کسی شعوری کوشش کے وجود میں آئے جب سوشلزم شعوری کوششوں سے بالخصوص سوویت یونین اور چین میں لایا گیا۔ جب تاریخی اصولوں کو دریافت کر کے یہ جان لیا کہ فطرت میں "زندگی میں اور انسانی سماج میں تبدیلیاں کن اصولوں اور طریقوں سے آتی ہیں۔ تو یہاں پر انسان نے پہلی بار اقتصادی نظام میں دخل اندازی کی ایک کوشش کی کہ ان تمام معلومات کو استعمال کر کے اندازہ لگایا جائے کہ اگلے دور میں انسانی معاشیات اور سیاسیات کیا رخ اختیار کریں گی اور ان میں کوشش کر کے انہیں محروم طبقوں کے لیے کیسے مفید بنایا جاسکتا ہے۔ چنانچہ کارل مارکس اور فریڈرک اینجلز نے سوشلزم (جس میں ذرائع پیداوار کو ذاتی ملکیت میں نہیں لیا جاسکتا) اور کمیونزم (جو سوشلسٹ نظام کی انتہا ہے اور جس میں ہر شخص اپنی استطاعت کے مطابق کام کرتا ہے اور اسے اپنی ضرورت کے مطابق ملتا ہے ذاتی ملکیت وجود میں آنے کے بعد کمیونزم سے ملتا جلتا بھی کوئی نظام رائج نہیں ہو سکا ہے)۔ پر کام شروع کر دیا، ۱۹۱۷ء میں سوویت یونین میں پہلی بار سوشلسٹ انقلاب آیا اور 1948 میں چین میں سوشلسٹ انقلاب آیا۔ مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان دونوں کی نوعیت بدل گئی اور چین میں ماؤزے تنگ اور چو این لائی کے بعد ڈینگ زیاؤپنگ نے تبدیلیاں لا کر اسے چینی سوشلزم کا نام دیا۔ اور سوویت یونین کا نظام حکومت عالمی سامراجی سازشوں اور اندرونی تضادات کی بنیاد پر ۱۹۸۸ء میں ختم ہو گیا۔ برطانیہ کے صنعتی انقلاب (۱۸۰۰-۱۷۸۰)، فرانس کے سیاسی انقلاب ۱۷۹۹-۱۷۸۹) اور جرمنی کے فلسفیانہ انقلاب (۱۹۱۸-۱۸۳۱) نے وہاں کے عوام کے حالات اور طرز زندگی میں انقلاب برپا کیا۔ افسوس کہ وطن عزیز میں ہم ابھی تک فرسودہ جاگیر دارانہ، اقتصادی نظام میں جکڑے ہوئے ہیں۔ ریاست کے تمام ادارے اس نظام کو قائم رکھنے کی تگ و دو میں مصروف ہیں۔ آئین پاکستان، جو ٹیکس چوروں بجلی و دیگر ٹیلیفون بلز کے نادہندگان اور بینک قرضوں کو نہ لوٹانے والوں کو الیکشن لڑنے سے روکتا ہے، اسے پیہم نظر انداز کیا جاتا ہے۔ میڈیا اور بعض بے ضمیر مذہبی رہنما روشن خیالی اور حقیقت پسندی کی جگہ توہمات اور بے بنیاد خیالات کے فروغ میں مصروف ہیں۔ بنیادوں کو نظر انداز کر کے جزویات پر وقت ضائع کیا جارہا ہے۔ فرقہ پرستی

طبقہ پیداوار اور اسکے منافع کے بڑے حصے کو اپنے قبضے میں کر لیتا ہے۔ اس تاجر طبقے نے ذرائع پیداوار کو آپس میں تبدیل کرنے کی جگہ ایک نئی چیز شروع کی اور وہ تھی دھات کی شکل میں زر۔ دوسری جانب اس نے مفت کام لینے کی خاطر انسانوں کو غلام بنانے اور غلاموں کی خرید و فروخت کرنا شروع کیا۔ تیسری جانب اس نے زمین کی بھی خرید و فروخت شروع کی۔ چوتھی جانب اس نے قریب اور دور کے علاقوں میں نئی مارکیٹیں تلاش اور دریافت کرنا شروع کیں۔ دولت کا اجتماع اور ارتکاز کے ساتھ عام آدمی کی غریبی بڑھتی گئی۔ جینز (Gens) اور برادریوں کی اہمیت کم ہوتی گئی اور جغرافیائی ریاستوں اور ریاستی اداروں کی اہمیت بڑھتی گئی۔ ذرائع پیداوار کی تبدیلی نے انسانی سوچ، رہن سہن یہاں تک اخلاقی معیار پر بھی اثرات مرتب کیے۔ ریاست، غلامی، پولیس، فوج، ریاستی ادارے، قوانین، طبقاتی نظام یہاں تک کہ اخلاقی معیار بھی ذاتی ملکیت اور بالخصوص ذرائع پیداوار کی ذاتی ملکیت سے وجود میں آئے ہیں۔ حکمرانی اسی طبقے کی ہوتی ہے جس کے قبضے میں ذرائع پیداوار ہوتے ہیں اور قوانین اسی طبقے کے مفادات کے دفاع کے لیے بنتے ہیں۔

دورِ تمدن کے درمیانی حصے میں بڑی بڑی جاگیریں راجاؤں اور نوابوں نے ہتھیالیں ان جاگیرداروں سے feudelism وجود میں آیا۔ جاگیرداری نظام کے تین بنیادی ستون تھے یعنی ملوکیت نوابیت اور کلیسائیت۔ ان جاگیروں کی حفاظت کے لیے پولیس اور فوج کو ناکافی سمجھتے ہوئے مذہبی پادریوں کو بھی ملایا گیا۔ بکاؤ پادریوں نے خالق کی طرف ایسی باتیں منسوب کیں جن سے لگتا تھا کہ جاگیریں براہ راست خدا کی جانب سے ہیں۔ امیری اور غریبی قسمت کا کھیل ہے۔ ایک غریب کے لیے امیر بننے کی خواہش رکھنا اس کے گناہ گار ہونے کی دلیل بنتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ مذہب میں جزویات، توہمات اور فرقہ پرستی کو جتنا فروغ جاگیرداروں نے دیا اتنا کسی نے نہیں دیا۔

امیر شہر غریبوں کو لوٹ لیتا ہے
کبھی بہ حیلہء مذہب، کبھی بنام وطن

دورِ تمدن کے بالائی حصے میں مشینوں نے صنعتی انقلاب برپا کر دیا۔ جن کے نتیجے میں جاگیردارانہ نظام کو شکست دے کر سرمایہ دارانہ نظام آیا اور مغربی یورپ، امریکہ، جاپان اور مشرق بعید کے دیگر ممالک میں چھا گیا۔ مشینوں کی دریافت کے ساتھ ہی صنعتی شہروں میں کارکنان کی ضرورت ہوئی۔ چنانچہ ضرورت ہوئی کہ جن توہمات نے کسان کو زمیندار کے پاؤں سے باندھ رکھا تھا انہیں توڑ دیا جائے۔ جاگیرداروں کے نیچرل حلیف یعنی پادری کی طاقت کم کی جائے۔ ان ضروریات نے enlightment کے فقید المثال نظریے کو جنم دیا اور یورپ کے دانشوروں نے یہ مانا اور منوایا کہ اب سنی سنائی باتوں پر یقین کرنے کے بجائے انہیں پرکھیں گے اور جو صحیح ثابت ہوں گی انہیں تسلیم کریں گے اور جو غلط ثابت ہوں گی انہیں رد کر دیں گے۔ دوسری جانب کارکنوں کو آزادی دی گئی اور غلامی کے ادارے کو ختم کیا گیا۔ یہ ایک ایسا تاریخی قدم تھا جو پہلے ممکن نہ تھا کیونکہ پہلے رائج اقتصادی نظام (جاگیرداری) کی ضرورت غلام تھے۔ لیکن سرمایہ داری کی ضرورت غلاموں کو آزاد کر کے انہیں پرولتاری بنانا تھا۔ سرمایہ دارانہ نظام کا محنت کش (پرولتاری) جاگیردارانہ نظام کے محنت کش (کسان) کے مقابلے میں کچھ آزاد اور خوشحال تھا۔

اس کے پاس تھوڑی ذاتی ملکیت اور محدود آزادی تھی۔ کارکنوں کی کمی پورا کرنے کے لیے خواتین کو گھروں کے کاموں سے نکال کر انڈسٹری میں کام کرنے کی ترغیب دی گئی ۱۸۵۰ء میں امریکہ میں تین میں سے دو محنت کش کھیتوں میں کام کرتے تھے۔ آج چالیس میں سے صرف ایک محنت کش کھیتوں میں کام کرتا ہے۔ تعلیم سائنس ٹیکنالوجی اور قوانین کو فروغ دیا گیا۔ بورژوا طبقے نے مکمل طور پر دنیا کی باگ دوڑ سنبھال لی۔ ہوائی اور بحری جہازوں، ٹرین، بسوں اور ٹرکوں نے دور دراز کے علاقوں کو قریب کر کے کامرس اور ٹریڈنگ کے لیے دنیا کو ایک یونٹ بنا دیا۔ پیداوار اور پیداوری طاقتوں میں اتنی تیزی پیدا کی کہ سماجی تعلقات میں مسلسل تبدیلیاں رونما ہونے لگیں۔ بورژوا طبقے نے دیہاتوں کو شہروں کا دست نگر بنایا۔ جہالت، روایت پسندی، توہمات، مذہب میں جزویات اور فرقہ پرستی کے قدیم بتوں کو توڑ کر عالمی معاشرت اور سائنسی ترقی کی وہ بنیاد رکھی جس کا عشر عشیر بھی ماضی کے نظام نہیں دے سکے تھے۔ آج سائنسی معلومات ہر پانچ سال میں دگنی ہو جاتی ہیں۔ یعنی ابتدائے آفرینش سے آج تک انسان نے جتنا علم حاصل کیا ہے، ۲۰۱۹ء تک اتنا ہی علم اور حاصل کر لے گا۔ ٹیکنالوجی میں یہ رفتار اور بھی تیز ہے۔ ہر اٹھارہ مہینے میں کمپیوٹر کی پراسسنگ کی رفتار دگنی ہو جاتی ہے۔(5)

لیکن سرمایہ دارانہ نظام، جاگیردارانہ نظام کے مقابلے میں زیادہ ترقی یافتہ نظام ہونے کے باوجود جاگیردارانہ نظام کی طرح طبقاتی نظام ہوتا ہے۔ اس میں بورژوازی (ذرائع پیداوار کے مالک جو کارکن کی قوت محنت کو خریدتے ہیں اور قدر زائد پر مکمل حق جما لیتے ہیں) پرولتاری (محنت کی طاقت بیچنے والے کارکن) پر آمریت اور حاکمیت مسلط کرتے ہیں۔ ہر اقتصادی نظام کی طرح سرمایہ دارانہ نظام کا بھی ایک اپنا پوشیدہ آئین ہوتا ہے۔ جس طرح رحمدل جاگیردار اپنے مزارعوں سے نرمی برتنے کے باوجود اپنی زمینیں ان میں نہیں بانٹ سکتا اور ایک سود خور قرض خواہ اپنا قرض معاف نہیں کر سکتا، اسی طرح ایک بورژوا اپنی ملکیت میں لی ہوئی ذرائع پیداوار (کارخانے) اور اس سے حاصل ہونے والے قدر زائد پر کارکنان (پرولتاریہ) کے حق کو تسلیم نہیں کر سکتا۔ دراصل کثیر سرمایہ کسی شخص کی ذاتی محنت سے جمع نہیں ہو سکتا بلکہ دوسروں کی محنت کے استحصال سے ہی جمع ہو سکتا ہے۔ چنانچہ حضرت علی کا قول ہے کہ جہاں کہیں سرمائے کا ارتکاز دیکھو، سمجھ لو کہ کسی کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے(6)۔ اور لوقا باب ۱۸ میں درج ہے کہ اونٹ کا سوئی کے ناکے میں سے گزر جانا اس سے آسان ہے کہ کثیر دولت رکھنے والا خدا کی بادشاہت میں داخل ہو"(7)۔ اور یہ کہ "تم خدا اور دولت دونوں کی اکٹھے خدمت نہیں کر سکتے۔ چنانچہ ایسٹ انڈیا کمپنی نے ہندوستان اور چین میں تجارتی استحصال کی ساری حدیں پار کر لیں۔ یہاں تک کہ لارڈ رابرٹ کلائیو (جو ایسٹ انڈیا کمپنی کے ہندوستان پر قبضے کا ذمہ دار تھا اور جسے متعصب مغربی تاریخ دانوں نے فاتح ہند لکھا ہے) اور وارن ہیسٹنگز (ہندوستان کا پہلا گورنر جنرل ۱۷۷۳-۱۷۸۵) دونوں پر برطانوی پارلیمنٹ کو مقدمے چلانے پڑے۔ انگریز سوداگروں نے لاکھوں افریقی غلام امریکہ کے بازاروں میں فروخت کیے۔ اسپین، پرتگال اور ہالینڈ کی تجارتی کمپنیوں نے اپنے مقبوضات کو لوٹ کر سرمایہ اکٹھا کیا۔ امریکہ سفید فام آبادکاروں نے اصلی امریکی باشندوں کا جانوروں کی طرح شکار کیا اور ان کی زمینوں، چاندی، غلے اور لوہے کی کانوں پر زبردستی قبضہ کیا۔ اور انگریز تاجروں نے خریدے ہوئے سیاہ فام غلاموں سے بلا معاوضہ کام لیا۔

دوسروں کی محنت پر زندہ رہنا اور مزے کرنا صرف سرمایہ دارانہ نظام کا خاصہ نہیں بلکہ طبقاتی نظام کا خاصہ ہے جو ذاتی ملکیت سے جنم لیتا ہے۔ یہ استحصال پچھلے سماجوں میں بھی موجود تھا۔ البتہ اس کی شکل مختلف اور کم ترقی یافتہ تھی۔ مثلاً غلاموں کا استحصال کسانوں کے استحصال سے مختلف تھا۔ اسی طرح کسانوں کا استحصال مزدوروں کے استحصال سے مختلف ہے۔ مگر ہیں یہ سب استحصال ہی کی قسمیں۔ استحصال کرنے والے اور استحصال سہنے والے کے درمیان یہی وہ اصل اور بنیادی تفرقہ ہے جسے چھپانے کے لیے دیگر اختلافات کو بڑھا چڑھا کر بیان کیا جاتا ہے۔ وطن

کے تاریخ کو تین ادوار میں تقسیم کیا اور ہر دور کے تین حصے کیے۔ ان ادوار کو مارگن نے دورِ وحشت، دورِ بربریت اور دورِ تہذیب (دورِ تمدن) کا نام دیا۔ ان ادوار کو اس نے نچلے درمیانے اور اوپر کے حصوں میں تقسیم کیا۔ اس طرح نو ادوار بنے کہا جاتا ہے کہ جب (Hominid) تقریباً چالیس-سے ساٹھ لاکھ سال پہلے پچھلے پاؤں پر کھڑا ہوا تو اس کی ترقی کا اہم ترین قدم طے ہوا کیونکہ ہاتھ محنت اور فنکاری کے لیے آزاد ہو گئے۔ اس محنت اور فنکاری نے ایک طرف دماغ کی نشوونما تیز کی تو دوسری جانب ہاتھوں کو اور جلا بخشی۔ اینجلز نے کیا خوب لکھا ہے کہ ہاتھ محنت کا اوزار ہی نہیں، محنت کی پیداوار بھی ہیں " (4)۔ ہاتھوں کے استعمال کے ساتھ دماغ کے حجم، نیورونز کی تعداد اور ان کے درمیان کنکشنز میں بہت تیزی سے اضافہ ہوا۔

دورِ وحشت ۲۰ سے ۳۰ لاکھ سال پہلے شروع ہوا اور تقریباً پینتالیس ہزار سال پہلے ختم ہوا۔ دورِ وحشت کے نچلے دور میں انسان درختوں پر رہتا اور پھل کھاتا تھا۔ اس نچلے دور کی سب سے اہم بات یہ تھی کہ انسان نے بولنا سیکھا۔ اس دور کے انسان کا کوئی ریکارڈ دنیا کے کسی حصہ میں نہیں پایا گیا۔ دورِ وحشت کے درمیانے دور میں انسان نے آگ دریافت کی اور مچھلی پکا کر کھانا سیکھا اور تنیجتاً دریاؤں اور سمندر کے کنارے بس کر دنیا کے بڑے حصے میں پھیل گیا۔ یہ دورِ قدیم حجری یا Paleolithic دور تھا جس کا ثبوت دریاؤں اور سمندر کے کنارے ملنے والے کند پتھر کے اوزار ہیں۔ آسٹریلوی ایبورجینز اور پولی نیشنز جب دریافت ہوئے تو ان کی افزائش اور ترقی اسی دور میں رکی ہوئی تھی۔ دورِ وحشت کے بالائی حصے کا آغاز تیر اور کمان کی ایجاد سے ہوا۔ انسان نے گاؤں میں رہنا شروع کیا، لکڑی کی کشتیاں بنائیں، پتھر کے ہتھیاروں کو دھار دینا شروع کیا (اسی لیے اسے نیا حجری یا Neolithic دور بھی کہتے ہیں) مکان بنانا بھی اسی دور کی یادگار ہے۔ شمالی اور جنوبی امریکہ کے باسی، کولمبیا کی وادی کے قبائل اور ہڈسنز بے کے قبائل جب دریافت ہوئے تو اسی دور میں تھے۔

بربری عہد ۴۵ ہزار سال پہلے شروع ہوا اور ۴۰ ہزار سال تک جاری رہا۔ اس کا نچلا دور ۲۰ ہزار، درمیانی دور ۵ ہزار اور بالائی دور ۵ ہزار سال رہا۔ بربری عہد کا آغاز برتن بنانے سے ہوا۔ اس کے نچلے عہد میں ابتدائی زراعت اور درمیانی دور میں انسان نے جانور سدھانا ان کے دودھ اور گوشت کا استعمال سیکھا۔ بربری عہد کے درمیانے دور میں پتھر اور اینٹ کے مکان بننے شروع ہوئے۔ اسی درمیانی دور میں ایشیائی علاقوں میں آریہ سامی اور تورانی قبیلوں نے فروغ پایا۔ بربری دور کے بالائی حصے میں انسان نے لکھنا سیکھا اور حروفِ ابجد دریافت کیے۔ اور زراعت کو مزید فروغ دیا۔ بربری عہد کے بالائی دور میں لوہے کی دریافت نے زراعت کے اوزاروں اور شکار کے ہتھیاروں کو بہتر بنایا۔ دنیا نے پہلی بار سمندری جہاز اور فصیلوں میں گھرے شہر دیکھے۔

دورِ بربریت میں لوگ قبیلوں میں رہتے تھے۔ ایک قبیلہ دوسرے قبیلے سے محتاط رہتا تھا اور جنگ کی صورت میں فاتح قبیلہ مفتوح قبیلے کا قلع قمع کر دیتا تھا۔ ایک شخص کو بھی زندہ نہیں چھوڑا جاتا تھا کیوں کہ زندہ غلام کسی کام کا نہ تھا۔ ہر انسان اتنا ہی پیدا کر سکتا تھا جس پر وہ اور اس کے لواحقین زندہ رہ سکیں۔ دورِ تمدن کے آغاز میں محنت کی تقسیم کے باعث کارآمد کارکنوں کی ضرورت پیدا ہوئی تو جنگوں میں شکست کھانے والوں کو قتل کرنے کے بجائے غلام بنایا جانے لگا۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ سرزمین حجاز میں مفتوح قبیلے کو مکمل ختم کرنے کی رسم ساتویں صدی عیسوی میں بھی موجود تھی کیونکہ جنگ بدر میں پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللھم تھلک بذہ العصابتہ الیوم لا تعبد فی الارض یعنی اگر یہ میدان جنگ کے مسلمان ہلاک ہو گئے تو روئے زمین پر تیری عبادت نہ ہو گی (طبری جلد ۲ صفحہ ۱۴۹)۔ گویا کفار کا ارادہ میدان جنگ کے مسلمانوں کو قتل کر کے مدینے میں موجود بوڑھوں، بچوں، عورتوں اور بیمار مسلمانوں کو بھی قتل کرنے کا تھا۔ اس طرح جب فتح مکہ ہوئی تو سارے ساکنانِ مکہ خوفزدہ تھے کہ مسلمان ان کو تہ تیغ کر دیں گے۔ مگر پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ آلہ وسلم نے اس رسم کو ختم کرتے ہوئے سب کو معاف کر دیا۔ دورِ بربریت کے درمیان کی ابتداء تک ذاتی ملکیت اور ریاست نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ قبیلے جو کئی برادریوں یعنی Gens یا جینز (گنز) پر مشتمل تھے، موجود تھے۔ ان برادریوں میں رشتے ماؤں سے چلتے تھے۔ لیکن بربریت کے درمیانی دور میں زیادہ مویشیوں کی شکل میں انسان نے ذاتی ملکیت حاصل کی تو اس کو زیادہ جمع کرنے کی ہوس ہوئی اور آخر اس نے ذرائع پیداوار پر قبضہ کرنا شروع کیا مویشیوں کا تبادلہ بھی شروع ہوا۔ گویا مویشیوں سے زیادہ پیداوار کا کام لیا جانے لگا۔ بربریت کے آخری دور میں لوہے کی ایجاد نے جنگل صاف کر کے زراعت اور دستکاری اور ذاتی ملکیت اور تقسیم محنت کو مزید فروغ دیا۔ الگ الگ مال پیدا کرنے والوں میں تبادلہ اجناس بڑھتا گیا۔ شہروں اور دیہاتوں میں فرق پیدا ہوا۔ اس طرح تقسیم محنت کا بھی آغاز ہوا۔ امیر اور غریب طبقے کی بھی تقسیم ہوئی۔ اب ذاتی ملکیت کو بڑھانے کے لیے محنت کشوں کی ضرورت ہوئی تو غلاموں اور کارکنوں کی ضرورت بھی بڑھ گئی۔ مفتوح قبیلوں کے افراد کو قتل نہیں کیا جاتا تھا بلکہ غلام بنالیا جاتا تھا۔ اور جب یہ غلام زیادہ ہو جاتے تو ان کو بیچ بھی دیا جاتا تھا۔ گویا غلام بنالینا بھی پچھلے دور کے سارے قبیلے کو قتل کرنے کے مقابلے میں ترقی کی جانب ایک قدم تھا۔ غلامی کا ادارہ اپنے تمام تر گھناونے پن کے باوجود مفتوح قبیلے کے کارآمد افراد کے لیے زندگی کی ضمانت تھی۔ گویا غلام پیداواری عمل میں اضافے کی وجہ سے وجود میں آئے بھی اور ان کی وجہ سے پیداواری عمل کو فروغ بھی ملا۔ غلامی کا یہ ادارہ اس وقت تک جاری رہا جب تک سرمایہ دارانہ نظام اس قابل نہیں ہو گیا کہ جاگیرداری کے لیے کام کرنے والے غلاموں کو پرولتاری کارکن بنانے کے لیے آزاد نہ کر دیا جائے۔ چنانچہ ڈیڑھ سو سال قبل یکم جنوری ۱۸۶۳ میں ابراہام لنکن نے غلامی کو غیر قانونی قرار دے کر اس کا خاتمہ کر دیا اور اپنے اس قدم کو انیسویں صدی کا سب سے اہم قدم قرار دیا۔ انسان کی نئی دریافت شدہ ذاتی دولت اور غلاموں کی ضرورت نے آبادیوں کو اور بھی غیر محفوظ بنا دیا اور نتیجتاً فصیلوں سے گھرے شہر وجود میں آ گئے۔ حفاظت کے لیے فوج کا ادارہ وجود میں آیا۔ گن نظام جو دورِ وحشت کے درمیانے عہد سے شروع ہوا تھا، اب کمزور پڑنا شروع ہوا۔ اس کی جگہ موجودہ شکل کے خاندان، ریاست اور ریاستی اداروں نے لینی شروع کر دی۔ یہاں تک کہ دورِ بربریت کے خاتمے کے ساتھ گن کا نظام بھی ختم ہو گیا۔ اب تک عورتیں گھروں کے کام اور محدود باہر کے کام کرتی تھیں۔ مگر چونکہ املاک مشترکہ تھیں لہٰذا مرد کو ان پر بالادستی تھی بلکہ گن میں رشتے ناطے ماں سے چلتے تھے۔ ماموں زاد اور خالہ زاد رشتوں کی چاچا زاد اور پھوپھی زاد سے زیادہ اہمیت اور قربت تھی۔ محنت کی تقسیم اور ذاتی ملکیت سے براہ راست صرف مرد کو فائدہ ملا کیونکہ وہ محنت جو ذاتی ملکیت میں اضافہ کراتی تھی، مرد کے حصہ میں تھی۔ چنانچہ ملکیت بھی مرد کی قرار پائی اور عورت اس کے زیر دست آ گئی۔ گن کا نظام ختم ہونے سے خاندان کا نظام آ گیا اور بچے باپ کے نام سے پہچانے جانے لگے۔ نیز موروثیت بھی وجود میں آ گئی اور خصوصاً لڑکوں کا ورثہ لڑکیوں سے زیادہ قرار پایا۔ ذاتی ملکیت کے آغاز سے عورتوں کو جو معاشرے کے نچلے حصے میں دھکیلا گیا تو آج تک وہ اپنا مقام حاصل نہیں کر سکی ہیں۔

۵ ہزار سال پہلے دورِ تمدن کے آغاز میں ہی ریاست، بادشاہت، اسمبلی، خاندان، مرد کی بالادستی اور وراثت نے اپنے قدم جما لیے۔ اس کے ساتھ ہی ایک ایسا طبقہ وجود میں آیا جو جاگیردار، کسان، گلہ بان اور دست کار کے برخلاف عمل پیداوار میں کوئی حصہ نہیں لیتا اور محض پیداوار کا تبادلہ کرتا ہے۔ یہ تاجروں کا طبقہ ہے۔ یہ

اطلاع دی۔ پھر بھائی جان نے ہمت کر کے قریبی رشتہ داروں کو فون کرنے شروع کیے۔ کس طرح یہ الفاظ اپنی زبان ادا کر پائے کہ امی کا انتقال ہو گیا ہے"۔ یہ منظر دیکھنے کی ہمت میرے اندر نہیں کہ یاسر کو کس طرح بتاتے ہیں۔ میں نے یاسر کا فون نمبر اپنے موبائل فون سے ملایا اور موبائل اس طرح بھائی جان کے ہاتھ میں جلدی سے منتقل کر دیا جیسے جلتا ہوا انگارہ ہو۔ اور گویا بھائی جان کے ہاتھ تو fire proof ہیں! میں سنتا ضرور رہا لیکن، نہیں کہہ سکتا کہ بھائی جان نے کیا الفاظ استعمال کیے اور یاسر نے کیسے سنا اور کیا کہا، بے چینی لیکن واضح تھی کہ اگلے ہی دن قمر نے Sponsorship letter تیار کروا کر یاسر کو کوریئر سے بھیج دیئے۔ یاسر اور عروج سنگاپور سے ویزہ لے کر امی کے چہلم میں شرکت کرنے انگلینڈ پہنچ گئے۔ اب تو امی کو اٹھا کر تابوت میں لٹا کر اسٹینمور کی مسجد و امام بارگاہ میں جا رہے ہیں۔ اب امی کو غسل کے کمرے میں لے گئے ہیں۔ وہاں کے مہربان لوگ غم زدہ فیملی کی تسلی کے لیے مسلسل آگے پیچھے موجود ہیں۔ خود اولاد اور ان کی اولاد ایک دوسرے سے تعزیت اور دلاسے دے رہی ہیں۔ بچوں میں فاطمہ، امی کی گریجویٹ ڈاکٹر پوتی، ہر بڑے اور چھوٹے کے آس پاس گھوم پھر کر دلاسہ دیتی رہی۔ غسل اور کفن کے بعد امی کو ایک ہال میں لے آئے۔ لوگوں کے جانے کے بعد بھائی جان اور بتول، قمر، رضوانہ، اسماء، میں اور ہمارے بچے ہیں۔ عون بھی ہے۔ بتول نے امی کے پسندیدہ ونوحوں سے چند کا انتخاب کر کے دل فگار آواز میں پڑھنا شروع کیا۔ دل ہے کہ پھٹا جاتا ہے۔ 17 فروری صبح کے آغاز میں بھائی جان، بتول اور عون کو امی کے پاس چھوڑ کر ہم واپس گھر آئے۔ بھیا کے دل چیر دینے والے SMS پڑھے "کیسے ہو؟ کیا کہیں، کیا بتائیں اور کیا پوچھیں کہ کیسے ہو! لیکن اب ہم سب ہی ایک دوسرے کی طاقت و ہمت ہیں۔ بھیا کا فون آ گیا۔ نہ جانے کتنی بار کس کس کو پہلے بھی آ چکا تھا۔ رات جب امی غنودگی میں تھیں، تب بھی آیا تھا۔ امی بات کریں۔ کل بھی فون کیا تھا آپ نے بات نہ کی "بھیا، امی نے ہم سے بھی بات نہیں کی۔ بھیا، امی اب کسی سے بھی بات نہیں کر رہیں۔ بھیا، امی کے کمرے میں قمر نے مستقل روشنی کی ہوئی ہے۔ مگر بھیا لائٹ جل تو رہی ہے، لیکن کمرے میں اس قدر اندھیرا کیوں ہے؟ اس قدر اندھیرا!" 9 بجتے ہی چلمسفورڈ کے مسلمان قبرستان لان "G" کے پلاٹ 18 کا انتظام ہو گیا۔ امی کو قمر کے گھر لایا گیا۔ وہاں نماز جنازہ قمر کے گھر کا لان لوگوں سے بھر گیا۔ پھر تابوت گاڑی میں امی کو قبرستان لے گئے۔ چلمسفورڈ کی 17 فروری کی سرد سہ پہر جب ہم نے امی کو ان کی آخری آرام گاہ میں اتارا کس طرح یہ ہمت کی معلوم نہیں۔ یاسر سے مستقل موبائل کے ذریعے خاموش رابطہ تمام وقت جاری رہا۔ اور جب لوگوں نے میری آنکھوں کے سامنے مٹی ڈالنی شروع کر دی۔ کس طرح انہیں یہ کرنے دوں اور کس طرح انہیں روکوں؟ زمین گھومتی محسوس ہوئی۔ نیو کاسل سے آئے ہوئے دوست علی اصغر نے بروقت بازو ڈال کر سہارا دیا۔ اس ناقابل فراموش سرد دوپہر میں بتول کی آواز ذہن میں ایک بار پھر گونجتی معلوم ہوئی۔

"گرم ریتی پہ میں گرتا ہوں سنبھالو اماں!"

سید ظفر عباس
شب آخر کی خود کلامی

انسانی تاریخ کے بدلتے ادوار

سید رضی محمد

اس بکھری ہوئی کائنات میں پھیلے ہوئے مواد، توانائی اور زندگی میں عمل پذیر واقعات اور ان کے پیچھے تعلق کو سنجیدگی سے کھوج نکالنے میں انسان نے بہت لاپرواہی برتی۔ یونان کے فلسفیوں کے rationalism کو چھوڑ کر زیادہ تر زور عقیدوں پر رہا اور دنیا میں انسان کی حیثیت زیادہ تر ایک مقلد ہی کی رہی۔ لاکھوں سالوں پر پھیلی ہوئی انسانی تاریخ میں مادہ اور توانائی کے درمیان فطرت کے طے کردہ اصول حیرت انگیز طور پر انسان کی نظر سے اوجھل ہے۔ یہاں تک کہ قرآن مجید میں غور و فکر کرنے کی تلقین بھی سوائے چند استثناء کے زیادہ تر نظر انداز ہی کی جاتی رہی۔ اگرچہ ہر دور میں سوچنے سمجھنے والوں کی ایک قلیل اقلیت موجود رہی مگر پچھلے چند سو سالوں میں مفکروں نے بہت اہم نتائج اخذ کیے۔ خصوصاً پچھلی تین چار صدیوں میں تین مفکرین نے غور و فکر کر کے کائنات کے بظاہر انتشار اور بے ترتیبی میں ایک نظام تلاش کیا اور فطرت کے قوانین کو دریافت کرنے اور ان کی مدد سے مزید پیش رفت کرنے کا آغاز کیا۔ فزکس میں اسحاق نیوٹن، حیاتیات میں چارلس ڈارون اور تاریخ میں لیوس مارگن نے اصولوں کو دریافت کیا اور فہم انسانی میں انقلاب برپا کر دیا۔ ان تینوں نے پہلے اپنے اپنے میدانوں میں جتنی معلومات فراہم ہو سکیں کر لیں، پھر ان کا معروضی مطالعہ کیا پھر ان کے نتائج مرتب کیے اور آخر میں مشترکہ اور ہر بار ابھر کر آنے والے نتائج کو اصولوں کی شکل دے دی۔

پہلے اسحاق نیوٹن نے ۱۶۸۷ء میں اپنی کتاب طبعی فلسفے کے ریاضی اصول یا "Principles of Natural Philosophy" "Mathematical" شائع کی (1)۔ اس کتاب میں نیوٹن نے طبعیات کا پہلا اصول کششِ ثقل کی صورت میں اور پھر تین قوانین حرکت دریافت کر کے یہ ثابت کیا کہ اگر کائنات پر غور کیا جائے تو اس میں پھیلی ہوئی بے ترتیبی اور بے نظمی میں ایک ترتیب اور نظم و ضبط نظر آنے لگتا ہے۔ دو سو سال سے کم عرصے میں ۱۸۵۹ء میں انگریز سائنس دان چارلس ڈارون نے "On the Origin of Species" لکھی (2)۔ اور جانوروں اور پودوں کی حیثیت اور بناوٹ میں ایک ارتقائی کیفیت دریافت کر لی اور یہ ثابت کیا کہ مکمل پیدائش اور تبدیلی حیات میں بھی ترتیب اور ارتقائی نظم وضبط کا عنصر شامل ہے۔ لگ بھگ اسی زمانے میں امریکی تاریخ دان لیوس مارگن (Lewis Morgan) نے تاریخ کی بظاہر بے ترتیبی اور تبدیلی پر غور کرنا شروع کیا۔ اس کی سوچ کو بعد میں مارکس اور اینجلز نے آگے بڑھایا، لیوس مارگن نے تاریخ کے بغور مطالعہ اور تجزیے سے نتیجہ نکالا کہ تاریخ مستقل متحرک اور آگے کی طرف بڑھنے والی چیز ہے جو ایک دور سے دوسرے دور تک جانے میں ایک مخصوص وقت لگاتی ہے۔ معاشرے کے اندر موجود تضادات (جدلیت) معاشرے کو آگے کی طرف لے جاتے ہیں اور ان تضادات کا تعلق اس دور کے ذرائع پیداوار سے ہوتا ہے۔ ہر دور اپنے اقتصادی نظام کے مطابق ہی اپنے سیاسی اور معاشرتی نظام کی تشکیل کرتا ہے۔ جیسا کہ عام طور پر سمجھا جاتا ہے، ہیرو یا بہادر افراد نئے معاشرے اور نظام کو جنم نہیں دیتے بلکہ معاشرے کے بڑھتے ہوئے تضادات اور ضروریات کے نتیجے میں ایسے افراد پیدا ہوتے ہیں جو تبدیلی میں اپنے حصے کا کام کرتے ہیں اور معاشرے کو تیزی سے آگے کی طرف لے جاتے ہیں۔ انسان اور نظریات باہر سے آ کر معاشرے کو نہیں بدلتے بلکہ معاشرے میں موجود تضادات ہی کی وجہ سے معاشرے کو بدلنے کے لیے ضروری افراد اور نظریے جنم لیتے ہیں۔ کوئی انسان اپنے دور کی معاشرتی اور معاشی حقائق سے الگ ہو کر نہیں جی سکتا ہے۔ ایک انسان یا بہت سے لوگ مل کر معاشرے کی ترقی کو تیز یا آہستہ تو کر سکتے ہیں مگر تاریخ کے پہیے کو روکنا یا اسے الٹا چلانا کسی کے بس میں نہیں۔ مارگن کی مارکتہ الا آرا کتاب Ancient Society ۱۸۷۷ء میں شائع ہوئی (3)۔ مارگن نے تاریخ کے روایتی دور حجر (Stone age)، دورِ کانسی (Cooper age) اور دورِ آہن (Iron age) کو رد کر

ان دونوں سے کرنے کا کہہ دیا۔ وہ ایک فیصلہ کن انداز میں امی کے کمرے میں آئیں اور ان سے بھی امی نے یہی یقین دہانی کرائی وہ اس پر خوش تو ہوئیں مگر اب ایک اور پریشانی نے انہیں گھیر لیا۔ دادی ہم سب یہاں ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے عادی ہو گئے ہیں۔ آپ کو انگلینڈ میں بھی ہمارے ساتھ ہی رہنا ہو گا"۔ امی نے اس بات پر اتفاق کیا کہ واقعی ہم سب ایک دوسرے کے ساتھ میر پور خاص میں رہنے کے عادی ہو چکے ہیں، اور اس گول مول جواب پر بچیاں مطمئن ہو کر انگلینڈ واپس آنے پر راضی ہو گئیں۔ بھائی جان انہیں پہلے ہی سمجھا چکے تھے کہ وہ کسی بھی طرح پاکستان نہیں چھوڑ سکتے لیکن انگلینڈ آتے جاتے رہیں گے۔

صبح کے 4 بج چکے تھے۔ امی مکمل طور پر پُر سکون نیند میں نظر آ رہی تھیں۔ دل بے طرح چاہا کہ ان ان کی گود میں اسی طرح پاؤں پر سر رکھ کر لیٹ جاؤں جیسی عادت مجھے تھی۔ ہر اولاد سے ماں کا تعلق انوکھا اور منفرد ہی ہوتا ہے۔ اور اس کے مظاہر بھی مختلف ہی ہوتے ہیں۔ بھائی جان کا امی کے پیر ہر رات اصرار سے دبانے کا انداز چاہے ان میں درد ہو یا نہیں، "میں آپ کے لیے نہیں، میں تو اپنے لیے آپ کے پیر دباتا ہوں"۔ امی کا بھائی جان پر بھرپور اعتماد بھروسہ۔ بھیا پر یہ اعتماد کہ بھائی جان کی خصوصاً اور پورے خاندان کی عموماً دیکھ بھال اور معاملات پر نظر رکھنا۔ ان جیسا کوئی نہیں کر سکتا تھا۔ قمر کا گھر بھر کی دل جمعی کا تر و تازہ اور با آواز بلند سر و پا احساس یاسر کی فکریں اور اس کے "لا ابالی پن" کے باوجود اس کی اپنے دوستوں میں صاحب رائے و مشورہ ہونے پر فخریہ تعجب! بتول کی ہر طرح کی خداداد صلاحیتوں پر فخر اور خوشی اور اس کے مستقبل کی مستقل فکر۔ خصوصاً رباب کو اپنی جسمانی کمزوری کے باوجود محبت سے گود میں لینا۔ اس وقت ان کے چہرے کی خوشی دیکھنے سے تعلق رکھتی تھی۔ پھر اپنی ہر بہو کے بارے میں ان کا یہ اظہار اطمینان کہ اپنی اپنی جگہ ہر ایک خوب رول ادا کر رہی ہے۔ اور اپنے اکلوتے داماد کے بارے میں خدا کا مستقل شکر ادا کرنا کہ کس قدر نیک فطرت ہے۔ غرض اپنے خاندان میں ان کو جب کوئی چیز نظر آئی اس کا ذکر اچھا ہی کیا۔ "امی آپ کس قدر درگزر کرنے والی اور صرف اچھی باتوں ہی کو یاد کرنے والی خاتون ہیں۔ میری تمام تر غلطیاں در گزر کر دیں۔ اور اپنی ہر ہر عنایت کا شکریہ وصول کریں۔ میں آپ کا معمولی سا بھی حق ادا نہ کر سکا۔ پھر بھی آپ کی محبتیں بھرپور ہی رہیں"۔

میں شرک سے ڈرتا ہوں، مگر تیری کریمی
اور ماں کی محبت میں تسلسل کا سماں ہے

(ڈاکٹر رضی)

اب 5 بج رہے ہیں۔ امی بے حد پر سکون نظر آ رہی ہیں۔ میں ان کے سرہانے سے اٹھ کر نیچے گدے پر لیٹ گیا۔ ساڑھے پانچ بجے اسماء نے کمرے میں جھانکا تو اٹھ بیٹھا۔ خیالات کا سلسلہ ہے کہ رکنے کا نام نہیں لیتا۔ نماز پڑھی۔ رب کریم سے ماں کے حق میں دعائیں پھر مانگیں۔ پھر سرہانے بیٹھ کر مسلسل چہرے کی زیارت۔ "جی بھر کی دیکھ لو کہ زیارت کی رات ہے"۔ یا اللہ 6 بج رہے ہیں یہ کیا ہونے لگا ہے؟ یہ امی کی سانسیں اچانک یوں بے طرح کیوں ہو گئیں؟ یا الٰہی رحم۔ کیا وقت آخر آن پہنچا؟ میں نے دوڑ کر قمر اور بتول کے دروازے کھٹکھٹائے۔ "جلدی آؤ"۔ میری آواز سن کر اسماء جو پہلے ہی جاگ رہی تھیں وہ بھی کمرے سے نکل آئیں "یا اللہ خیر! کیا ہوا"؟ واپس امی کے پاس۔ کچھ بتانے کی ضرورت ہے مجھ کو، نہ کسی کو سننے کی۔ سب جانتے ہیں کیا ہو رہا ہے۔ "بھائی جان جلدی آجائیں"۔

سانس ہے کہ اکھڑتی معلوم ہو رہی ہے۔ امی! امی!" بتول اور دیگر کی بے تابانہ آوازیں۔ اسماء نے سورہ یٰسین آواز کے ساتھ تلاوت کرنا شروع کر دی۔ 10 منٹ، 15 منٹ، نہیں۔ ابھی نہیں۔ ابھی امی نہیں جا سکتیں۔ ابھی بھائی جان ہی کچھ نہ کچھ قرآنی تلاوت کر رہے ہیں۔ پھر بھائی جان بھی آ گئے۔ امی کے دائیں سرہانے بیٹھ گئے۔ امی آپ پریشان ہر گز نہ ہوں۔ انشاء اللہ سب کچھ آسان اور بہت اچھا ہو گا۔ بتول چہرے کے مقابل۔ قمر بے تابانہ کبھی ادھر کبھی ادھر۔ اسماء امی کے بالکل سامنے تلاوت میں مشغول۔ امی آپ خوش خوش جائیں، کسی سے ناراض ہو کر نہ جائیں۔ ہم سب کی چھوٹی بڑی خطائیں معاف کر کے جائیں۔ رضوانہ قریب کھڑی ہیں۔ میں نے ان خدمتوں کو یاد کیا جو رضوانہ نے امی کے آخر چند برسوں میں اولاد سے بڑھ کر کیں اور جن کا مجھ سے ہر ملاقات میں امی نے تفصیلی ذکر کیا۔ امی کا بایاں سرہانہ میں نے رضوانہ کے لیے خالی کر دیا اور مریم اور آمنہ کے پاس آ گیا جو امی کا ایک ایک پیر پکڑ کر جو قرآنی سورتیں انہیں یاد تھیں، پڑھ رہی تھیں۔ میں نے ایک بار امی کے دونوں تلوں سے اپنے بھیگے ہوئے رخسار خشک کئے۔ میری یہ جنت اب خود جنت کی طرف روانہ ہو رہی تھی۔ حمزہ اور عمار بھیگی ہوئی آنکھوں کے ساتھ امی کے قریب آ کر انہیں خدا حافظ کہنے لگے۔ ہانی اور ہادی کو قریب بلا کر وداع کرایا۔ بھائی جان گومگو میں نظر آئے تو میں نے مشورہ دیا کہ جس طرح بھی ہو نماز فجر پڑھو ادہیں۔ بھائی جان نے امی کو تیمم کرایا اور رقت آمیز آواز میں امی کو ان کی آخری نماز پڑھوائی۔ از کار نماز کی ادائیگی با آواز کی تھی، گویا صورِ قیامت تھا۔ امی کی آنکھیں کبھی کھلتی اور کبھی بند نظر آئیں۔ جیسے کسی کا انتظار ہو۔ یا کچھ لوگوں کو آتے دیکھا۔ کیا ڈیڈی آئے ہیں؟ لیکن اللہ کے تمام برگزیدہ بندے سنا ہے کہ وقت آخر نیک مومن و مومنات کے استقبال کو آتے ہیں۔ میں نے تمام زیارات اور دعائیں جو لکھی نظر آئیں، پڑھ ڈالیں۔ محمد و آل محمد صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے اللہ اپنی اس کنیزِ خاص کو بھرپور شان و شوکت سے اپنے پاس بلائے۔ 7 بج رہے تھے۔ بھابھی اور دیگر بچے بھی نہ جانے کس وقت آ چکے تھے فاطمہ، سیدہ ایلیا، عون اور سکینہ موجود تھے۔ چار اولادیں اور ان کے تمام بچے ان کو وداع کرنے موجود تھے۔

اک شمع کے گرد حلقہ کیے بیٹھے رہو یارو
کچھ روشنی باقی تو ہے، ہر چند کہ کم ہے

ساڑھے سات بج رہے ہیں۔ صاف نظر آ رہا ہے کہ اب جتنی بھی سانسیں باقی ہیں غنیمت ہے۔ نورانی ماتا بھرا چہرہ اب بھی مکمل طور پر پر سکون ہے۔ زندگی بھرپور گزارنے کا اطمینان۔ اپنی ذمہ داریاں اچھی طرح مکمل کرنے کا اطمینان۔ وقت آخر اچھا ہونے کا اطمینان۔ ساتھ لے جانے کے لیے آنے والوں کے ساتھ آخری سفر پر خوش خوش جانے کا اطمینان۔

اے موت آ ضرور، مگر احترام سے

امی آپ انشاء اللہ بہت اچھی جگہ جا رہی ہیں۔ تمام مراحل انشاء اللہ بہت اچھے ہو جائیں گے۔ آپ بہت اچھے لوگوں میں جا رہی ہیں۔ بھائی جان نے ایک بار پھر امی کے کم اور غالباً اپنے اور ہمارے اطمینان کے لیے زیادہ با آواز بلند خود کلامی کی۔

مگر پیچھے رہ جانے والے مضطرب قلوب! میرا امی سے 50 برس کا ساتھ اک نصف صدی کا قصہ ہے، دو چار برس کی بات نہیں۔ لیکن سیری نہیں ہوتی۔ کیسے ہو؟ دو چار برس ہی تو معلوم ہوتے ہیں۔ میری انگلیاں اب امی کی carotid پر پہنچ گئیں۔ دل کی دھڑکن مترشح ہو کر موجود۔ اب بھی strong، مگر پھر یہ کیا ہوا؟ اچانک ایسا لگا کہ انگلیوں کے نیچے سے شریان نکل گئی۔ گویا پیروں تلے زمین نکل گئی۔ بے تابی سے گردن ٹٹولی۔ بھائی جان کی طرف نظر اٹھ گئی۔ وہ بھی میری ہی جانب دیکھ رہے تھے۔ ہم دونوں نے سر ہلایا کہ الفاظ یہاں ممکن نہ تھے۔ مضبوط اور مطمئن لوگوں کی بے تابیاں ناقابل نہیں پہنچے۔ سب دید تھیں۔

"Death. The only certainty in life" اور قرآن فرماتا ہے۔ کُل نفس ذَائِقَۃُ المَوتِ (Every Soul Will Taste Death, Quran 3:185) بھیا۔ آپ کہاں ہیں۔ یاسر آجاؤ۔ ہم، قمر اور بھائی جان نے کچھ لوگوں کو SMS کر کے

تو کچھ اور ہی قسم کی دعاؤں کا وقت تھا۔ سب موجود لوگ یہ جانتے تھے لیکن گفتگو میں براہِ راست اس کا ذکر کرنے سے سب گریزاں۔ پھر بڑوں کے سونے کا وقت بھی آگیا۔ آدھی رات تو گزر ہی چکی تھی۔ بھائی جان کی فیملی کے بعد خود بھائی جان بھی پورے دن کی تھکن کم کرنے اور کمر سیدھی کرنے اس ہدایت کے ساتھ چلے گئے کہ کوئی بھی بات ہو ("کوئی بھی بات"؟) تو مجھے فوراً بلا لینا۔ قمر اور رضوانہ کو میں نے اپنے کمرے میں جا کر آرام کرنے کا کہہ دیا کہ وہ لوگ کئی دن اور رات مستقل امی کی خدمت میں موجود تھے۔ اسماء سے بھی کہا کہ آرام کرنے جائیں۔ پھر وہی بات ہوئی جو میرے آخری وقت تک میری پسندیدہ ترین نعمتوں میں سے ایک رہے گی اور جس کے لیے میں قدرت اور بتول کا احسانمند رہوں گا۔ میں تو امی کے کمرے ہی میں سوتا تھا جب قمر کے گھر آتا تھا۔ ہاں اگر بھائی جان یا بتول موجود ہوں اور ان میں سے کوئی وہاں سونا چاہے تو میں راستے میں نہیں آتا تھا۔ بھائی جان تو جا ہی چکے تھے۔ بتول سے میں نے پوچھا تو اس نے بڑی آسانی سے مجھے امی کی کمرے میں سونے کے لیے کہہ دیا۔ صبح ایک بجے تک ماں کے چہرے کی زیارت کرتا رہا۔ سانس نسبتاً تیز چل رہا تھا، لیکن چہرہ پر سکون ظاہر تھا نانی اماں کا چہرہ ایک بار پھر یاد آگیا۔ کچھ دیر بستر کے قریب فرش پر گدے پر لیٹ کر بہت کچھ سوچتا رہا۔ پھر اٹھ کر امی کے چہرے کے قریب بیٹھ کر انہیں مسلسل دیکھتا ہی رہا۔ کیا کیا خیالات نہ دل میں آئے۔ خود اپنی خود کلامی یاد آئی۔ "رات گزارنا مشکل ہے"۔

اے رات نہ ڈھلنا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2001ء کی گرمیوں میں جب ڈیڈی انگلینڈ آئے تو ہم سے کہہ دیا تھا کہ یہ ان کا انگلینڈ کا آخری سفر ہے۔ "اب اس کے بعد تمہاری امی اگر چاہیں تو آتی رہیں ہم اب نہیں آئیں گے"۔ وہ فیصلے کے اٹل ثابت ہوئے۔ 2002ء کی گرمیوں میں پاکستان گئے تو ان سے آخری ملاقات ہوئی 6 ستمبر 2002ء کو وہ امی اور بتول کو "خدا حافظ" کہہ کر آخری سفر کو روانہ ہوگئے۔ ان کی رفاقت امی کی قوت تھی۔ لیکن ان کے بعد بھی ساڑھے گیارہ سال امی نے اپنی فیملی کے لیے طاقت ہی بن کر گزارے۔ ان کے اعصاب قوی تھے۔ ہم نے 2004ء کی مارچ میں جب قمر اور فیملی کو ان کے حج سے واپسی پر ہیتھرو ایئرپورٹ پر ریسیو کر کے پاکستان واپسی کا سفر کیا تو تمام مقاصد میں سب سے زیادہ امی اور بتول کو ڈیڈی کے بعد کی تنہائی سے نکالنا یا بچانا تھا۔ یہ بات سمجھنے میں زیادہ دیر نہ لگی کہ جو سپورٹ ہمیں امی اور بتول کو ڈیڈی کے بعد کی تنہائی سے نکالنا یا بچانا تھا۔ یہ بات سمجھنے میں زیادہ دیر نہ لگی کہ جو سپورٹ ہمیں امی نے میر پور خاص منتقل ہونے پر مہیا کی وہ اس سے کہیں زیادہ تھی جو ہم انھیں دے سکتے تھے! ہمارے بحیثیت فیملی کے فیصلے پر بھائی جان نے بھی سمجھایا تھا کہ اچھی طرح سوچ سمجھ لیں۔ انگلینڈ میں پیدا ہوئی بچیاں پاکستان میں اور وہ بھی میر پور خاص کے ماحول میں! نہ تفریحی مواقع، اسکول کا معیار وغیرہ۔ رشتہ دار بھی تقریباً سب کراچی میں۔ لیکن ساڑھے سات سال جو ہم نے میر پور خاص میں امی کے ساتھ گزارے وہ زندگی کا بے حد قیمتی اثاثہ ثابت ہوئے بچیوں کی دادی کے ساتھ ٹریننگ، ہادی کا اپنی پیدائش کے فوراً بعد ہی "اماں" سے خصوصی تعلق قائم کر لینا۔ یہاں تک کہ بھائی جان اور بھیا سے بھی "اماں" کی قربت حاصل کرنے کے لیے اپنے ننھے سے وجود کے باوجود کھل کر مقابلہ کرتا تھا۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ کہاں سے اور کس طرح سب بچوں کی "دادی" "ہادی کے لیے شروع ہی سے "اماں" بن گئیں! اس بات کا انھیں ہمیشہ کی طرح بہت خیال رہا کہ ان کی وجہ سے ہم میں سے کسی کو کسی "زحمت" کا سامنا نہ کرنا پڑے یا ان کی وجہ سے ہم اپنی ترقی کا کوئی موقع کھو دیں۔

2009 کے موسم سرما میں ہم انگلینڈ سے چھٹیاں گزار کر واپس پاکستان آئے تو معلوم ہوا امی کو Ascites کی شکایت ہوگئی ہے۔ جو کچھ مراحل سے گزرنے کے بعد معلوم ہوا کہ Cancer Ovarain کی وجہ سے تھا۔ بھائی جان کے گھر میں امی کو دیکھا تو دھچکا سا لگا۔ بہت کمزور ہوگئی تھیں۔ لیکن انہوں نے ہمت نہ ہاری Chemotherapy کے تکلیف دہ مراحل سے گزار کر بھائی جان انہیں انگلینڈ لے گئے۔ وہاں قمر کی Speciality کینسر کے ماہر ڈاکٹروں سے قمر کے قریبی تعلق کا باعث تھی۔ وقت ضائع ہوئے بغیر قمر کی کوششوں سے فوراً ہی مزید chemo شروع ہوئی۔ امی کا اب بھی اصرار تھا کہ کیوں اس قدر وقت اور رقم ان پر استعمال کی جا رہی ہے۔ بھائی جان سمیت ہم سب کی منت سماجت کے بعد جب وہ chemo کے تکلیف دہ مراحل سے گزریں تو اللہ کے فضل سے chemo کے اچھے نتائج سامنے آئے۔ امی واپس میر پور خاص آگئیں۔ ہاسٹل میں مقیم میڈیکل اسٹوڈنٹس لڑکیاں، ملازمین اور بہت سے ملنے والے جوق در جوق ملنے آئے اور اپنی خوشیوں کا اظہار کرتے رہے۔ اکتوبر 2010ء کو بتول کی ڈاکٹر سید ہادی امام سے شادی میر پور خاص ہی میں اپنی نگرانی میں کروائی۔ بتول کی شادی سے اس کہاوت پر یقین تازہ ہوگیا کہ رشتے آسمانوں پر طے پاتے ہیں! امی کی خوشیاں دیکھنے والی تھیں۔ لیکن ان کے ظاہر نہ کرنے کے باوجود ڈیڈی کی کمی ان کی زندگی کے اس حصے میں واضح اور نمایاں تھی۔ وہ وقت قابلِ دید اور بیک وقت غم اندوہ اور خوش کن تھا جب بتول اپنے "ابو" کے گھر سے اپنی امی کے سامنے پیا دیس سدھار گئیں۔

صبح کے 3 بج چکے تھے۔ امی کی سانس میں کچھ تیزی آگئی۔ میں نے ان کو کروٹ بدلوائی۔ چمچے سے کچھ پانی ان کے منہ میں ڈالا اتنا کہ خشک منہ گیلا ہو جائے۔ ان کا سانس کچھ مخصوص طریقے سے بدلا جو میں نے اپنی میڈیسن کی پریکٹس میں کبھی پہلے نہ دیکھا تھا۔ بعد میں قمر سے ذکر کیا تو اس نے بتایا کہ ایسا کبھی کبھار دیکھنے میں آتا ہے قمر کی Speciality (Palliative Medicine) میں مریضوں کا آخری وقت دیکھنے کا تجربہ بہت عام ہے۔ کچھ دیر بعد امی کی سانس میں پھر ترتیب آگئی۔ لیکن سانس کی کچھ بے ترتیبی کے باوجود ان کے چہرے پر وہی سکون اور آرام کے آثار تھے۔ "ہم ٹھیک ہیں بیٹا۔ تم آرام کرو"۔ یہ ہمیشہ کے سنے الفاظ تھے جو لاشعور سے میری ذہن میں نمودار ہوگئے تھے۔ "نہیں امی۔ میں بالکل آرام سے ہی ہوں۔ بس آپ آرام سے سوتی رہیں۔ میں یہیں بیٹھا ہوں۔ امی مجھے معلوم ہے کہ میں آپ کی زیادہ اچھی اور قابلِ فخر اولاد ہوں لیکن آپ کے پاس بیٹھنا مجھے اچھا لگتا ہے۔ مجھے اپنے پاس ہی بیٹھے رہنے دیں"۔

ہمارے آرام ہی کی طرح ہماری سیفٹی بھی امی کو بے حد عزیز تھی۔ پاکستان کے بگڑتے ہوئے حالات کی آنچ جب میر پور خاص جیسے پر امن شہر میں بھی آنے لگی تو امی اور بھائی جان کا اصرار بڑھتا گیا کہ ہم سنجیدگی سے انگلینڈ واپس جانے کے بارے میں سوچیں۔ اور پھر جب ہمارے دور کے چند رشتے دار پاکستان میں اس بھیانک اور دل شکستہ حالت کی بھینٹ چڑھ گئے تو اس اصرار میں مزید شدت آگئی۔ "مگر امی آپ کو اور باقی سب کو یہاں چھوڑ کر ہم کیسے واپس چلے جائیں"؟ اس کے جواب میں آہستہ آہستہ امی نے بالآخر اس بات پر ہامی بھر لی کہ وہ سنجیدگی سے اس بارے میں سوچیں گی۔ پھر جب مجھے اپنے پچھلے اسپتال ہیکسم سے دوبارہ جاب کے لیے انٹرویو کی آفر آگئی تو میں امی کے کمرے میں گیا۔ "امی اب فیصلے کا وقت آگیا ہے۔ اگر آپ انگلینڈ اور وہاں رہنے پر تیار ہوں تو میں انٹرویو دینے جاؤں ورنہ جہاں آپ وہاں میں"! میرا آج بھی یہی خیال ہے کہ صرف مجھے پاکستان کے بگڑتے ہوئے حالت سے نکالنے کے لیے امی نے کہا کہ ہاں ہم بھی تمہارے پاس کچھ عرصے بعد ہی انگلینڈ آجائیں گے۔ وہ حالات جن میں اب بالواسطہ سے ہوتے ہوتے اب براہِ راست آمنے سامنے دھمکیاں ملنے لگی تھیں۔ یہ حالات کی ستم ظریفی اور ہماری بد قسمتی ہے جبکہ جس جگہ بے شمار اور بے تحاشہ محبت کرنے والے دوست احباب ہر طرف ہوں، اسی جگہ چند عاقبت نا اندیش اور ملک و قوم کے بدخواہ، طبیب اور اساتذہ تک کی جانوں کے درپے ہوگئے ہیں اور اپنی ان حرکتوں کے باوجود ملک بھر میں آزادانہ دندناتے پھرتے ہیں۔ جن اداروں کی ذمہ داری میں ملک اور قوم کی سلامتی ہے، وہ ایک دوسرے پر الزامات ڈال کر بری الذمہ ہو جاتے ہیں۔ مریم اور آمنہ بھی ہمارے تمام حالات اور خیالات کے ساتھ ساتھ اس پروگرام سے بھی اپنے کم عمری کے باوجود مکمل طور پر باخبر بھی تھیں اور صاحب رائے بھی تھیں۔ جب انہوں نے اس بات پر بے اطمینانی ظاہر کی کہ بڑے ڈیڈی (رضی بھائی) اور دادی کو یہاں چھوڑ کر ہم کیسے واپس چلے جائیں تو میں نے ان سے یہ ہی بات

اے رات نہ ڈھلنا کہ اجڑ جائے گی۔۔۔۔۔۔

مسز رضیہ علی محمد کے ایامِ آخری پر ان کے بیٹے ڈاکٹر سید ظفر عباس کی ایک پر سوز تحریر

"گرم ریتی پہ میں گرتا ہوں سنبھالو اماں"

بتول کی مرتعش اور گلوگیر آواز میں امی کا یہ پسندیدہ نوحہ رات کے خاموش لمحات میں مضطرب دلوں کو چیرے ڈال رہا تھا۔

15 فروری 2014ء کی صبح ہم، میکسم کی حدود سے نکل کر چیلمسفورڈ کی جانب A1 (M) پر اس رفتار سے سفر کر رہے تھے جو بیک وقت تیز بھی تھی اور آہستہ بھی۔ امی گزشتہ تقریباً 5 برسوں سے کینسر جیسے موذی مرض سے انتہائی بہادری کے ساتھ مقابلہ کر رہی تھیں۔ ان پانچ برسوں میں کئی نشیب و فراز آئے۔ کئی پریشان کن مراحل آئے۔ میری قابل فخر فیملی ہر طرح سے ان میں امی کو سپورٹ مہیا کرتی رہی۔ لیکن ہم سب سے زیادہ خود ہماری خاطر یہ امی کی ذات تھی جو ہر طرح کی تکلیفوں کو برداشت کرتے ہوئے بار بار پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان سفر کرتے ہوئے مختلف طرح کے معالجوں سے مختلف انداز کے مشکل علاج کرانے پر ہماری، خصوصاً بھائی جان کی استدعا قبول کر لیتی تھیں۔ لیکن گزشتہ تقریباً دس دنوں سے ان کے جسم نے، جو زندگی کی صعوبتوں سے گزرتے ہوئے اب بے تحاشہ ٹوٹ پھوٹ سے گزر چکا تھا، مزید بوجھ اٹھانے سے انکار کرنا شروع کر دیا تھا۔

A1 (M) پر دوڑتی بھاگتی گاڑیوں کے درمیان نظریں کچھ اور ہی مناظر دیکھنے لگیں۔ صبح سویرے بغیر الارم کے اٹھ کر نماز اور دعاؤں سے فارغ ہو کر نہ جانے کون سی دعائیں پڑھ کر دم کرتے ہوئے مجھے جگانا۔ زندگی کے ہر مرحلے پر خصوصاً نصابی امتحانوں میں طرح طرح سے ہمت دلانا۔ عید الفطر کی سوئیوں کا خاص ذائقہ بقر عید کے دن کا ناشتہ، عید زہراء کے شاہی ٹکڑے، محرم کی مجالس کا اہتمام، شب برات میں چراغوں اور موم بتیوں سے گھر میں چراغاں امی کی مستقل یادوں میں سے ہیں۔ ان کا زندگی کو انجوائے کرنا، خالہ جان اور ماموں جان کی فیملی کے ساتھ ہمارا لاہور سے پاک پتن کا روڈ کا سفر، ان کا ڈیڈی کے ساتھ اور پھر بعد میں بھی ہمارے اور دیگر بھائیوں اور بہن کے ساتھ حج، عمرہ اور زیارات کے سفر اور پھر انگلینڈ میں ان کی ڈیڈی کے ساتھ سالانہ آمد۔ لندن اور دیگر علاقوں کی ہمارے ساتھ سیر۔ ہمارا بھی یہ طریقہ تھا کہ جب بھی کسی نئی جگہ جاب ملتی وہاں کی سیر اسی وقت کرتے جب اس کی اگلی گرمیوں میں امی اور ڈیڈی آتے۔ امی کا مجالس اور محفل میلاد کا سننے اور خود خطاب کرنے کا شوق۔ ان میں حاضری۔ میرپور خاص سے کراچی آتے جاتے اور پھر یہاں انگلینڈ میں ہونے والے روڈ کے سفر میں کار میں کیسٹس اور سی ڈی پر مختلف علماء، ذاکرین اور نوحہ خوانوں کو سننے کا شوق۔ ہمارے گھر میں گزشتہ چند سالوں میں وہ جب بھی ہمارے گھر میں آئیں اور میں ہسپتال اور بچے اسکول جاتے تو اسماء سے فرمائش کر کے اسمارٹ ٹی وی پر یوٹیوب کے ذریعے اپنے پسندیدہ علماء کی مجالس سننا۔ ان کا غرباء کی امداد کا رجحان۔ ڈیڈی کے انتقال کے بعد کئی دھوکے بازی کے ذریعے بھی طالب امداد ہوئے۔ امی کیونکہ لوگوں میں خاصہ آنا جانا رکھتی تھی ان کے پاس صحیح مستحق افراد کو پہچاننے کا اپنا ایک طریقہ تھا جس کو وہ خوب استعمال کرتی تھیں۔ گزشتہ کچھ برسوں میں جب ان کو علاج کے سلسلے میں پہلے کراچی اور بعد میں انگلینڈ اکثر رہنا پڑا تو بھیا (تقی صاحب) اور اسماء ان کو فون کر کے ہدایت لیا کرتے تھے۔ ان کی ایک اور ہمیشہ یاد رہنے والی عادت ان کا ذوق مطالعہ تھا۔ میرپور خاص کے گھر میں خصوصی طور پر بنوائی ہوئی الماریاں اور شیلفس ان کی خریدی اور پڑھی ہوئی کتابوں سے بھری ہوئی ہیں۔ قرآن مجید کے تراجم و تفاسیر، احادیث مبارک کی کتب، تاریخ، ناول، ڈائجسٹ، سوانح عمری، رسائل، میگزین، اخبار غرض ہر طرح کی قابلِ مطالعہ اشیاء ان کے پاس وافر مقدار و تعداد میں موجود رہتے تھے۔

امی کی شکل ان کی بہنوں سے خاصی مشابہت رکھتی تھی۔ عجیب بات تھی کہ مختلف اوقات میں وہ کبھی ایک اور کبھی دوسری بہن سے زیادہ ملتی جلتی لگتی تھیں۔ اپنے آخری چند برسوں میں البتہ ان میں نانی اماں کی بہت زیادہ مشابہت آ گئی تھی۔ امی کے انتقال کے اگلے دن اپنے کزن فرح (کرنل علمدار رضا) سے فون پر بات ہوئی تو وہ بھی امی میں اپنی والدہ کی مشابہت کا ذکر کر رہے تھے۔

امی سے ان کے آخری چار ماہ میں کھل کر دو مرتبہ ملاقاتیں ہوئیں۔ ایک مرتبہ جب وہ نومبر 2013ء میں ایک ماہ سے کچھ اوپر ہمارے ساتھ رہنے، ہیکسم آئیں۔ میرے اور میری فیملی کے لیے وہ ناقابل فراموش سرمایہ ہے۔ ذاتی طور پر مجھے ایک قابلِ قدر موقع اس وقت ملا جب 26-25 جنوری 2014ء کے ویک اینڈ میں امی سے ملنے قمر کے گھر چیلمسفورڈ گیا۔ اس سے چند ہی روز قبل امی کو بڑا موذی قسم کا انفیکشن ہوا تھا جس سے وہ صحت یاب تو ہو گئی تھیں لیکن ان دنوں آن کال ہونے کے سبب میں چونکہ ان سے ملنے نہ جا سکا تھا اس لیے ان کو دیکھنے کی بے چینی تھی۔ وہ ڈیڑھ دن میں نے تقریباً مستقل امی کے ساتھ گزارے۔ بہت پرانی اور کچھ نئی باتیں ہوتی رہیں۔ ڈیڈی، پھوا، چچا جان، آنٹی (ہماری چھوٹی پھوپھی جن کا امی سے کچھ روز قبل انتقال ہو گیا) کی صحت کی فکر مندی، ماموں جان اور خالہ اپنی اور پھر بینا باجی اور ان کی بڑی بیٹی زین کی ہونے والی شادی وغیرہ۔ اس بات پر انہوں نے بار بار خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا کہ محبت محمد و آل محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) خود انہوں نے اپنی زندگی میں اپنی 5 نسلوں میں پھلتی پھولتی دیکھ لی۔

ع پانچویں پشت ہے شبیرؑ کی مداحی میں

بالآخر ساڑھے پانچ گھنٹے کی ڈرائیو کے بعد ہم قمر کے گھر پہنچ گئے۔ سیدھے اوپر کی منزل میں امی کے کمرے میں پہنچے۔ بھائی جان اور قمر کے اترے ہوئے چہرے دیکھے اور پھر جب امی کو دیکھا تو دل ڈوبتا محسوس ہوا۔ ایک دو مرتبہ آنکھیں ضرور کھولیں لیکن کسی بات کا جواب ملانہ ایسا لگا کہ کسی کو بھی پہچان رہی ہوں۔ کچھ دیر بعد بڑی بھابی آئی تو ان کے سلام کرنے پر ایسا لگا جیسے پہچان اور سمجھ کر جواباً سر ہلایا۔ بعد میں بھائی جان نے بتایا کی ان کی بیٹی ایلیا جس کی پچھلے ہی ہفتے شادی امی کے سامنے ہوئی تھی، ملنے آئی تو اس کے سلام کے جواب میں مسکرا کے آنکھیں کھول کے دعا دی "خوش رہو"۔ ایک دادی کا دنیا چھوڑتے ہوئے پوتی کو شادی کا نہایت قیمتی تحفہ۔ پھر معلوم ہوا کہ صبح ہی سے طبیعت ایسی ہے۔ بتول اور ہادی بھی رباب سمیت راستے میں ہیں کہ بھائی جان نے انہیں فون کر کے آنے کے لیے کہہ دیا تھا۔ پھر بتول بھی آ گئیں۔ بچے مستقل کمرے میں آتے جاتے رہے۔ یہاں تک کہ سونے کا وقت ہو گیا۔ بچے سلام کر کے جاتے رہے اور امی مستقل غنودگی ہی میں رہیں۔ آخر میں امی کا سب سے چھوٹا پوتا اور میرا بیٹا ہادی آیا اور خدا حافظ کہہ کر چہرے پر چہرہ رکھ دیا۔ امی نے آنکھیں کھولیں۔ مسکرا کر اس کے گلے میں بازو ڈال کر اس کے رخسار پر پیار کیا۔ بس پورے دن میں یہ دوسرا وقت تھا جب امی نے ہوش و حواس کے ساتھ کوئی کام کیا۔ میری بہت پہلے سے ہی یہ پختہ رائے ہے کہ یوں تو ہم سب ہی کا امی سے الگ الگ مخصوص تعلق تھا، لیکن چار لوگ امی کی زندگی میں حد سے زیادہ اہمیت رکھتے تھے۔ ڈیڈی، بھائی جان، بتول اور ہادی۔ شاید یہ آخری واقعہ اس بات کا سرٹیفکیٹ تھا۔

شام کے بعد رات آ گئی۔ رضوانہ نے سب کو کچھ نہ کچھ کھانا کھلا ہی دیا۔ امی کی کیفیت سب کے سامنے تھی۔ امی کے کمرے میں اس وقت ہم 7-6 ڈاکٹر موجود تھے۔ لیکن سچ پوچھیں تو صرف ایک ماں تھی اور اس کے بچے۔ ہاں کچھ باتیں اضطراب میں "ڈاکٹرانہ" بھی نکل جاتی تھیں۔ میں نے گویا اپنے اسپتال کے ایک مریض کے رشتہ دار کو خود سے پوچھتے پایا " Doctor! how long do we have"؟ اور خود کو جواب دیتے سنا "Most people in this situation will not be alive next day" یہ سنتے ہی دل بری طرح دھڑکا۔ لیکن وقت کا ظالم ہاتھ سب کچھ اپنے ہی پاس رکھنے پر مصر تھا۔ نہ دوا دیتے کچھ بنتی تھی، نہ زندگی کی دعا دینے میں کچھ اثر معلوم ہو رہا تھا۔ اب

ڈاکٹر سید رضی محمد کی کتاب

"سرد لہو کے دیس میں" کی افتتاحی تقریب کے موقع پر پڑھا گیا مضمون

مسز رضیہ علی محمد

سب سے پہلے تو میں "سرد لہو کے دیس میں" کے اجراء پر محمد میڈیکل کالج کے اسٹوڈینٹس اور میرپور خاص کے لوگوں کو مبارکباد پیش کرنا چاہوں گی۔ میرے پیارے بیٹے ڈاکٹر سید رضی محمد کی کتاب "سرد لہو کے دیس میں" اور کالج میگزین "مسیحا" پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جہاں انتہائی فخر محسوس ہو رہا ہے وہیں بے انتہا مسرت بھی ہو رہی ہے۔ فخر اس لیے کہ شاید ہی کسی اور ماں کو اپنے ہی بیٹے کی کتاب کی رونمائی اور اور اس پر لکھنے کا موقعہ ملا ہو۔ اور مسرت اس بات پر کہ دنیا کی ہر ماں کا اپنی اولاد کی کامیابیوں پر خوش ہونا بالکل فطری بات ہے۔ صاحب کتاب سے واقفیت دنیا بھر میں سب سے زیادہ میری ہے۔ اگر اسے یوں کہا جائے کہ میں انہیں اس وقت سے جانتی ہوں جب یہ اپنے آپ کو بھی نہیں جانتے تھے۔ اس لیے جب ان کی کتاب میرے ہاتھوں میں آئی تو بے ساختہ خیال آیا کہ بات کرنی بھی نہ آئی تھی تمھیں۔ یہ ہمارے سامنے کی بات ہے۔ ایک وہ زمانہ تھا جب مجھے انتہائی حسرت ہوتی تھی کہ کب یہ اس قابل ہو گا کہ کچھ میری سُنے اور کچھ اپنی سنائے اور اللہ کے فضل و کرم سے اب وہ وقت آچکا ہے کہ وہی ننھا سا بچہ دنیا کو اپنی سوچ اور اپنے خیالات سے آگاہ کر رہا ہے۔ رضی نے اپنے بچپن کی بالکل صحیح تصویر کھینچی ہے یہ کہہ کر کہ

بھیجتی شمع بکھرے کاغذ بے ترتیبی کپڑوں کی
ہم نے اپنے کمرے کا بھی اپنا سا انجام کیا

یہ تو ان کے لڑکپن اور بچپن کی بات تھی۔ مجھے بھی دیکھنا پڑتا تھا کہ یہ کس حال میں ہیں۔ آج اللہ نے انہیں اس قابل کیا ہے کہ وہ شعر اور ادب کو سنبھال رہے ہیں ویسے تو یہ آپس کی بات ہے۔ سنا ہے، پتہ نہیں کہاں تک سچ ہے کہ بڑے بڑے ادیبوں کے کمروں کا بھی یہ ہی حال ہوتا ہے۔ میں رضی کی حرکات، سکنات، افکار و گفتار اور کردار سے واقف ہوں۔ ان کا کوئی لمحہ ایسا نہیں ہے جو میری نظروں سے اوجھل ہو۔ ان کی جو کتاب سامنے آئی ہے اس میں اپنے رشتوں سے محبت کا اظہار اور اپنے وطن کی تڑپ اور اسے اقوام عالم میں سربلند دیکھنے کا اظہار بھی ہے!

یہ میری قوم ہے مجمع نہیں ہے
یہ ارضِ پاک ہے جنگل نہیں ہے

اس شعر پر جتنا بھی غور کریں اتنے ہی معانی کھلتے جاتے ہیں اپنے لوگوں اور اپنے ملک کی محبت کی انتہائی گہرائی سمجھ میں آتی ہے۔ 2005 میں شمالی علاقوں میں آنے والے زلزلے کو اس دردمند شاعر نے جس قدر گہرائی سے سمجھا ہے وہ اس نظم کو پڑھ کر ہی سمجھ میں آتا ہے یہ نظم "کس کا خون کس کلاس روم میں ہے" کے عنوان سے انھوں نے لکھی ہے۔ اس نظم سے لگتا ہے کہ حادثے کے وقت شاعر خود وہیں موجود تھا۔

ننھی لاشوں کے ہاتھوں میں اب بھی
اپنے ہی خوں سے لال بستے ہیں

اس شعر میں اتنا درد ہے کہ ہر پڑھنے والے کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ آج کے زمانے میں ہمارے ملک پر جو دہشت اور خوف کا عالم ہے ہر طرف شورش و بدامنی میں گھرا ہوا ہے اس کو شاعر نے کس طرح محسوس کیا ہے۔ یہ بتانے کے لیے ان کا شعر

خوف کے مارے، آنگن پر بھی چھت تعمیر کرالی ہے
سورج، چاند، ہوا اور بارش، سب کچھ مجھ سے چھوٹا سائیں

اس شعر میں کتنی حسرتیں اور محرومیاں چھپی ہوئی ہیں وہ وہی محسوس کر سکتے ہیں جو ایسے حالات سے گزر چکے ہیں۔ شاعر کی یہ سوچ کتنے ہی ہم وطنوں کے دل کی پکار ہے۔ ان ساری بے چینیوں اور عالم ابتری میں بھی شاعر کو اپنے معبود پر کتنا مان اور بھروسہ ہے وہ جابجا نظر آتا ہے۔

مجھے عدم سے تعلق نہیں کہ میرا وجود
نمود ذات سے پہلے بھی رب کے دھیان میں تھا
نکل چکا تھا میں جب حلقہ اطاعت سے
میں اس گھڑی بھی ترے حلقہء امان میں تھا

رضی شاعر ہیں مگر بے عملی کے بالکل قائل نہیں ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہر شخص اپنی بساط کے مطابق اپنے وطن کی ترقی، خوشحالی اور نیک نامی میں اپنا حصہ ڈالے۔ جو کچھ اس کے ذہن میں ہے وہ حاصل کرنے کی جدوجہد کرے۔

میں شاعر ہوں مگر بس، خواب ہی دیکھا نہیں کرتا
جفاکش بھی ہوں، اپنے خواب کو تعبیر کرتا ہوں

اپنے رب پر بھروسہ ڈاکٹر رضی کو مایوس ہونے نہیں دیتا۔ ان سارے اندھیروں کے باوجود وہ پر اُمید ہیں۔

جھوٹ تو جھوٹ ہے
سچ کے آگے کہاں تک ٹھہر پائے گا
چند لمحوں میں یہ رات کٹ جائے گی
چند لمحوں میں سورج نکل آئے گا
دنیا دیکھے گی جھوٹوں کے انجام کو
سچ کے پیغام کو
چند لمحوں میں نقشہ بدل جائے گا

ان سچی باتوں کو سامنے رکھ کر رضی نے کالج کی بنیاد ڈالی۔ ہزار مشکلات کے باوجود ہزار رکاوٹوں کے باوجود، اپنے پرایوں کی حوصلہ شکنی کے باوجود رضی نے اس کالج کو کھڑا کر کے ہی دم لیا۔ آپ سب کی مہربانیوں سے ملک کے اچھے نامور اساتذہ محمد میڈیکل کالج میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ یہاں کے طلباو طالبات محمد میڈیکل کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد پورے پاکستان میں انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں۔ وہ اسلام آباد ہو، لاہور، راولپنڈی، سیالکوٹ، حیدرآباد یا کراچی ہو، ان شہروں میں ہمارے لیے کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں۔ یہاں تک کہ UK اور امریکہ میں بھی ہمارے طلباء وطالبات کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں۔

مسز رضیہ علی محمد
چیئرپرسن محمد فاؤنڈیشن ٹرسٹ

حمد

درونِ ذات کہیں ڈھونڈتا ہوں میں تجھ کو
جہاں تلاش کروں دیکھتا ہوں میں تجھ کو
دل و دماغ پہ آنکھوں میں نور تیرا ہے
میں اے خدا جہاں دیکھوں ظہور تیرا ہے
تیرے کلام سے یہ صبح میری روشن ہے
تیرے ہی نام سے جاری یہ دل کی دھڑکن ہے
یہ رنگ و روپ یہ پھولوں میں تازگی تیری
چمک رہی ہے جو تاروں میں روشنی تیری
ترے خیال سے کیا ہے کوئی جو عاری ہے
کہ ہر زبان پہ تیرا ہی ذکر جاری ہے
ترے کرم کا میں ادراک کیا کروں کیسے
شمار کیا کروں منہا بھلا کروں کیسے
چمن چمن میں یہاں رنگوں کے ڈیرے ہیں
ہر ایک ذات میں للہ رنگ تیرے ہیں
تُو ہی حیات کا مالک وُجود تیرے ہیں
مرے قیام بھی تیرے سُجود تیرے ہیں
درونِ دل کہیں بجتے یہ ساز تیرے ہیں
چھپے ہیں جو کہیں اندر وہ راز تیرے ہیں
تری پناہ میں آکر حیات ملتی ہے
نہیں جو ماں میں کسی بھی وہ بات ملتی ہے
کسے ملا ہوں نجانے کہاں چلا ہوں میں
نہ جستجو ہے کسی کی بھٹک رہا ہوں میں
سفر کٹھن ہے میرا دور ہے مری منزل
مگر ہے آسرا تیرا تو کچھ نہیں مشکل
کبھی جو خود کو اکیلا سمجھ کے گھبرایا
میں خوش نصیب فقط آسرا ترا پایا
مرے خدا تُو مجھے اذنِ آگہی دیدے
جسے میں مانگ نہ پاؤں مجھے وہی دیدے
میں دو جہان میں کرتا رہوں ثنا تیری
کہ اس گمان میں مضمر ہے اب بقا میری
ترے حبیبؐ کے قدموں کی دھول ہو جاؤں
کہ بس خدا میں غلامِ رسول ہو جاؤں
حبیب میں کہاں یہ رب دو جہاں تُو ہے
جہانِ عظمت و توقیر میں عیاں تُو ہے

ڈاکٹر حبیب الرحمان چوہان

نعت رسول مقبولؐ

لکھیں گے کیسے شان یہ شایانِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
جب ہے مرا خدا بھی ثناخوانِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
قدموں سے آپ کے جو منوّر ہے عرش پاک
کتنی ہے سربلند یہ پہچان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
بھٹکے ہوئے جہان سے باطل فنا ہوا
جلوہ قدم قدم پہ ہے فیضانِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
رسوا تھی دربدر تھی یہ انسانیت کہیں
رستے پہ لے کے آ گیا قرآنِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
سب پاش پاش ہوگئے دنیا کے بتکدے
بگڑوں نے راہ لی در دامان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
میں اہل بیت کے جنت کو جائیں گے
اُٹھیں گے مر کے جب یہ غلامانِ مصطفی صلی اللہ وسلم
یہ روپ یہ نکھار یہ خوشبو بھری ہوا
دنیا میں ہے حبیب جو، احسانِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم

ڈاکٹر حبیب الرحمان چوہان

شان حضرت سیدہ فاطمہ الزہرہؑ

کیا لکھوں ہے کیا مقام فاطمہ زہرہ بتولؑ
خالق و مخلوق کے مابین ہے پردہ بتولؑ
ہے نبوت اور امامت کا بھی دروازہ بتولؑ
از ازل تا با ابد کونین کی ملکہ بتولؑ
پرورش ہوتی ہے بالآخر جہاں حسنینؑ کی
عظمتوں کی انتہا پر ہے وہ ماں حسنینؑ کی
عظمتوں کی رفعتوں کی جو علم پردار ہے
عالمیں کی عورتوں کی بی بیؑ جو سردار ہے
پر تو ے علم نبوتؐ جس کا ہر کردار ہے
جس کے در کا دیکھ کہ جبریلؑ پہریدار ہے
حالتِ اُمت سے ہے نالاں وہ بیچاری بتولؑ
قبر میں بھی بے سکوں ہے درد کی ماری بتولؑ

حاصلِ مطالعہ عذرا پروین

منقبت

ظلمت کدوں کو نور سے روشن بنائے گا
شبیر کا لہو ہے یہ رستہ دکھائے گا
مظلومیت کا ہے فقط اتنا سا فلسفہ
باطل جہاں اُٹھا وہاں شبیر پائے گا
خونِ رسول ہے یہ جگر گوشۂ بتول
سن لے یہ ہر یزید کہ کربل سجائے گا
عشقِ حسین ہی تو خدا کا ہے راستہ
جو آشنا ہوا وہی جنت میں جائے گا
جس اہتمام میں مِرا شبیر گر نہ ہو
خالق تو وہ جہاں بھلا کیسے بنائے گا
سوز و غمِ حسین ہی زادِ حیات ہے
جس میں ہو یہ حبیب وہ مومن کہائے گا

ڈاکٹر حبیب الرحمان چوہان

مضامین	مصنف	صفحہ نمبر
حمد	ڈاکٹر حبیب الرحمٰن	01
نعت	ڈاکٹر حبیب الرحمٰن	01
منقبت	ڈاکٹر حبیب الرحمٰن	01
شان حضرت سیدہ فاطمہ الزہرہؑ	غذرا پروین	01
ڈاکٹر سید رضی محمد کی کتاب	مسز رضیہ علی محمد	02
اے رات نہ ڈھلنا کے اجڑ جائے گی	ڈاکٹر سید ظفر عباس	03
انسانی تاریخ کے بدلتے ادوار	ڈاکٹر سید رضی محمد	06
طالب خدا		10
سوئم کی رات	ڈاکٹر جاوید راجپوت	11
پیش لفظ	ڈاکٹر جاوید راجپوت	11
آغوش کے پھول	پروفیسر عقیل الرحمٰن راجپوت	12
مرغ مسلم	ڈاکٹر جاوید راجپوت	14
اقوال زریں	حافظ عبیر الیاس	14
ذلت	حافظ ریاض قدیر مان	14
پرچہ سیاست	ارتضی احمد	15
میں پاکستانی ہوں	زاہد اقبال	16
شکاری عورت	حافظ محمد یوسف	16
ایک دن آپریشن تھیٹر میں	محمد مزمل جاوید	17
پتھر کی دنیا	اظہر علی شاہ	18
اقوال زریں		19
چند اہم سوالات	حافظ محمد یوسف	20
سنہری گڑیا	انعم اشرف	20
طوفان میں دستک (افسانہ)	حافظ محمد یوسف	21
ڈاکٹر سید رضی محمد میری نظر میں	ڈاکٹر عقیل الرحمٰن راجپوت	21
ماں	خالد جمال	22
کیا وہ پاگل تھا؟	محمد شہزاد اکرم	23
ڈائیر محبوبہ	محمد شہزاد اکرم	23
حضرت علی المرتضیٰ علی السلام	محمد صادق دریشک	24
طالب خدا	میاں فیض رسول	24
اسپرین (فارماکالوجی)	سید گل بادشاہ	24
بوگس بل بنوایا ہے	حافظ محمد یوسف	25
راجڑ صاحب کے نام	محمد زاہد سرفراز	25
غزل	افسر خان	25
غزل	زاہد فخری اینڈ انتخاب سمعیہ	25
اسٹوڈینٹ غزل	علی رضا	25
غزل	حافظ قادر حسین	25
خام خیالی	عابد اسلم	25
غزل	احمد خان عباسی	26
غزل	فیضان عباسی	26
غزل	ارتضی احمد خاکی	26
غزل	رانا جمشید اقبال	26
تلاش خدا		26
غزل	رانا ابتسام	26
غزل	صائم نعمان	27
بڑی دیر ہوگئی	خالد نواز راجپوت	27
غزل	سمعیہ مقصود	27
میں اور صحت	موثر نوید	27
غزل	محمد مزمل جاوید	27
بچپن کی یادیں	محمد ارسلان حیدر	27

IBN-E-SINA UNIVERSITY

MUHAMMAD MEDICAL & DENTAL COLLEGE

سلور جوبلی ایڈیشن

مسیحا

ابنِ سینا یونیورسٹی میرپور خاص کے طلباء کا میگزین

ایچ ای سی سے ریکگنائز کردہ میرپور خاص ڈویژن کی پہلی یونیورسٹی





میرپور خاص کے لوگوں کے نام انتساب (جو کبھی یہاں رہ چکے ہیں)